خالد ہندی جنتری 2014

ہندی یعنی نریانہ نجومی سسٹم پر پاکستان کی پہلی اور واحد جنتری

www.khalidrathore.com

الحمدللہ سال بھر کی تمام تر روحانی، عملیاتی اور نجومی ضرورتوں کو پورا کرنے والی جامع جنتری

دیکھیں صفحہ نمبر 181 تا 198

14 صفحات پر مشتمل انعامی نمبروں کا کتابچہ ہمراہ جنتری

اگربتیاں

عمومی عملیاتی مقاصد کے لیے ادارے نے خصوصی اگر بتیاں تیار کی ہیں۔ بازار میں دستیاب اگربتیوں میں عملیاتی مقاصد اور احتیاطوں کو دھیان میں نہیں رکھا جاتا۔ جبکہ یہ اگربتیاں عملیاتی اور روحانی مقاصد سے متعلق خوشبویات کے ملاپ سے تیار کی گئی ہیں۔

قرعہ رمل

قرعہ رمل اُن افراد کے لیے لازمی حیثیت رکھتا ہے جو رمل کا کام کرتے ہیں یا علم رمل کو سیکھنا چاہتے ہیں۔ تین دھاتوں تانبا، پیتل اور سلور کے قرعہ رمل ادارے کے پاس دستیاب ہیں۔ وہ جو چاندی کا قرعہ بنوانا چاہیں وہ بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

قدیم و نایاب کتب

عربی، فارسی، انگریزی اور اُردو کی وہ کتب جو گزرتے زمانے کے ساتھ دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کی پہنچ سے دور ہو چکی ہیں۔ ادارہ نے اِن کو کتب کو علم کے شائقین کو مہیا کرنے کا بندوبست کیا ہے۔ اس حوالے سے کم و بیش پانچ سو (500) کے قریب متفرق قدیمی علمی و فنی کتب دستیاب ہیں۔ خواہشمند مکمل فہرست کے لیے جوابی لفافہ ارسال کریں۔ کتب کی فہرست ہماری ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔

www.khalidrathor.com

لوح سبعہ کواکب

زائچہ میں سات کواکب بشمول قمر، شمس، عطارد، زہرہ، مریخ، مشتری اور زحل زیادہ اہم اور موثر مانے جاتے ہیں۔ وہ جو عموماً مسائل کا شکار رہتے ہیں یا اِن کے زائچہ میں کئی ایک کواکب کمزور حالت میں ہوتے ہیں یا زائچہ طاقت و قوت سے خالی ہوتا ہے اِن کے زائچہ کو طاقت دینے کے لیے خاص ترین اوقات میں یہ لوح تیار کی جاتی ہے یہ لوح تیار کرنے کے لیے سب کواکب کا باسعد ہونا لازم ہوتا ہے۔ سو اس حساب کو سمجھنا اور کرنا ہر ایک کے بس کی بات نہیں۔ آپ بھی زائچہ کو قوت دینے کے لیے اس سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

عطریات

خوشبو کا استعمال سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہونے کے باعث ہر مسلمان کے لیے قابل پیروی ہے۔ تاہم اس حوالے سے جدید پرفیوم سپرے جو الکحل کے ملاپ سے بنتے ہیں کی بجائے عطریات کا استعمال کرنا مناسب ہے۔ اس کے علاوہ عملیاتی حوالے سے الکحل سے پاک عطریات کی ضرورت ہوتی ہے۔ سو آپ سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پوری کرنا چاہتے ہیں یا عملیاتی حوالے سے عطریات استعمال کرنا چاہتے ہیں تو ادارہ سے درج ذیل عطریات حاصل کر سکتے ہیں۔

شائستہ خالد راٹھور
پبلشر و چیف ایڈیٹر

ایم اے ہسٹری
خالد اسحٰق راٹھور

عبدالباسط راٹھور
اسسٹنٹ ایڈیٹر
0346 4387683

عبدالحی راٹھور
ایڈیٹر
0346 4387682

ناظر راٹھور
اسسٹنٹ ایڈیٹر

زاہد اسحاق راٹھور
انچارج کمپوزنگ اینڈ ڈیزائننگ

ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

خالد روحانی جنتری

خالد ہندی جنتری

Far-Zoq فرزوق

دفتری اوقات دوپہر 3 تا شام 6 بجے تک
خالد اسحٰق راٹھور سے ملاقات دوپہر 4 تا شام 6 بجے تک
تعطیل اتوار و دیگر حکومتی اعلانات کے مطابق

فون
(042)36293245
0300-8442060
0321-4753240
(042) 36374864
0300-4783518

Bank draft
A/c # 1713-92,
Khalid Ishaq Rathore, Habib Bank Limited, Allama Iqbal Road, Lahore, Pakistan

On line account
A/c # 05570017139203,
Khalid Ishaq Rathore, Habib Bank Limited, Allama Iqbal Road, Lahore, Pakistan

Easy Pasia
Abdul Hai Rathore
Account # 03464387682

خالد ہندی جنتری -/250 روپے
فی شمارہ راہنمائے عملیات: 60 روپے
12 شمارے: -/700 روپے بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک
بیرون ملک: 55 ڈالر (زر سالانہ)

خالد اسحٰق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر گڑھی شاہو لاہور

شائستہ خالد راٹھور
الامین ٹریڈرز لاہور
شمارہ 8

فہرست مضامین

کیلنڈر برائے 2014ء

جنوری

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
			1	2	3	4
5	6	7	8	9	10	11
12	13	14	15	16	17	18
19	20	21	22	23	24	25
26	27	28	29	30	31	

فروری

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
						1
2	3	4	5	6	7	8
9	10	11	12	13	14	15
16	17	18	19	20	21	22
23	24	25	26	27	28	

مارچ

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
30	31					1
2	3	4	5	6	7	8
9	10	11	12	13	14	15
16	17	18	19	20	21	22
23	24	25	26	27	28	29

اپریل

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
		1	2	3	4	5
6	7	8	9	10	11	12
13	14	15	16	17	18	19
20	21	22	23	24	25	26
27	28	29	30			

مئی

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
				1	2	3
4	5	6	7	8	9	10
11	12	13	14	15	16	17
18	19	20	21	22	23	24
25	26	27	28	29	30	31

جون

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
1	2	3	4	5	6	7
8	9	10	11	12	13	14
15	16	17	18	19	20	21
22	23	24	25	26	27	28
29	30					

جولائی

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
		1	2	3	4	5
6	7	8	9	10	11	12
13	14	15	16	17	18	19
20	21	22	23	24	25	26
27	28	29	30	31		

اگست

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
31					1	2
3	4	5	6	7	8	9
10	11	12	13	14	15	16
17	18	19	20	21	22	23
24	25	26	27	28	29	30

ستمبر

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
	1	2	3	4	5	6
7	8	9	10	11	12	13
14	15	16	17	18	19	20
21	22	23	24	25	26	27
28	29	30				

اکتوبر

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
			1	2	3	4
5	6	7	8	9	10	11
12	13	14	15	16	17	18
19	20	21	22	23	24	25
26	27	28	29	30	31	

نومبر

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
30						1
2	3	4	5	6	7	8
9	10	11	12	13	14	15
16	17	18	19	20	21	22
23	24	25	26	27	28	29

دسمبر

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
	1	2	3	4	5	6
7	8	9	10	11	12	13
14	15	16	17	18	19	20
21	22	23	24	25	26	27
28	29	30	31			

حصہ اول، دوم

کتابی کورس علم عملیات

آپ بھی مستند پیر اور ماہر عامل بن سکتے ہیں

ابتداء سے انتہا تک مسلسل روحانی تعلق کے ساتھ علم عملیات کی مکمل راہنمائی اس کورس کا راہنما اصول ہے

تعویذ و نقش تحریر کرنے سے لے کر طلاسم والواح' بندش سے لے کر تسخیر موکلات' حاضرات اور جنات' حروف صوامت سے لے کر حروف نورانی' شادی سے لے کر اولاد' غربت سے لے کر دولت و امارت' ازدواجی مسائل سے لے کر خاندانی مسائل' بندش سے لے کر کشادگی' مادی علم سے لے کر روحانیات' یعنی کسی بھی انسان کو زندگی میں جن جن مسائل کا سامنا ہو سکتا ہے یا عملیات روحانیات کے حصول کے حوالے سے جو اس کی طلب ہو سکتی ہے کوشش کی گئی ہے کہ اپنے طویل تجربہ کی روشنی میں طلباء کو تیاری اعمال سے لے کر عملی زندگی میں ان کے استعمال تک مکمل اور جامع راہنمائی کی جائے۔

پیش لفظ

سب سے پہلے شکر ادا کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کا جس نے مجھے اتنی کامیابیاں اور خوشیاں عطا کی ہیں اور اس کے بعد اپنے والد محترم جناب ''خالد اسحاق راٹھور'' کا جنہوں نے مجھے اس قابل بنایا کہ میں علوم مخفی کے میدان میں کچھ کر سکوں انہوں نے مجھے میدان علوم مخفی کی دو مستند ترین جنتریوں ''خالد روحانی جنتری اور خالد ہندی جنتری'' کی ذمہ داری سونپی اور میں اس ذمہ داری کو بھرپور طریقے سے نبھانے کی کوشش جاری رکھوں گا' اس کی ایک جھلک آپ خالد ہندی جنتری میں دیکھ سکتے ہیں۔ سال رواں کی خالد ہندی جنتری میں قارئین کی جانب سے ملنے والے مشوروں اور اُن کی عملیاتی اور نجومی ضرورتوں کو مدنظر رکھ کر پچھلے سال کی گئی تبدیلیوں کو مزید بہتر بنانے کی کوشش کی گئی ہے اور کئی ایک فنی معلومات کا اضافہ بھی کیا گیا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خالد ہندی جنتری کو مزید بہتر بنانے کی کاوش جاری رہے گی۔ اس حوالے سے یہ بات اہم ہے کہ خالد روحانی جنتری میں تمام تر فنی امور اور ناموں وغیرہ کو یونانی حساب سے تحریر کیا جاتا ہے۔ تاہم خالد ہندی جنتری میں کچھ اصلاحات کو مکمل ہندی مطابقت میں لانے میں کچھ قارئین کی آرا مختلف ہے۔ بعض کا خیال ہے کہ حساب بلاشبہ ہندی ہی ہونا چاہیے' تاہم فنی امور اور نام ہندی نجوم سے نہ ہوں بلکہ یونانی نجوم کے استعمال کریں۔ اس حوالے سے آپ کی آراء حتمی فیصلہ کرنے میں معاون ہوگی۔ جو بھی آپ کا خیال ہے اس کو ضرور ہم تک پہنچائیں تاکہ سال 2015 کی خالد ہندی جنتری بالکل اسی طرز پر ہو۔

اس کے بعد ان لوگوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے خالد ہندی جنتری 2014 کی تیاری میں میرا کسی بھی طرح ساتھ دیا، مضمون ارسال کیے یا اپنے مشورے یا نجومی و عملیاتی ضرورتوں کے تناظر میں خالد ہندی جنتری میں ترمیم و اضافے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس امر کی تمنا بہرحال ضرور ہے کہ قارئین اور لکھاری حضرات اپنا زیادہ سے زیادہ علمی اور فنی سرمایہ عام کریں، اس مقصد کے لیے راہنمائے عملیات، خالد روحانی جنتری، خالد ہندی جنتری اور فرزدوق کے صفحات آپ کے لیے حاضر ہیں۔

میں تمام ساتھیوں، راہنمائے عملیات، خالد روحانی جنتری، خالد ہندی جنتری اور فرزدوق کے تمام قارئین کے لیے دعا گو اور شکر گزار بھی ہوں کہ آپ کا تعاون حاصل رہا۔ اللہ ہم سب کے لیے بہتری فرمائے۔

ایڈیٹر

عبدالحی راٹھور

جہد مسلسل

شروع کرتا ہوں رب جلیل کے نام سے جو بڑا مہربان اور کریم ہے۔ جب یہ الفاظ تحریر کرنے بیٹھا تو ماضی ایک مجسم شکل میں میرے سامنے آن کھڑا ہوا۔ علوم مخفی کے حوالے سے زندگی میں پیش آنے والے حالات و واقعات کو بیان کرنا چاہوں تو اس کے لیے ایک الگ کتاب کی ضرورت ہوگی۔ تاہم مختصر الفاظ میں تحریر کروں تو کچھ یوں ہے کہ 1975ء میں بسلسلہ تعلیم مجھے تربیلہ ڈیم سے اپنے آبائی شہر لاہور منتقل ہونا پڑا۔ کالج ہوسٹل میں قیام کے دوران ہپناٹزم کے علم سے متعارف ہوا۔ گو اس سے قبل روحانی حوالے سے ایک تعلق علوم مخفی سے تھا۔ تاہم ہپناٹزم نے کچھ ایسا اثر چھوڑا کہ حقیقی معنوں میں مخفی علوم کا باب کھلتا چلا گیا اور یوں یہ روشنی آئندہ دنوں میں میری روح اور جسم کا حصہ بن گئی۔ آج ایک طویل عرصہ گزرنے اور منزل بہ منزل سفر کرنے کے بعد اللہ کے فضل سے جس مقام پر کھڑا ہوں، اللہ کا ہزاروں لاکھوں بار شکر ادا کروں تو تب بھی ناکافی ہوگا۔

☆ 1975ء میں علوم مخفی سے ابتدائی تعارف ہوا۔

☆ 85-1984ء سے مختلف رسائل و جرائد میں لکھنا شروع کیا اور یہ سلسلہ اب تک جاری ہے۔

☆ 1989ء میں علم دست شناسی پر کورس تشکیل دیا۔

☆ 1991ء میں علوم مخفی کی ترویج و اشاعت کے لئے ''خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز'' کی بنیاد رکھی اور نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، ساعت اور عملیات پر اسباق تحریر کر کے علوم مخفی کی تعلیم و تربیت کا باقاعدہ آغاز کیا۔

☆ 1993ء میں اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے ''راٹھور پبلشرز'' کے تحت میری پہلی کتاب خزینہ اعداد شائع ہوئی۔ اس کتاب کے بعد اب تک متعدد کتب شائع ہو چکی ہیں اور کئی ایک اشاعت کے مختلف مراحل میں ہیں۔ اور یوں ان کتب کی تعداد دن بدن بڑھتا جا رہی ہے۔

☆ علوم مخفی سے تعلق اور ہر لمحہ اس خواہش نے کہ اپنے علم میں مسلسل اضافہ کیا جائے، مجھے کمپیوٹر کے شعبہ کی طرف آنے پر مجبور کیا اور 1994ء میں پاکستان کی تاریخ میں پہلی دفعہ علوم مخفی کا کمپیوٹر پروگرام تیار کر کے مارکیٹ میں پیش کیا۔ بالیقین یہ اللہ کی طرف سے دی گئی وہ کامیابی تھی جو اس سے پہلے کسی بھی پاکستانی کے حصے میں نہ آئی۔

☆ زندگی کے سفر میں ایک سنگ میل مارچ 1998ء کا بھی آتا ہے۔ یہ وہ وقت ہے جب اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے ماہنامہ ''راہنمائے عملیات'' کا اجراء کیا گیا۔ ماہنامہ ''راہنمائے عملیات'' اللہ کے فضل سے ہر ماہ باقاعدگی سے شائع ہوتا ہے۔ علوم مخفی سے تعلق رکھنے والے ہر عامل سے لے کر ایک عام آدمی بھی ''راہنمائے عملیات'' کو پڑھ کر روحانی راہنمائی حاصل کر سکتا ہے۔

☆ 1998ء میں ہی ''خالد روحانی جنتری'' کا اجراء کیا گیا اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ اس وقت سے مسلسل ہر سال باقاعدگی سے شائع ہو رہی ہے۔ اس کے لئے اتنا کہنا ہی کافی ہے کہ اگر آپ ''خالد روحانی جنتری'' خریدتے یا پڑھتے ہیں تو پھر آپ کو کسی دوسری تقویم یا جنتری کو خریدنے اور پڑھنے کی ضرورت نہیں رہے گی۔

☆ 2001 میں اشاعت کتب کے حوالے سے ایک اور سرفرازی جو میرے حصے میں آئی وہ یہ ہے کہ علوم مخفی کی قدیم عربی کتب کا اردو ترجمہ

شائع کرنا شروع کیا۔ قدیم عربی اور فارسی کتب کے ترجمہ اور اشاعت کا کام ہنوز جاری ہے۔ کئی عربی، فارسی اور انگریزی کتب کا ترجمہ کیا جا چکا ہے۔

☆ الحمد للہ! اللہ کے فضل و کرم سے مخفی علوم کے اس سفر کا ایک اور سنگ میل اکتوبر 2005 میں علوم مخفی پر انگریزی سہ ماہی جریدہ "Far-zoq" کی صورت میں سامنے آیا۔ اس جریدہ کا آغاز پاکستان اور دنیا بھر کے علوم مخفی کے شائقین کو پاکستان میں علوم مخفی پر ہونے والے کام اور قدیم مسلمان ماہرینِ علوم مخفی کے کیے ہوئے کاموں سے آگاہ کرنے کا عظیم مشن بھی لیے ہوئے ہے۔

☆ سال 2006 اس لحاظ سے خصوصی اہمیت کا حامل ہے کہ اس میں پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ہندی نجوم کے ماہرین کی ضرورت کو پورا کرتے ہوئے "خالد ہندی جنتری" شائع کی گئی۔ اس سے قبل ہندی نجوم کے ماہرین کو انڈیا سے آنے والی روایتی جنتریوں کا انتظار کرنا پڑتا تھا، تاہم "خالد ہندی جنتری" کی اشاعت سے پاکستان کے ہندی نجوم کے شائقین کو ایسی جنتری دستیاب ہو گئی ہے جو تمام تر یانہ (ہندی) حسابات پاکستان کے وقت اور ضروریات کے مطابق لیے ہوئے ہے۔

☆ سال 2008 فنی حوالے سے ایسی کامیابیاں لے کر آیا جن پر اللہ کا جتنا بھی شکر ادا کیا جائے کم ہوگا۔ اس سال کئی نئی کتب کی اشاعت کے ساتھ دو ایسی تحقیقی دستاویزات تیار اور شائع کیں جن کے مقابلے میں پاکستان میں کسی بھی قدیم و جدید ادارے نے سوچا بھی نہ تھا۔ خاص طور پر "راٹھور تسویۃ البیوت" ایک ایسی دستاویزی کتاب ہے جو علم نجوم سے تعلق رکھنے والوں کے لیے ایک جز لازم کی حیثیت رکھتی ہے۔ اسی طرح ایک اور خاص دستاویزی کتاب "راٹھور 50 سالہ تقویم 2001 تا 2050" ہے جو ہر ماہر نجوم کے لیے ایک انتہائی ضرورت اور اہمیت کی حامل ہے۔

☆ سال 2009 میں مزید ایک قدم آگے بڑھاتے ہوئے دیگر کتب کے علاوہ "راٹھور 60 سالہ تقویم 2000 تا 2060" شائع کی گئی ہے۔ یہ دونوں تقویمیں یونانی حساب سے قومی زبان "اردو" میں شائع کی گئی ہیں۔ ہندی حساب سے تقویم شائع کرنے کی بھی تیاری ہے اور جلد ہی ہندی حساب سے بھی علم نجوم کے ماہرین اور طلباء کے لیے ادارہ کی شائع کردہ تقویم دستیاب ہوگی۔

علوم مخفی کے ساتھ اس طویل سفر کی کہانی کا اختتام بالیقین زندگی کے اختتام تک جاری رہے گا، ان شاء اللہ۔ تاہم آج میں اس منزل پر پہنچ کر یہ سوچ رہا ہوں کہ اگر اللہ عزوجل نے مجھے علوم مخفی میں مہارت سے نوازا ہے تو ان علوم کے فوائد ہر خاص و عام تک پہنچانا میرا فرض ہے۔ میرے علم، تجربے، نجومی، روحانی اور عملیاتی مہارت سے فائدہ اُٹھانا ہر خاص و عام کا حق ہے۔ اس حوالے سے ایک تعارفی پمفلٹ تیار کیا گیا ہے، ادارہ جو خدمات آپ کے لئے انجام دے رہا ہے اُن کے بارے میں جامع معلومات اس پمفلٹ میں فراہم کی گئی ہیں۔ اگر آپ محسوس کریں کہ آپ کو کسی بات کی وضاحت درکار ہے تو بلا توقف خط یا ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

آپ ہماری ویب سائٹ پر بھی تازہ ترین معلومات اور بہت سی دیگر تفصیلات جو پمفلٹ میں موجود ہیں دیکھ سکتے ہیں۔ اس ویب سائٹ کو آپ انتہائی جامع پائیں گے اور ادارے کی مختلف قسم کی الواح، نقوش، انگوٹھیوں، مختلف قسم کے زائچہ جات، عطریات، اصل پتھر و جواہرات، علوم مخفی پر مختلف کورسز، راٹھور پبلشرز کی کتب کی فہرست اور خالد روحانی لائبریری جو قدیم و نایاب کتب کے ذخیرہ پر مشتمل ہے کی مکمل فہرست یہاں چند لمحوں میں دیکھ سکتے ہیں۔

رمضان المبارک کے سعد موقع پر 23 جولائی تا 28 جولائی 2013 تک اسلامی کیلی گرافک آرٹ ورک کی نمائش الحمراء آرٹ گیلری، لاہور میں ہوئی۔ اس حوالے سے تفصیلات اور تصاویر آپ آرٹ سے متعلق ویب سائٹ پر دیکھ سکتے ہیں۔ www.easternartist.com جو لوگ آیات قرآنی اور اسماء الحسنیٰ پر مشتمل اسلامی کیلی گرافک آرٹ کے حصول میں دلچسپی رکھتے ہوں اور زیر دستخطی کی تخلیق کردہ یہ آرٹ کے نمونے اپنے

گھر اور دفتر میں برکت کے لیے حاصل کر سکتے ہیں۔ ادارہ راہنمائے عملیات کی ویب سائٹ علوم مخفی کے حوالے سے غیر معمولی اہمیت کی حامل ہے اس پر ایک اور دلچسپ اور توجہ مبذول کروانے والا امر علوم مخفی کے حوالے سے مضامین کا ایک ذخیرہ ہے جو علوم مخفی سے متعلق لوگوں کے لیے مفید اور معلوماتی ثابت ہوگا۔ ویب سائٹ پر اس کے علاوہ اور بھی کئی معلومات دی گئی ہیں۔ ویب سائٹ کا ایڈریس یہ ہے۔

www.khalidrathore.com

آخر میں بس وہی ایک پرانی لیکن سچی بات، اس سفر میں جو کامیابیاں مقدر ہوئیں وہ سب اللہ تعالیٰ کی مہربانی اور فضل کے باعث ہیں اور جو کمزوریاں رہ گئیں وہ سب تقاضائے بشریت، جن سے نہ آپ اور نہ میں فرار حاصل کر سکتے ہیں۔ اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو اور دنیا و آخرت میں کامیابی اور عزت عطا فرمائے اور اپنی رحمتوں کے دروازے ہم پر ہمیشہ ہمیشہ کے لیے کھولے رکھے۔ آمین۔

دعا گو

خالد اسحاق راٹھور

پرنسپل خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز

سرپرست راہنمائے عملیات (ماہنامہ)

Far- Zoq (quarterly)

خالد روحانی جنتری

خالد ہندی جنتری

پروپرائٹر راٹھور پبلشرز

خالد اکلٹ سوفٹ ویئر ہاؤس

مصنف کتب ہائے کثیر برائے علوم مخفی

درج ذیل کوپن صرف ماہ مارچ 2014 تک کارآمد ہیں

برائے فری زائچہ

نام ....خالد ہندی جنتری 2014

نام والدہ .... تاریخ پیدائش ....

وقت پیدائش .... مقام پیدائش ....

برائے رپورٹ 23 امور (رعایتی کوپن، تفصیل نیچے ہے)

نام ....خالد ہندی جنتری 2014

نام والدہ .... تاریخ پیدائش ....

وقت پیدائش .... مقام پیدائش ....

برائے فری کاپی راہنمائے عملیات

خالد ہندی جنتری 2014

نام اور مکمل پتہ جس پر راہنمائے عملیات منگوانا چاہتے ہیں۔

خصوصی رعایتی کوپن' 500 روپے کی بچت

مندرجہ بالا کوپن ارسال کرنے پر 23 امور کی رپورٹ پر 500 روپے کی خصوصی رعایت حاصل کریں۔ یعنی اس کوپن کو ارسال کرنے پر آپ کو رپورٹ کی فیس 2000 کی بجائے صرف 1500 روپے ادا کرنی ہوگی۔

توجہ طلب: زائچہ اور رپورٹ کے لیے جوابی لفافہ جس پر رجسٹری کے ٹکٹ لگے ہوں ارسال کریں۔ کوائف مکمل اور صاف الگ کاغذ پر تحریر کریں

شرف مشتری

2014 میں سعادتوں کا امین کو کب دوبارہ آسمان پر اس درجہ پر پہنچ جائے گا' جس درجہ اور وقت کے حصول کی علوم مخفی سے متعلق ہر فرد کو تلاش ہوتی ہے۔ نجوم و عملیات کے ماہرین اس وقت کو قدرت کی مہربانیوں میں سے ایک خیال کرتے ہیں۔ کم و بیش 12 سال کے لمبے عرصہ بعد مشتری کو یہ مبارک پوزیشن ملتی ہے۔ سو مانا جاتا ہے کہ کسی بھی فرد کے حالات میں مثبت تبدیلی اور کامیاب زندگی کے حصول کے لیے اگر شرف مشتری کے وقت کوئی نقش یا لوح وغیرہ تیار کی جائے تو زندگی ایک انقلابی حالت کی طرف جا سکتی ہے' اگر آپ خواہش رکھتے ہوں تو آپ بھی بانی ادارہ جناب خالد اسحاق راٹھور کی عملیات اور نجومی مہارت کا فائدہ اٹھا کر اپنی زندگی کو ایک بہتر شکل دینے کی کامیاب سعی اللہ کی رحمت سے کر سکتے ہیں۔ سطور ذیل میں مختصر طور پر تحریر ہے کہ شرف مشتری کا طاقتور نیک وقت کن کن کاموں میں مفید ثابت ہو سکتا ہے؛

دولت' استحکام' خوش حالی' تجارت میں اضافہ' ترقی' حصول جائیداد' انعامی بانڈ' لاٹری' خاتمہ غربت جیسے مقاصد کے لیے یہ لوح بہت زیادہ مفید ہے۔ وہ خواتین و حضرات جو روزگار کے مسائل یا بندش کا شکار ہیں' یا وہ جن کی نوکری یا کاروبار کے معاملات میں مخالفت یا دشمنی کی وجہ سے مسائل اور ارزاق میں برکت یا وسعت نہیں ہے۔ وہ جن کے اخراجات زیادہ اور آمدن کم ہے۔ جنھیں مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ قرض کی ادائیگی کرنی ہے یا مالی آسودگی حاصل کرنی ہے یا کاروبار میں برکت اور کامیابی' نوکری میں ترقی مطلوب ہے یا کسی بھی قسم کی مالی' مادی' کاروباری اور پیشہ ورانہ کامیابی کی بات ہو اس لوح سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ ذاتی کاروبار یا دفتر چلانے والوں کے لیے بھی یہ بہت موثر ہے۔ قانونی' مذہبی' روحانی اور تعلیمی امور میں کامیابی انعامی سکیموں سے انعام کا حصول' شادی' اولاد نرینہ آرام دہ زندگی وغیرہ۔

اسلامک کیلی گرافی

ماہ رمضان (23 جولائی تا 28 جولائی 2012) میں خالد اسحاق راٹھور کی اسلامک کیلی گرافک آرٹ پر نمائش' الحمرا آرٹ گیلری' لاہور میں منعقد ہوئی' اس بارے مزید معلومات آپ ہماری ویب سائٹ پر دیکھ سکتے ہیں۔ آرٹ کے یہ شہ پارے جو خریدنا چاہیں وہ رابطہ کر سکتے ہیں۔

راہنمائے عملیات (ماہنامہ)	60
خالد روحانی جنتری (سالانہ)	250
خالد ہندی جنتری (سالانہ)	250
Far-zoq(English quarterly)	50
راہنمائے علم نجوم (حصہ اول)	200
راہنمائے علم نجوم (حصہ دوم)	200
10 سالہ جنتری	200
ہندی نجوم	250
آپ کا برج	200
راٹھور تسویۃ البیوت (گھر سازی و دیا ہی)	1500
راٹھور 60 سالہ تقویم (1940 تا 2000)	2000
راٹھور 50 سالہ تقویم (2001 تا 2050)	1500
راٹھور وقتی نجوم	250
احکام النجوم (وقتی نجوم)	250
کتاب الرمل، کواکب، بروج و ساعات	200
عملیات اسمائے ربی	300
روحانی مشورے	150

تسخیر موکلات و حاضرات	150
علم الحروف	200
راہنمائے عملیات	200
مفتاح الرموز و اسرار الکنوز	200
السحر الاحمر	200
السحر العجیب فی جلب الحبیب (2)	250
السحر العجیب فی جلب الحبیب (3)	250
سحر بابرخ	200
مجربات خالد	200
اصول و قواعد عملیات	350
مسائل کا روحانی حل	200
آسان عملیات	200
شفائے امراض	200
خاص نمبر (سحر، جادو، محبت، عداوت)	250
طلسمات زہرہ (عملیات تسخیر)	250
بحر الغرائب (ترجمہ)	350
اقوال امرضیہ فی معرفۃ الاعمال الرملیہ	150
بانڈریس اور لاٹری کے نمبر	300

نمبر ہی نمبر (حصہ اول)	200
نمبر ہی نمبر 15000 (حصہ دوم)	200
قسمت اور چانس	200
انعامی کرشمات	400
صفحہ، آ کڑہ اور بنڈل (مکمل بمعہ 2011 کی نظرات)	350
صفحہ، آ کڑہ اور بنڈل (2014)	350
اسباق دست شناسی	150
راہنمائے تل شناسی	150
ساعات حقیقی	200
کتب ابن عربی	250
تسخیر موکلات و حاضرات	150
ذائچے	150
خزینہ اعداد	200
مستحصلہ قادر الکلام	150
اسرار حیات	250
علم النفس	250
عملیات شفق رامپوری	300
حروف نورانی	350
الشجرۃ النعمانیۃ	230
غایت الحکیم	350
کتابی کورس علم عملیات	500

عملیات کے موضوع پر ایک
مستند راہنما کتاب

اصول و قواعد عملیات

لوحِ استخارہ

یہ لوح کسی بھی ضرورت یا کام کا استخارہ کرنے کے لیے مفید ہے۔ بعض دفعہ انسان دوراہے پر کھڑا ہوتا ہے کہ وہ اِدھر جائے یا اُدھر جائے۔ جب فیصلہ کرنا بہت مشکل اور ضروری بھی ہو تو ایسے حالات میں اس سے استخارہ و فیصلہ کرنا آسان ہو جاتا ہے۔ اس کو ہر کام میں استخارہ کے لیے کیا جاسکتا ہے سو آپ حسب منشاء کسی بھی سوال کے جواب کے لیے اطمینانِ قلب سے استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ آپ کو درست جواب حاصل کرنے میں حد درجہ معاون ثابت ہوگی۔

لوحِ نظر بد

یہ لوح کسی بھی ضرورت یا کام کا استخارہ کرنے کے لیے مفید ہے۔ بعض دفعہ انسان دوراہے پر کھڑا ہوتا ہے کہ وہ اِدھر جائے یا اُدھر جائے۔ جب فیصلہ کرنا بہت مشکل اور ضروری بھی ہو تو ایسے حالات میں اس سے استخارہ و فیصلہ کرنا آسان ہو جاتا ہے۔ اس کو ہر کام میں استخارہ کے لیے کیا جاسکتا ہے سو آپ حسب منشاء کسی بھی سوال کے جواب کے لیے اطمینانِ قلب سے استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ آپ کو درست جواب حاصل کرنے میں حد درجہ معاون ثابت ہوگی۔

لوح زچگی

یہ لوح زچہ و بچہ کی حفاظت، اِن کو سحر، جادو، ٹونا اور ہر قسم کے سحری اور جسمانی نقائص اور اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے مفید ہے۔ بچوں کی پیدائش کے دوران خواتین مختلف سحری و نسوانی مسائل و امراض کا شکار ہو جاتی ہیں۔ ان اثرات و مسائل سے بچاؤ اور حل کے لیے یہ لوح خصوصی طور پر تیار کی جاتی ہے۔ یہ لوح ماں اور بچہ دونوں کے لیے مفید ہے۔

لوحِ آیت الکرسی / ردِ سحر و تحفظ

یہ لوح جادو، سحر، کالے علم، ڈھایہ، ہانڈی، آسیب، اثر، حاضرات، جنات، ہمزاد، سایہ، پریوں اور دیگر مرئی و غیر مرئی مخلوقات، عملیاتی اور سحری اعمال سے تحفظ اور ان کے خاتمے کے لیے ہر درجہ موثر ہے۔ یہ لوح فرد ذاتی استعمال اور افراد خانہ کے لیے الگ الگ استعمال کے لیے بھی طلب کر سکتا ہے۔ جو فرد اپنے گھر کو ان خرابیوں اور اثرات سے محفوظ رکھنا چاہیں وہ بھی اس کو گھر میں رکھ کر اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کسی بھی قسم کے بد اثرات اور اعمال سے محفوظ رہنے کے لیے اس لوح کا استعمال ہمارے مطابق حد درجہ موثر ہے۔

خاتم سلیمان

خاتم سلیمان ایک ایسی متفرق خواص کی لوح ہے جو اِن امور کے لیے موثر مانی جاتی ہے۔ جن میں جادو ٹونہ، حصول عشق، محبت، خاتمہ دشمنی، غلبہ، محبت، قرض سے نجات، تحفظ دھوکہ، کامیاب سفر، حفاظت شر، خاتمہ خفیہ دشمن، حصول محبوب، تکمیل حاجت، منگنی نکاح، خاتمہ غربت، ترقی، تحفظ بدنظری، اچانک حادثہ، حفاظت حاسدین، دلوں میں محبت، مسافر و غائب کو حاضر کرنا، جھگڑالو سے حفاظت، لوگوں کو مطیع کرنا، حصول مراد، خیر و برکت، خاتمہ دشمن، صحت، خاتمہ بیماری جیسے اُمور شامل ہیں۔

لوح نورانی

روحانیات میں حروف مقطعات و نورانی کو غیر معمولی مانا جاتا ہے۔ اِن کے اسرار ہر کسی پر الگ طریقے سے منکشف ہوتے ہیں اور ہر ایک کا مکاشفہ و مشاہدہ اِن کی روحانیت کے حوالے سے الگ ہے۔ قرآن عظیم کی متعدد سورتوں کی ابتداء اِن سے ہوتی ہے۔ یہ اپنے اسرار کے ساتھ ہر سعد و نیک کام کے حوالے سے عملیاتی و روحانی موثریت کے حامل ہیں۔ کوئی بھی امر ہو اس کے لیے اِن کو مجرب و موثر پایا گیا ہے۔ صحت، نوکری، اولاد، شادی، سفر، بزنس، خوبصورتی، لطافت، ذہانت، یادداشت، اولاد، شہرت، ردِ سحر و بندش جیسے لاتعداد امور کے لیے اس لوح سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔

زعفرانی نقوش

بیماری کی نوعیت کچھ بھی ہو، بیماری چاہے کتنی پرانی ہی کیوں نہ ہو، بیماری چاہے کتنی ہی موذی کیوں نہ ہو، زعفرانی نقوش کا ایک کورس کرنے سے اس کے اثرات آپ پر خود ظاہر ہوں گے۔ یہ نقوش پانی میں گھول کر پینے کے لیے ہیں۔ یہ "زعفرانی نقوش" درجہ اول کے زعفران سے خاص کو اکبی اوقات میں کاغذ پر تحریر کیے جاتے ہیں اور صحت اور تندرستی کے حوالے سے اِن پر خصوصی آیات قرآنی اور اسماء ربی کا ورد بھی کیا جاتا ہے۔ تاکہ اِن کے اثرات میں زیادہ سے زیادہ طاقت پیدا کی جاسکے اور اِن کو استعمال کرنے والے کو زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل ہو اور اس کو صحت کے جن مسائل سے واسطہ ہے اُن کا حل نکلے اور وہ صحت یاب ہو۔

عبدالباسط راٹھور

زائچہ پاکستان

قارئین کرام! اسلام علیکم۔

ادارہ راہنمائے عملیات کی ہمیشہ سے یہ کوشش رہی ہے کہ ملکی و غیر ملکی حالات و واقعات کو علم نجوم کے ذریعے لوگوں کے سامنے پیش کیا جائے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ادارے کی سال بھر کی اور نئی حکومت کے حوالے سے پیشن گوئیاں درست ثابت ہوئیں۔ اور اللہ تعالیٰ نے ادارے کی عزت و شہرت میں اضافہ کیا۔ ہر سال کی طرح اس سال بھی سیاسی علم نجوم کی روشنی میں ملکی حالات پر پیشن گوئیاں پیش کی گئی ہیں۔

اس سال زحل یکم جنوری تا 23 دسمبر تک برج عقرب میں رہے گا اور پیدائشی زحل کے ساتھ تربیع کی نظر بنا رہا ہے۔ زحل پیدائشی زائچے کے تیسرے گھر میں بیٹھے دیگر کواکب شمس، عطارد، زہرہ اور پلوٹو کے ساتھ بھی تربیع کی نظر بنا رہا ہے۔ زحل زائچے کے آٹھویں اور نویں گھر کا مالک ہے۔ مشتری اس سال ٹرانزٹ میں یکم جنوری تا 16 جولائی تک برج سرطان یعنی زائچے کے دوسرے گھر میں مقیم رہے گا۔ 16 جولائی کو مشتری برج سرطان سے برج اسد میں جائے گا جو زائچے کا تیسرا گھر ہے۔ برج سرطان میں مشتری شرف میں ہوتا ہے اور برج اسد میں اگرچہ یہ اپنے دوست کے گھر قائم پذیر ہوگا مگر پیدائشی مشتری کے ساتھ تربیع کی نظر بنا رہا ہوگا۔ مشتری ٹرانزٹ میں زحل کے ساتھ بھی تربیع کی نظر بنائے گا۔ دونوں بڑے کواکب کی یہ صورتحال کچھ بہت زیادہ اچھے نشانات نہیں دکھا رہی۔ ان تمام باتوں کو زیر غور لاتے ہوئے ہم کہہ سکتے ہیں کہ یکم جنوری تا 16 جولائی تک کا عرصہ مجموعی طور پر پاکستان کے لیے معاشی لحاظ سے کافی بہتر وقت ثابت ہوگا۔ حکومت مضبوط ہوگی اور عوام سے کیے گئے وعدوں کو کسی حد تک نبھانے میں بھی کامیاب رہے گی۔ صحت کے مسائل اور ناگہانی آفات کا سامنا ہوگا مگر حکومت کی بروقت کاروائی اور پالیسوں کی بدولت پچھلے سال سے کم جانی نقصان ہوگا۔ دوسرے ممالک پاکستان میں پیسہ لگائیں گے اور ان کے ساتھ اہم معاہدے طے پائیں گے مگر ان میں کسی قسم کی رکاوٹ اور معاہدے پر مکمل عمل درآمد نہ کرنے جیسے مسائل سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ اختلافات جنم لے سکتے ہیں۔

زائچہ پاکستان
14 Aug 1947

17 جولائی تا 31 دسمبر تک کا وقت پاکستان کے لیے قدرے مناسب رہے گا۔ ہر کوئی ملک کی بہتری کے لیے کام کرنے کی کوشش کرے گا مگر اس عرصے میں عوام کی توقعات پر پورا اُترنا قدرے زیادہ مشکل ثابت ہوگا۔ کیونکہ کسی تیسری آفت اور پریشانی کے باعث حکومتی معاملات میں اچانک کسی نہ کسی رکاوٹ کے باعث معاملات میں خرابی اور التواء آ جایا کرے گی۔ ملک میں صحت کے مسائل بڑھیں گے۔ حکومت وبائی امراض پر

جلد قابو پانے میں ناکام نظر آئے گی۔ ویزہ پالیسیوں میں سختی ہوگی۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے کے حوالے سے نہ صرف منصوبہ بندی کی جائے گی بلکہ عملی اقدامات بھی اٹھائے جائیں گے البتہ خاطر خواہ نتائج کا حصول مشکل ہے۔ ملک میں قدرتی آفات اور پانی سے وابستہ مسائل جنم لے سکتے ہیں۔

یکم جنوری تا 31 جولائی کے عرصے میں جرائم کی تعداد میں قدرے اضافہ ہوگا۔ کھیلوں کے میدانوں اور سیر و تفریح کے مقامات کی حالت مزید خراب ہوگی۔ جلد امیر بننے کے سپنوں کی وجہ سے انعامی سکیموں کی طرف توجہ بڑھے گی۔ غیر قانونی اشیاء کی لین دین عام ہوگی۔ قدرتی آفات، حادثات اور وبائی امراض پھیلنے کا خدشہ ہے۔ جن میں آنکھوں کے امراض اہم ہیں۔ اصل ادویات کی فراہمی قدرے مشکل ہوگی۔ اسمبلیوں میں ہنگامہ آرائی اور قانون سازاداروں کی ناقص اور اندھے قانون پر سوالات اٹھیں گے۔ لوگ ایک دوسرے کے راز فاش کرتے نظر آئیں گے۔

یکم جنوری تا 26 جنوری کے عرصے میں حادثات سے اموات ہوں گی۔ بیرونی سرمایہ کاری میں کمی آئے گی۔ روپے پیسے کے معاملات میں دنگا فساد اور قتل و غارت عام بات ہوگی۔ لوگ روپے پیسے کے حوالے سے ایک دوسرے پر اعتبار نہ کریں گے۔

29 جنوری تا 15 فروری کے عرصے کے دوران عوام الناس کا حکومت پر اعتماد کم ہوتا دکھائی دے گا۔ اپوزیشن جماعتوں اور حکومت کے خلاف سرد جنگ بڑھنے کا اندیشہ ہے۔ جلسے جلوس بڑھیں گے۔ فصلوں کی پیداوار متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ حکومت کے تعمیراتی کاموں پر اعتراضات اٹھیں گے۔ جعلی ادویات عام ہوں گی۔ حکومتی شخصیات کی صحت میں خرابی کے بھی امکانات ہیں۔

16 فروری تا 21 فروری کے دوران معاشی حالات اونچ نیچ کا شکار رہیں گے۔ لوگوں کو بہتر طبی سہولیات دینے پر غور کیا جائے گا۔ مزدور طبقے کی بہتری کے لیے کام ہوں گے۔ مذہب کی طرف رجحان بڑھے گا۔

22 فروری تا 8 مارچ کے عرصے میں ہمسایہ ممالک کے ساتھ اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں۔ جدید ہتھیاروں کی دوڑ میں کامیابی ملنے کی توقع ہے۔ فقہی اختلافات جنم لیں گے۔ نیز غیر مسلم بھی اسلام کو نقصان پہنچانے کی کوشش کریں گے۔ افواہوں کا بازار گرم رہے گا۔

18 مارچ تا 8 اپریل کے دوران پانی کے مسائل جنم لیں گے۔ اس دوران عوام، حکومت اور قانون سازاداروں سے وابستہ خواہشات بڑھتی ہوئی نظر آئیں گی جس کی ناکامی میں عوام کا شدید ردعمل دیکھنے کو ملے گا۔ عوام میں بے سکونی کی کیفیت نظر آئے گی۔ اپوزیشن اور حکومت کے درمیان اختلافات شدت اختیار کیے ہوں گے۔ 18 مارچ تا 20 اپریل کے دوران ہمسایہ ممالک خصوصاً دوست ممالک کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی اور اہم معاہدے طے پائیں گے۔ قانون سازاداروں کی کارکردگی میں قدرے بہتری آئے گی اور لوگوں کو بروقت انصاف مہیا کرنے کے لیے کاوشیں کی جائیں گی۔

25 مارچ تا 3 مئی کا عرصہ قانون سازاداروں کی حکومتی کاموں میں مداخلت اور قانونی معاملات کو لے کر اہم حکومتی اور قانونی ارکان کے مابین جھگڑوں کو ظاہر کر رہا ہے۔ دوسرے ممالک کی پاکستان کے ذاتی اُمور میں مداخلت اور ان کا غلط رویہ آپسی تعلقات میں خرابی کی وجہ بن سکتا ہے۔

8 اپریل تا 2 مئی کا عرصہ حکومت کے لیے قدرے بہتر وقت ثابت ہوگا۔ حکومت کے چند اہم اقدامات کی بدولت عوام کو وقتی مسرت و خوش نصیب ہوگی۔ ہسپتالوں کے نظام میں بہتری لانے اور نئے ہسپتال بنانے کے ساتھ ساتھ اصل ادویات کی فراہمی کے حوالے سے بھی کام کیا جائے گا۔ تھانہ کلچر اور جیلوں کے نظام کو بہتر بنایا جائے گا۔ فلم انڈسٹری کی بہتری کے لیے کام ہوں گے۔ سیر و تفریح کے مقامات کی دیکھ بھال پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ بنیادی تعلیمی سہولیات کو عام کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ کھیل کے میدان میں پاکستان کی کارکردگی بہتر رہے گی۔

18 اپریل تا 26 اپریل کے عرصے میں صحت کے مسائل پر قابو پانے کے لیے اہم اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ ملک میں مہنگائی کی شرح میں قدرے اضافہ ہوگا۔ سٹاک مارکیٹ میں مندی کا رجحان رہے گا۔ روپے کی قدر میں کمی واقع ہوگی۔ بیرون ملک کی سرمایہ کاری میں کمی آئے گی۔ حکومت اور قانون سازاداروں کے مابین اختلافات بڑھیں گے۔ بیرون ملک جانے کے خواہش مند لوگوں کو مختلف طرح کی پریشانیوں اور پاکستان پر لگائی گئی پابندیوں سے گزرنا پڑے گا۔

25 اپریل تا 20 مئی کے عرصہ میں صحت کے مسائل بڑھتے نظر آ رہے ہیں۔ ملک میں وبائی امراض، ناقص خوراک اور پانی کی کمی یا گندے پانی کی وجہ سے پیدا ہونے والی بیماریوں میں بھی اضافہ ہوگا۔ ایک دوسرے کو پیچھے چھوڑنے کی کشمکش میں دنگے فساد زیادہ ہوں گے۔ بظاہر تو عوام کی بھلائی کے لیے بہت سے اقدامات اٹھائے جائیں گے، مگر حکومتی اقدامات سے

صرف خاص طبقے کو فائدہ ہوگا۔ مجموعی طور پر حکومتی اقدامات سے مزدور طبقے پر بوجھ بڑھے گا۔ ملک میں افواہوں کا بازار گرم رہے گا۔ اپوزیشن جماعتیں حکومت کے خلاف کافی چیخیں چلاتی رہیں گی۔ حکومت ذرائع آمد و رفت کی بہتری کے حوالے سے بھی کام کرے گی۔

12 مئی تا 10 جون کا عرصہ ملک میں فسادات اور ہنگاموں کی صورت کو ظاہر کر رہا ہے۔ ملک کی اہم شخصیات کی اموات بھی متوقع ہیں۔ دہشت گردی کے واقعات میں اضافہ ہوگا۔ آگ اور پانی سے تباہی ہوگی۔ صحت کے مسائل زور پکڑتے دکھائی دیں گے۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ وقتی کشیدگیاں جنم لے سکتی ہیں۔ بیرونی سرمایہ کاری میں کمی آئے گی۔ ملک میں حادثات اور دھماکوں سے اموات ہوں گی۔

12 مئی تا 19 مئی کے عرصے میں عوام کو چھوٹی چھوٹی خوشیاں ملنے کی توقع ہے۔ فصلوں کی پیداوار میں بہتری آئے گی۔ عدلیہ عوام کو بروقت انصاف پہنچانے کی کوشش کرے گی اور وقتی طور پر چند مثبت اقدامات اٹھائے گی۔

19 مئی تا 29 مئی کا عرصہ معاشی لحاظ سے پاکستان کے لیے قدرے بہتر ثابت ہوگا۔ سٹاک مارکیٹ میں مجموعی طور پر تیزی کا رجحان رہے گا۔ حکومت وقت عوام کی بہتری کے لیے اقدامات اٹھائے گی اور بڑھتی ہوئی مہنگائی کو کم کرنے یا روکنے کے لیے کوشش کی جائے گی۔

12 جون تا 20 جون کے دوران دوسرے ممالک کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی اور اہم معاہدوں پر دستخط ہوں گے۔ بیرونی سرمایہ کاری میں اضافہ ہوگا۔

21 جون تا 22 جولائی کا عرصہ مجموعی طور پر عوام کے لیے خوشحالی اور بہتری کا وقت ہے۔ یہ وقت عوام سے کیے گئے وعدہ میں کسی حد تک تکمیل اور عوام کو ملنے والی خوشیوں کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ ملک کے معاشی حالات میں بہتری آئے گی۔ روزمرہ اشیاء کے نرخوں کو کنٹرول کرنے اور کم کرنے کی بھی کوشش کی جائے گی۔ فصلوں کی پیداوار میں بہتری آئے گی۔ کسانوں کو فائدہ دینے کے لیے مختلف سکیمیں پیش کی جائیں گی۔ پانی کے نظام کو بہتر بنانے کے حوالے سے تجاویز سامنے آئیں گی۔

23 جولائی تا 16 اگست کا عرصہ دوسرے ممالک خصوصاً ہمسایہ ممالک کے ساتھ بہتر تعلقات کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ اہم معاہدوں پر دستخط ہوں گے۔ ذرائع آمد و رفت کی بہتری کے لیے کام کیا جائے گا۔ نیز ہمسایہ ممالک کے ساتھ بھی رابطے مضبوط بنانے کے لیے آمد و رفت کے مختلف ذرائعوں میں بہتری پر توجہ دی جائے گی۔

5 اگست تا 3 ستمبر کا وقت عوام کی بہتری کے لیے کیے جانے والے کاموں کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ میڈیکل کے شعبے میں ترقی اور بہتری آئے گی لوگوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کو ترجیح دی جائے گی۔ زرعی پیداوار بڑھے گی۔ ریلوے کی بہتری کے لیے کام ہوگا۔ لوگوں کا مذہب کی طرف رجحان بڑھے گا۔ بنیادی تعلیمی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ ملک کے معدنی وسائل سے فائدہ اٹھانے کے لیے اہم پیش رفت ہوگی۔

30 اگست تا 30 ستمبر کا عرصہ اپوزیشن اور حکومت میں شدید اختلافات کو ظاہر کر رہا ہے۔ کرپشن میں اضافہ ہوگا۔ ہر کوئی اپنے مفاد کا سوچے گا۔ عوام غیر مطمئن رہے گی۔ مذہب کے اوپر عوام میں کشیدگیاں بڑھیں گی۔ غیر مسلم اسلام کے خلاف توہین آمیز واقعات پیدا کر کے مسلمانوں کو تنگ کرنے کی کوشش کریں گے۔ ملک میں حادثات اور بم دھماکوں کا بھی خدشہ ہے۔ پاکستان کا امن خراب کرنے میں بیرونی ہاتھ بھی ملوث ہو سکتے ہیں۔ حکومتی اعلیٰ عہدیداران کی صحت خراب ہونے اور ان پر حملہ ہونے کے واقعات منظر عام پر آئیں گے۔ جیل میں جان جانے کا بھی خدشہ ہے۔ ملک میں رشوت کا بازار گرم رہے گا۔ فحاشی بڑھے گی اور سٹریٹ کرائم میں اضافہ ہوگا۔ فصلوں کی پیداوار کم ہونے کا خدشہ ہے۔ صحت کے مسائل جنم لیں گے۔

یکم اکتوبر تا 23 اکتوبر کے عرصے میں بھی جرائم کی شرح بڑھی رہے گی البتہ حکومت وقتی طور پر عوام کو کسی حد تک مطمئن کرنے اور صبر کرنے پر رضامند کر سکتی ہے مگر جرائم کی روک تھام میں کوئی خاص پیش رفت نہ ہوگی۔ اہم شخصیات کے سکینڈل منظر عام پر آئیں گے۔ افواہوں کا بازار سرگرم رہے گا۔ لوگوں کا انعامی سکیموں کی طرف رجحان بڑھے گا۔

21 اکتوبر تا 29 اکتوبر کے عرصے میں پانی کی وجہ سے بڑھتے ہوئے مسائل کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ لوگوں میں صحت کے مسائل جنم لیں گے۔ خصوصاً جلدی امراض، سر، دل اور سینے کے امراض میں اضافہ ہوگا۔

22 اکتوبر تا 8 نومبر کا عرصہ پاکستان کے ہمسایہ ممالک اور دوست ممالک کے تعلقات میں بہتری کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ دوسرے ممالک پاکستان میں اپنے پراجیکٹس شروع کریں گے۔ جس سے پاکستان کو اقتصادی اور معاشی فائدہ ہوگا۔ حکومت کے دوسرے ممالک میں دورے ہوں گے جو کافی مثبت رہیں گے۔

26 اکتوبر تا 5 دسمبر کا وقت ملک کے لیے معاشی لحاظ سے قدرے بہتر

وقت ثابت ہوگا۔ دوسرے ممالک کی پاکستان میں سرمایہ کاری بڑھے گی۔ نیز فلاحی ادارے پاکستان میں آکر اپنی خدمات انجام دیں گے یا پاکستان میں موجود مسائل سے نپٹنے کے لیے اپنی خدمات اور رقم دیں گے۔ جو عوام کی بہتری کے لیے کارگر ثابت ہوگا۔ لوگوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ہسپتالوں کی تعمیر اور ان کے نظام کو بہتر بنانے پر توجہ دی جائے گی۔ نیز چھوٹی ڈسپنسریوں اور ایسے دیگر منصوبوں پر بھی کام شروع کیا جا سکتا ہے۔ جس سے صحت کے مسائل پر قابو پایا جا سکے۔ قانونی اداروں اور عدالتوں کی بہتری کے لیے کام ہوں گے۔ نیز ان میں شفافیت اور لوگوں کو بروقت انصاف پہنچانے کو یقینی بنانے کو ترجیح دی جائے گی۔ دوست ممالک کے ساتھ تعلقات میں مزید بہتری آئے گی اور آپس میں اہم معاہدے طے پائیں گے۔ جن پر جلد کام بھی شروع کیا جائے گا۔

9 نومبر تا 30 نومبر کا عرصہ میں مزدور اور غریب طبقے کی بہتری کے لیے کام کیا جائے گا۔ حکومت اور اپوزیشن سمجھوتوں کے ساتھ چلتی نظر آئے گی۔ ملک کے معدنی وسائل سے فائدہ اٹھانے کے لیے کوشش کی جائے گی۔ فصلوں کی پیداوار بڑھے گی۔

15 نومبر تا 30 دسمبر کا عرصہ ملک میں ناگہانی آفات اور حادثات کو ظاہر کر رہا ہے۔ جرائم کی شرح میں اضافہ ہوگا۔ فلم انڈسٹری زوال کا شکار رہے گی۔ لوگ ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کی کوششوں میں لگے رہیں گے۔ بعض ممالک سے وقتی طور پر اختلافات بھی پیدا ہو سکتے ہیں۔

وزیر اعظم میاں نواز شریف صاحب کے لیے کیم مارچ تا 20 جولائی کا عرصہ مشکلات اور پریشانیوں کو ظاہر کر رہا ہے۔ اس عرصے میں وہ چند ایسے اقدامات لیں گے جس کی وجہ سے انہیں کافی تنقید کا سامنا کرنا پڑے گا نیز اس عرصے میں لیے گئے بعض فیصلوں کو بعد میں تبدیل کرنے کی بھی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ البتہ 21 جولائی تا 31 دسمبر تک کا وقت مجموعی طور پر ان کے لیے بہتر ثابت ہوگا اور اس عرصے میں یہ ملک کے لیے اہم کام سرانجام دیں گے ملک میں معاشی استحکام اور جرائم کے خاتمے کے لیے عملی کام کیے جائیں گے۔ 5 ستمبر تا 30 ستمبر کا عرصہ عدلیہ اور قانون ساز اداروں کے ساتھ پیدا ہونے والی کشیدگیوں کو ظاہر کر رہا ہے۔ اسمبلیوں میں ہنگامہ آرائی زیادہ ہوگی۔

وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف صاحب کی مجموعی طور پر صوبے میں کارکردگی کافی اچھی رہے گی البتہ کیم فروری تا 7 اپریل کا عرصہ ان کے اوپر اٹھتے اعتراضات کو ظاہر کر رہا ہے۔ نیز کچھ غلط اقدامات اور وعدوں میں التواء کے باعث ان کی مقبولیت میں وقتی طور پر تھوڑی کمی آئے گی۔ البتہ 21 جولائی کے بعد سے ان کے کاموں میں بہتری اور صوبے میں ترقی یافتہ کاموں کے پیش نظر عزت و شہرت میں اضافہ ہوگا۔

وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ صاحب کو اپنے دور حکومت میں اس سال کیم مارچ تا 30 جولائی تک کافی پریشانیوں کا سامنا رہے گا، مخالفتوں میں اضافہ ہوگا۔ یہ وقت ان کی کرسی کو لاحق ہوتے ہوئے خدشات کا بھی مظہر ہے۔ اس عرصے میں صوبے میں جرائم کی شرح بڑھے گی اور امن و امان کی صورتحال کافی خستہ رہے گی۔ 5 ستمبر تا 23 اکتوبر کا عرصہ بھی حادثات اور دہشتگردی کے بڑھتے ہوئے معاملات کو ظاہر کر رہا ہے۔ 26 اکتوبر کے بعد سے جرائم کی روک تھام کے لیے اہم عملی اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ پرویز خٹک صاحب صوبے کی بہتری کے لیے کافی کوشاں رہیں گے مگر حسب منشاء نتائج تک پہنچنے میں ناکام نظر آتے ہیں۔ ماہ جنوری اور فروری میں دہشت گردی اور صوبے کے خراب حالات کے باعث کافی پریشان رہیں گے اور بروقت درست فیصلہ لینے میں ناکام نظر آتے ہیں۔ کیم مارچ تا 20 مئی کے عرصے میں صوبے میں جرائم کی شرح میں اضافے کے ساتھ ساتھ منشیات کی سمگلنگ میں اضافہ ہوگا۔ لوگوں کو بروقت انصاف ملتا نظر نہیں آتا۔ 21 جون تا 31 اگست کا عرصہ معاملات میں قدرے بہتری اور حکومت کی نئی اور بہتر سکیموں کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ صوبے کی بہتری کے لیے کام ہوں گے۔ اور بیرونی سرمایہ کاری میں بھی اضافہ ہوگا۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک صاحب کے لیے کیم مارچ تا 10 جولائی کا عرصہ کافی پریشانی کو ظاہر کر رہا ہے۔ معاملات ان کے مطابق حل ہوتے دکھائی نہیں دیتے اور لوگوں کو انصاف ملتا نظر نہیں آتا۔ صوبے کی خراب صورتحال کی وجہ سے ان پر کافی اعتراضات اٹھیں گے۔ البتہ 11 جولائی سے یہ معاملات کو مثبت طریقے سے حل کرنے کیلئے اہم اقدامات اٹھائیں گے۔ 26 اکتوبر تا 5 دسمبر تک کا وقت ان کی صوبے کے لیے ان تھک محنت اور مضبوط قوت ارادی سے کام کرنے کی نشاندہی کر رہا ہے اس عرصے میں لوگوں کو انصاف کی فراہمی یقینی بنانے اور ان کے تحفظ کے حوالے سے مثبت پیش رفت سامنے آئے گی اور صوبے کے لوگوں کی بہتری کے لیے کافی کام کیے جائیں گے۔

آصف علی زرداری صاحب کو کیم مارچ تا 20 مئی 2014 تک کافی محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ ان کے خلاف سازشیں ہوتی ہوئی نظر آتی ہیں۔ البتہ ماہ اگست سے وہ سیاست میں پوری قوت سے واپسی اور اپنی پارٹی کی کھوئی ہوئی ساکھ کے لیے کام کرتے نظر آئیں گے۔

عمران خان صاحب کو چاہیے کہ کیم مارچ تا 25 مئی کے عرصے میں گفتگو اور دعوے احتیاط سے کریں۔ ورنہ معاملات خراب ہو سکتے ہیں۔ جون تا دسمبر تک کا وقت عزت و شہرت میں اضافے کو ظاہر کرتا ہے البتہ گفتگو اور دشمنوں کی خفیہ سازشوں سے محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔

الطاف حسین صاحب کے لیے کیم مارچ تا 25 جولائی کا عرصہ مشکلات کو ظاہر کر رہا ہے۔ عدالتی کارروائیوں کا بھی سامنا ہو سکتا ہے۔ البتہ ماہ اگست سے شروع ہونے والا وقت ان کے لیے بہتر اور خوش قسمت ثابت ہوگا۔

عبدالباسط راٹھور کی درست پیشن گوئیاں

صدر پرویز مشرف کی صدارت کا خاتمہ-2008

مغربی دنیا کی طرف سے مذہبی توہین آمیز واقعات - اپریل2008

بیرون ملک کی سرمایہ کاری میں کمی-اپریل2008

ملک میں ہنگامے اور دھماکے-اپریل/مئی2008

لوہے کی قیمتوں میں اضافہ-2008

شرح اموات میں اضافہ-2008

کیری لوگر بل اور یک طرفہ مفادات-2088

لاہور، پشاور اور راولپنڈی دھماکوں، حادثات سے گرج اٹھا-اکتوبر2009

سال 2009 ملکی معیشت کے لیے 2008 کی نسبت کافی بہتر ثابت ہوا۔

سٹاک مارکیٹ میں بہتری-2009

پاکستان کی دفاعی ٹیکنالوجی میں بہتری، جے ایف 17 تھنڈر بنایا-2009

ایران میں یورینیم کی افزودگی شروع اور ایران پر سخت پابندیاں-فروری2010

سترھویں ترمیم کا خاتمہ-2010

شاہد آفریدی پاکستان ٹیم کے کپتان-2010

وکلا کے آپسی اور حکومت کے ساتھ اختلافات-2010

اسمبلیوں میں لڑائی جھگڑے-2010

وزیر اعظم آزاد کشمیر فاروق حیدر کا استعفیٰ-2010

ٹرانزٹ ٹریڈ معاہدہ-2010

امریکہ کی ایران پر حملے کی دھمکیاں-2010

سیلابی ریلا -جولائی2010

فصلوں کی تباہی- جولائی2010

لندن (برمنگھم) میں صدر صاحب کے ساتھ پیش آنے والا واقع- اگست2010

پاکستانی کرکٹرز کا میچ فکسنگ میں ملوث ہونا-2010

کربلا گامے شاہ (لاہور) کے پاس دھماکے-2010

کوئٹہ میں دھماکہ- ستمبر2010

چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ خواجہ محمد شریف کے قتل کی سازش ناکام بنادی گئی-2012

امریکہ میں مڈٹرم الیکشن میں اوباما نے 8 ریاستوں کی گورنری کھودی- 2010

CID بلڈنگ میں دھماکہ-2010

ایران میں جہاز تباہ، 100 افراد انتقال کر گئے -2011

گورنر پنجاب سلمان تاثیر کی موت- 2011

دھماکے اور زلزلہ- جنوری2011

اسمبلیوں میں ہنگامہ آرائی-لڑائی اور گالی گلوچ- 2011

نواز شریف کا غلط فیصلہ اور حکومتی گٹھ جوڑ- جنوری2011

شہباز بھٹی کا قتل- 2011

امریکہ اور آسٹریلیا میں سمندری طوفان، چین میں زلزلہ، جاپان میں تباہی- 2011

نواز شریف کے چند غلط اقدامات جیسے فوج کو دعوت دے کر مخالفین میں اضافہ- 2011

فرانس میں پردے کے حوالے سے مسلم خواتین پر پابندیوں میں نرمی- 2011

پاکستان کے جدید ٹیکنالوجی کے حوالے سے معاہدے- 2011

امریکہ کا پاکستان کی حدود میں آکر پاکستانی علاقوں کو نشانہ بنانا (اسامہ بن لادن)-2011

جدید ہتھیاروں میں اضافہ (کروز میزائل)- 2011

امریکہ کی جنوبی ریاستوں میں طوفان اور تباہی- 2011

ملک بھر میں حادثات اور بم بلاسٹ- مئی2011

افغانیوں کا دیر پر حملہ-2011

دھماکے- اگست2011

فصلوں کی تباہی- ستمبر2011

حادثات و اموات میں اضافہ- ستمبر2011

ایٹمی ٹیکنالوجی کی دوڑ میں پاکستان نے دنیا کا سب سے چھوٹا ہتھیار بنالیا- 2011

امریکہ کا پاکستان سرحد پر حملہ 26 نوجوانوں کی شہادت-2011

صدر پاکستان کی صحت خراب- 2012

بڑھتے ہوئے جرائم اور بم بلاسٹ- دسمبر2011

ہلمند میں ہونے والے دھماکے- جنوری2012

امریکہ کا پاکستانی علاقوں پر دوبارہ حملوں کا آغاز- جنوری2012

ادویات کی قیمتوں میں 100 گنا تک اضافہ- 2012

وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی پر فرد جرم اور معطلی- 2012

غیر مستقل ملازمین کو مستقل کر دیا گیا- 2012

میڈیا کے پس پردہ کارناموں کا ظاہر ہونا- 2012

انڈیا، روس اور بنگلہ دیش میں بارشوں اور سیلاب کے ذریعے تباہی- جولائی 2012

وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی کا سب سے جلدی فیصلوں کو واپس لینے کا عالمی ریکارڈ

میاں محمد نواز شریف اور عمران کے درمیان ہونے والی الزامات کی سخت جنگ-2012

بھارت نے پاکستان کے لیے تجارت کے لیے دروازے کھول دیئے- 2012

لاہور میں ہونے والے دھماکے- ستمبر2012

چین میں سیلاب سے تباہی- 2012

ملک میں فسادات اور جرائم میں اضافہ- اگست2012

بارشوں سے ملک بھر میں تباہی- اگست/ستمبر2012

لوزیانا (امریکہ) میں 4 لاکھ گھر سمندری طوفان سے تباہ- اگست2012

انڈونیشیا کشتی ڈوبنے سے 150 افراد ہلاک-2012

پاکستان اور بھارت کی ویزا پالیسی میں نرمی- ستمبر2012

وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی کی نااہلی

فلپائن میں طوفان سے تباہی- دسمبر2012

پشاور ائیرپورٹ پر حملہ- دسمبر2012

بشیر بلور کی شہادت- دسمبر2012

مذہبی رہنماؤں کی سرد جنگ (طاہر القادری- ودیگر)

خسرے کی وباء سے 150 سے زائد ہلاکتیں- دسمبر2012

کوئٹہ میں مذہبی انتہاپسندی کے باعث 87 ہلاکتیں-دسمبر2012

وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف عدلیہ کے شکنجے میں- جنوری2013

الیکشن 2013 کا اپنے مقررہ وقت پر ہونا

مرکز میں مسلم لیگ (ن) کی حکومت-2013

الیکشن 2013 غیر شفاف

پیپلز پارٹی دوسرے نمبر کی جماعت- الیکشن2013

PTI اور PPP اخراجات کی دوڑ میں آگے- الیکشن2013

عمران خان کے خواب دھرے کے دھرے- الیکشن2013

PTI کا اتحادی صورت میں صوبائی سطح پر حکومت بنانا- الیکشن2013

PTI کا اے این پی کے لیے کانٹا بنانا- الیکشن2013

صوبہ خیبر پختونخواہ میں ن لیگ کی کارکردگی میں بہتری- الیکشن2013

فضل الرحمن کی کارکردگی میں بہتری- الیکشن2013

ایم کیو ایم کا 2007 کی نسبت کوئی خاص بہتری نہ دکھا سکنا- الیکشن2013

ماہ اپریل اور مئی میں ملک بھر میں بم دھماکے

ICC چیمپئن ٹرافی میں کرکٹ ٹیم کو عبرتناک شکست-2013

کوئٹہ اور پشاور دھماکے- جون2013

امریکہ میں عمارت گرنے سے ہلاکتیں- جون2013

ملک بھر میں بارشوں کی وجہ سے فصلوں کی تباہی- اگست2013

ڈیرہ اسماعیل خان کی جیل پر حملہ- اگست2013

چین، بھارت، پاکستان، بھوٹان اور دیگر ممالک میں بارشوں سے تباہی-2013

عبدالباسط راٹھور

دنیا ستاروں کی روشنی میں

اس سال تحویل شمس گروین وچ ٹائم کے مطابق 20 مارچ 2014 کو 16 بجکر 56 منٹ اور 59 سیکنڈ پر ہوگا۔ ہر سال کی طرح اس سال بھی اپنے قارئین کے لیے بین الاقوامی حالات بیان کیے جا رہے ہیں۔ جس میں سب سے پہلے زائچہ تحویل شمس کے مطابق دنیا میں پیش آنے والے اہم واقعات کے حوالے سے پیشن گوئی کی جائے گی۔ پھر ٹرانزٹ کے اُصول کو مدنظر رکھتے ہوئے چند اہم ممالک پر تفصیلی بحث کی جائے گی۔

20 مارچ 2014 تا 20 مارچ 2015 تک کا عرصہ مجموعی طور پر کچھ خاص اچھے اثرات کو ظاہر نہیں کر رہا۔ مجموعی طور پر زائچے کی پوزیشن پر نظر ڈالی جائے تو طالع برج سنبلہ ہے جس کا مالک عطارد جو کہ دسویں گھر کا بھی مالک ہے زائچے کے ساتویں گھر اور ہبوطی برج میں بیٹھا ہوا ہے۔ دوسرے اور نویں گھر کا مالک زہرہ اگرچہ اپنے دوست کے گھر برج دلو میں بیٹھا ہے مگر زائچے کا چھٹا گھر بنتا ہے۔ نیز مریخ حالت رجعت میں دوسرے گھر میں قیام پذیر ہے جو کہ تیسرے اور آٹھویں گھر کا مالک بھی ہے۔ زائچے میں قمر اپنے ہبوطی برج میں ہے جہاں زحل بھی حالت رجعت میں قیام پذیر ہے۔ زائچے میں واحد قدرے سعد پوزیشن مشتری کی ہے جو کہ شرفی برج میں اور گیارھویں گھر میں قیام پذیر ہے۔

زائچہ تحویل شمس

20 Mar 2014

زائچے کی تمام کواکبی پوزیشنوں اور باریکیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ وقت دنیا میں بہتے ہوئے خون میں اضافے، ملکوں میں باہم تصادم اور اندرونی خانہ جنگی کی کیفیات کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ ہر ملک اپنے مفادات کے لیے کچھ بڑھ کر اور انسانیت کے لیے کم کام کرتا نظر آئے گا۔ ہر کوئی دوسرے سے وابستہ مفادات اور دوسرے کے قدرتی خزانوں پر حملہ کرتا دکھائی دے گا۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ اچانک بگڑتے اور بنتے حالات، دنیا میں قتل و غارت اور جرائم کی شرح میں اضافہ ہوگا۔ آمریت اور ڈیموکریسی کی جنگ میں اضافہ ہوگا۔

معاشی لحاظ سے زیادہ اچھا وقت نہیں۔ بے روزگاری میں اضافہ ہوگا اور بعض ممالک گرتی ہوئی معاشی پسماندگی سے شدید متاثر ہوں گے۔ ذرائع آمد و رفت کے وسائل جیسے جہاز، ٹرین اور کار وغیرہ کے حادثات میں اضافہ ہوگا اور چند بڑے حادثات بھی رونما ہوں گے۔ دہشت گرد بھی ان ذرائع کو استعمال میں لا کر دنیا کا امن خراب کر سکتے ہیں۔ لہذا سیکورٹی پر خاص توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ اس کے ساتھ قدرتی آفات زلزلے، طوفان وغیرہ میں بھی اضافہ ہوگا۔

دنیا میں فحاشی اور جنسی بے راہ روی بڑھے گی۔ جس سے جنسی امراض میں بھی اضافہ ہوگا۔ زیادہ تر ممالک کی شرح پیدائش کم رہے گی۔ انعامی سکیموں اور آسان ذرائع سے پیسہ کمانے کی طرف رجحان بڑھے گا۔ قوانین میں بار بار تبدیلیاں ہوں گی۔

امریکہ

امریکہ کو اس سال مجموعی طور پر بہت سی ناگہانی آفات و قدرتی آفات کا سامنا رہے گا۔ معاشی عدم استحکام خصوصاً سال کے آخری چھ ماہ معاشی مشکلات کو ظاہر کر رہے ہیں۔ اپوزیشن جماعت مضبوط

ہوتی ہوئی دکھائی دے گی۔ اپوزیشن کو حکومت کی طرف سے بہت سے ایسے ناگزیر واقعات ملیں گے جن کی بناء پر اپوزیشن جماعت حکومت کے خلاف عوامی جذبات اٹھانے میں کافی حد تک کامیاب رہے گی۔ یکم فروری تا 15 فروری اور 15 مارچ تا 10 اپریل اور 15 اگست تا 30 ستمبر کے عرصے میں حکومت اور اپوزیشن میں اختلافات کی شدت دیکھنے کو ملے گی۔

سال کے پہلے چار ماہ میں حکومت کے دوسرے ممالک کے ساتھ تعلقات خراب ہو سکتے ہیں نیز دوسرے ممالک سے کیے گئے وعدوں میں تبدیلی اور التواء کا عنصر شامل رہے گا۔ خصوصاً افغانستان کے حوالے سے بھی نئی پالیسی پیش کی جاسکتی ہے۔

20 جون تا 31 جولائی کا عرصہ دوسرے ممالک سے بہتر تعلقات قائم کرنے اور اہم معاہدے طے پانے کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔

یہ سال مجموعی طور پر کاشتکاری کے شعبہ میں بہتری اور ترقی کو ظاہر کر رہا ہے۔ سال کے آخری چھ ماہ جرائم کی شرح میں اضافہ اور حکومت کی بڑھتی ہوئی مشکلات کو ظاہر کر رہا ہے۔ 20 ستمبر تا 23 اکتوبر کے عرصے میں لاقانونیت اور جرائم کافی بڑھے ہوئے ہوں گے۔ 15 نومبر تا 10 دسمبر کے عرصے میں صحت کے مسائل بڑھیں گے اور وبائی امراض پھیلنے کا خدشہ ہے۔

برطانیہ

یہ سال مجموعی طور پر برطانیہ میں چھوٹے پیمانے پر بڑھتے ہوئے جرائم اور ہم جنس پرستی کے بڑھتے ہوئے رجحانات کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ لوگ آسان ذرائع سے پیسہ کمانے کو ترجیح دیں گے خواہ اس سے کسی کو نقصان پہنچے یا کسی کی جان چلی جائے۔ فصلوں کی پیداوار میں کوئی خاص اضافہ ہوتا ہوا دکھائی نہیں دیتا بلکہ پچھلے سال کی نسبت اس سال پیداوار کم ہونے کا خدشہ ہے۔ ملک کے معاشی حالات اونچ نیچ کا شکار رہیں گے خصوصاً جون اور جولائی میں قدرے مندی کا رجحان رہے گا۔

سال کے پہلے سات ماہ حکومت کافی مضبوط رہے گی اور لوگوں کے فلاح و بہبود کے لیے بہت سے کام کیے جائیں گے۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ رابطے مزید بہتر بنانے اور ان کے ساتھ ذرائع آمدورفت کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ مختلف معاہدے طے پا سکتے ہیں۔ اس عرصے میں حکومت بے روزگاری کی شرح کو کم کرنے کے لیے کافی اقدامات اٹھائے گی اور اس میں کافی حد تک کامیابی ملتی نظر آئے گی۔ البتہ اس عرصے میں عوام کا رویہ کافی جذباتی ہوا کرے گا۔ لوگ جھگڑالو پن کا مظاہرہ کریں گے خصوصاً روپے پیسے اور جنس مخالف کے معاملات کو لے کر۔

سال کے آخری پانچ ماہ قانون ساز اداروں کی نقل و حرکت کو ظاہر کر رہے ہیں۔ وہ لوگوں کی جان و مال کی حفاظت اور عوام کو جلد انصاف پہنچانے میں کافی متحرک نظر آئیں گے۔

یکم فروری تا 7 اپریل کے عرصے میں صحت کے مسائل بڑھتے ہوئے نظر آ رہے ہیں۔ قدرتی آفات، حادثات اور دہشت گردی کا خدشہ ہے۔

21 جون سے 31 اگست کے عرصے میں دفاعی ٹیکنالوجی کی دوڑ میں نئی کامیابی ملنے کی توقع ہے۔ ویزا پالیسی میں تبدیلی آئے گی۔

26 جولائی تا 26 اکتوبر کا عرصہ دوسرے ممالک کے ساتھ تعلقات میں بہتری کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔

یکم نومبر تا 6 دسمبر کے عرصے میں فصلوں کی پیداوار بڑھانے پر خاص توجہ دی جائے گی اور عملی اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

چین

یہ سال معاشی لحاظ سے چین کے لیے بہترین سال ہے۔ البتہ یکم فروری تا 15 مارچ کے دوران کافی زیادہ اونچ نیچ دیکھنے کو ملے گی اور ماہ جون اور جولائی کا عرصہ اونچ نیچ کے ساتھ قدرے مندی کو ظاہر کر رہا ہے۔ سال کے پہلے سات ماہ میں عوام کی بہتری کے لیے کافی کام کیے جائیں گے۔ بیروزگاری کی شرح میں کافی کمی آئے گی۔ لوگوں کو بروقت طبی سہولیات دینے کے لیے اہم اقدامات کیے جائیں گے۔ مزدور طبقہ کی بہتری کے لیے کام ہو گا۔ البتہ حکومت کو چند مسائل کا بھی سامنا رہے گا جس میں دوسرے ممالک سے وقتی طور پر حالات کشیدہ ہونا اور ایک دوسرے کے بارے میں بیان بازی شامل ہے۔ خصوصاً ہمسایہ ممالک کے ساتھ تعلقات خراب ہونے کا زیادہ خدشہ ہے۔

سال کے آخری پانچ ماہ مجموعی طور پر بین الاقوامی سطح پر چین کے بڑھتے ہوئے جال اور اس کی امتیازی خصوصیت کو ظاہر کر رہا ہے۔ دوسرے ممالک کے ساتھ بڑے اور اہم معاہدے طے پائیں گے اور اپنی معیشت اور سلامتی کو مضبوط بنانے کے لیے بھی اقدامات شامل ہوں گے۔

20 جون تا 25 جولائی کے عرصے میں فصلوں کی پیداوار میں بہتری آئے گی۔ لوگوں کو بنیادی طبی سہولیات کی جلد فراہمی پر عملی کام ہوگا۔ کھیل کے میدانوں میں کارکردگی قدرے بہتر رہے گی۔ فلم انڈسٹری اور انٹرٹینمنٹ کے شعبے میں ترقی ہوگی۔ لوگوں کی سیر و تفریح اور موج مستی کے لیے نئے

منصوبے بنائے جائیں گے۔ ٹیکنالوجی میں نئی بلندیاں طے ہوں گی۔

یکم اگست تا 5 دسمبر تک کا وقت چین کی مضبوط حکومت اور دنیا میں بڑھتے ہوئے اثر ورسوخ کو ظاہر کر رہا ہے۔ ہمسایہ ممالک خصوصاً دوست ممالک کے ساتھ تعلقات نئی بلندیوں کو چھوتے نظر آئیں گے۔

5 ستمبر تا 23 اکتوبر کا عرصہ قدرتی آفات اور حادثات کو ظاہر کر رہا ہے۔ فصلوں کو نقصان پہنچے گا۔ پانی کے مسائل سامنے آئیں گے۔

ایران

ایران کے لیے نومبر 2013 تا 10 مارچ کا عرصہ جرائم کی شرح میں اضافے اور بین الاقوامی سطح پر معاشی کمزوری اور پریشانیوں کو ظاہر کر رہا ہے۔ یکم مارچ تا 20 جولائی کا عرصہ دوسرے ممالک کی ایران میں بڑھتی ہوئی مداخلت اور حکومتی سرگرمیوں میں زیادہ دخل اندازی کو ظاہر کر رہا ہے۔ البتہ 21 جولائی تا 31 دسمبر تک کے دوران میں معاملات تھوڑے بہتر ہوتے دکھائی دیں گے۔ بیرونی سرمایہ کاری میں اضافہ اور بین الاقوامی تجارتی سرگرمیاں بڑھنے کی توقع ہے۔ اس عرصے میں عوام کو ریلیف دیا جائے گا اور جرائم کی شرح کو کم کرنے میں مثبت پیش رفت ہوگی۔

یکم فروری تا 7 اپریل کا عرصہ مجموعی طور پر معاشی پریشانیوں اور لاقانونیت کو ظاہر کر رہا ہے۔ یکم مارچ تا 20 جولائی کا عرصہ ملک میں صحت کے مسائل میں اضافے اور فصلوں کی تباہی کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ بعض علاقوں میں پانی کے مسائل بھی سامنے آسکتے ہیں۔ 17 جون تا 18 جولائی تک کا عرصہ حکومتی پالیسیوں میں بہتری اور حکومت لوگوں کی بہتری کے لیے اہم اقدامات اٹھاتی نظر آئے گی۔ البتہ 5 ستمبر تا 23 اکتوبر کا عرصہ حکومت کی کمزور حالت اور ہمسایہ ممالک کے معاملات میں دخل اندازی اور ان سے بگڑتے ہوئے حالات کو ظاہر کر رہا ہے۔

یکم نومبر تا 5 دسمبر کا وقت ملک میں جدید ہتھیاروں میں کامیابی ملنے اور طبی سہولتوں میں بہتری آنے کی نشاندہی کر رہا ہے۔

افغانستان

یکم جنوری تا 25 جولائی کا عرصہ افغانستان میں بگڑتے ہوئے حالات کی نشاندہی کر رہا ہے۔ معصوم لوگوں کی جانوں کے ضیائع میں اضافہ ہوگا۔ ہمسایہ ممالک افغانستان میں اپنی اپنی گرفت مضبوط کرنے کے لیے مختلف سازشیں رچاتے نظر آرہے ہیں۔ البتہ 26 جولائی سے شروع ہونے والا وقت افغانستان کی معاشی بہتری کو ظاہر کر رہا ہے۔ ایک مضبوط اور بہتر حکومت کے قیام کے لیے مثبت کوششیں کی جائیں گی اور مخلص لوگوں کو سامنے لائے جانے کے لیے اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ لوگوں کی بہتری کے لیے کافی کام ہوگا۔ ملک میں بہتر طبی سہولتیں میسر لانے کے لیے بھی کافی امدادی کاروائیاں ہوں گی۔

فرانس

یکم جنوری تا 20 مئی کا عرصہ حکومت کے خلاف اٹھتی ہوئی آواز اور اپوزیشن کے ساتھ محاذ آرائی کو ظاہر کر رہا ہے۔ خصوصاً ماہ جنوری اور فروری میں معاشی اونچ نیچ اور بے روزگاری کی شرح میں بھی تھوڑا اضافہ ہوگا۔ ملک میں وبائی امراض پھیلنے کا خدشہ ہے البتہ 10 مارچ سے ملک کی معاشی صورتحال کی بہتری اور عوام کو بہتر طبی سہولتوں کی فراہمی کے لیے خوب کام کیا جائے گا جو سال کے آخر تک مزید بہتر ہوتا جائے گا۔

یکم جنوری تا 22 جنوری

اب جس وقت سے آپ گزریں گے' کوشش کریں لاپرواہی اور جلد بازی کے قریب نہ جائیں۔ اس وقت کو امتحان کی طرح گزارنے کی کوشش کریں۔ مطلب یہ کہ کچھ مسائل تو سامنے آئیں گے لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ یہ زندگی کا اختتام ہے۔ آنے والا وقت اور کل کیا لائے گا؟ اس پر بھی نظر رکھیں۔ اس وقت ذہن دماغ' سردرد' آنکھ درد جیسے چھوٹے بڑے مسائل تنگ کریں گے۔ اور اس کے علاوہ بھی صحت کے مختلف مسائل سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ گو جوان کم مرض سے متاثر ہوتے ہیں تاہم اس برج سے منسلک بڑی عمر کے افراد خاص طور پر اور چھوٹی عمر کے افراد عمومی طور پر صحت کے امور میں احتیاط برتیں۔ معمولی مرض کو بھی لاپرواہی اور بے توجہی سے نہ لیں ورنہ زیادہ گھمبیر مسائل سے واسطہ پڑے گا۔ ازدواج اور گھریلو حوالے سے بھی مسائل سامنے آئیں گے۔ گو ہر خاندان کے حساب سے اس کی نوعیت فرق ہو سکتی ہے تاہم عمومی طور پر میاں بیوی میں سردمہری اور سازش اور فریب کا شکار ہونے کے واضح اشارے مل رہے ہیں۔ اس صورتِ حال میں بہتر ہے شریک حیات سے زیادہ توقعات وابستہ نہ کریں اور جیسے تیسے وقت کو گزرنے دیں۔ انشاءاللہ آنے والے دنوں میں بہتری پیدا ہوگی۔ نوکری پیشہ افراد کو اپنے افسران سے شکایت رہے گی کہ ان کا رویہ سخت یا تکلیف دہ ہے اور اس مشکل سے صرف اس صورت نکلا جا سکتا ہے جب آپ افسران کے تابع دار بن کر وقت بسر کریں اور اپنی ذمہ داریوں کو زیادہ سے زیادہ پورا کریں' وقت پر۔ کاروباری افراد کو بھی غیر معمولی دباؤ کا سامنا ہوگا جس کا مقابلہ صرف محنت اور کام پر توجہ دینے سے کیا جا سکتا ہے۔

23 جنوری تا 24 مارچ

اس عرصہ کے دوران آپ کی کامیابی یا ناکامی کا دارومدار آپ کے طرز فکر و عمل پر ہے اس وقت زیادہ تیزی و طراری کا مظاہرہ جلد بازی اور دھوکہ سے مقاصد کا حصول بظاہر آسان لگے گا تاہم عملی طور پر اس حوالے سے بہت زیادہ معاملات میں کامیابی نہیں ہوگی۔ اس وقت کی ضرورت ہے کہ خوب سوچ سمجھ اور پھونک پھونک کر قدم اٹھایا جائے۔ تمام رسک لینے والے معاملات اور اہم فیصلوں کو ملتوی کر دیا جائے۔ کسی بھی غیر معمولی آفر کا جواب فوری طور پر نہ دیا جائے۔ چاہے یہ آفر کاروباری حوالے سے یا نوکری وغیرہ کے حوالے سے' تحمل اور سمجھداری سے کام لیں۔ مالی معاملات میں تناؤ رہے گا۔ کوئی فالتو رقم خرچ نہ کریں۔ جوئے اور ریس وغیرہ سے باز رہیں۔ چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں کشیدگی پیدا ہوگی اور ممکن ہے ہمسائیوں کے ساتھ تعلقات بھی زیادہ خوشگوار نہ رہیں۔ جادو یا سحری اثرات کا بھی خطرہ ہے۔ اب تک آپ جن مسائل کا سامنا کر رہے تھے اب آنے والا وقت اس حوالے سے آسودگی اور بہتری کا اشارہ دے رہا ہے۔ روزگار کے حوالے سے آپ کا تعلق نوکری کرنے والے شعبے یا کاروباری طبقے سے ہو یا آپ کمیشن ایجنٹ ہوں یا جو بھی کوئی اور صورت حال ہو' یہ بات طے ہے کہ اللہ کے فضل سے آپ اپنے شعبہ حیات میں کامیابی کا اور ترقی کا سفر ضروری طے کریں گے۔ یہ اب آپ کی قسمت پر ہے کہ اس کا درجہ کیا ہوگا۔ تاہم قسمت کی دیوی اس وقت آپ پر مہربانی ضرور کرے گی۔ وہ جو نیا کام شروع کرنے کے خواہش مند تھے یا وہ جو نئی کاروباری شاخیں کھولنے کے خواہشمند ہیں ان کو یہ سب کچھ کر گزرنا چاہیے۔ اس عرصہ کے دوران نئے نئے لوگوں سے تعلقات بنیں گے۔ اور سوشل سطح پر قبولیت میں اضافہ ہوگا۔

خاندان کے اندر اور باہر اچھی پوزیشن حاصل ہوگی۔ اس عرصہ کے دوران سیاست سے متعلق افراد کے لیے خصوصی طور پر کامیابی اور مقاصد کے حصول کے لیے کام کرنے کا وقت ہے۔

25 مارچ تا 11 اپریل

نوکری پیشہ افراد کو افسران بالا کی طرف سے مثبت رویہ ملے گا اور ان کی پوزیشن مستحکم ہوگی۔ پیشہ ورانہ سیاست میں حکومتی اور اعلیٰ افسران کا تعاون رہے گا۔ بہت ممکن ہے اس حوالے سے پروموشن یا مالی فائدہ ملے۔ وہ جو کاروبار میں ہیں اِن کو بھی اچھی امید رکھنی چاہیے' کاروبار کے پھلنے پھولنے کے اچھے امکانات ہیں۔ شادی یا منگنی وغیرہ کے خواہشمند بھی اس عرصہ میں خوشی دیکھ سکیں گے۔ گھریلو ماحول اور گھر کو خوشگوار بنانے کی طرف رجحان رہے گا۔ گھر کی تزئین' آرائش کی طرف متوجہ ہوں گے۔ وہ افراد جو اس سے پہلے صحت کے مسائل کا شکار تھے اب اِن کو بھی صحت میں بہتر اور مناسب اور درست علاج کی سمت ملے گی۔

12 اپریل تا 11 مئی

اس وقت کی ابتدا نسبتاً اچھے طریقے سے ہوگی۔ وہ لوگ جن کے کام کا دارومدار چلنے پھرنے یا بیرون شہر سے ہے ان کو پوری دلچسپی کے ساتھ کام کرنا چاہیے۔ اچھے امکانات نظر آ رہے ہیں۔ اس عرصے کے دوران مستقل بنیاد پر نئی رہائش میں منتقل نہ ہوں۔ شاید جلد یا بدیر پھر تبدیلی واقع ہوگی۔ اندرون ملک سفر اور کام کے لیے آنا جانا فائدہ مند ہوگا۔ شادی شدہ افراد کی ازدواجی زندگی نسبتاً خوشگوار ہوگی۔ چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ اچھے تعلقات ہوں گے اور اِن کے ذریعے اگر کوئی فوائد مطلوب ہوں تو حاصل ہوں گے۔ عاشق مزاج افراد کو دل لگی کے مواقع ملیں گے اور عمومی طور پر جنس مخالف کے ذریعے مدد اور کاموں میں سہولت ملنے کا امکان ہے۔ مالی' مادی و تفریح کے حوالے سے خوشگوار نتائج کا حامل ہوگا۔ ہاں وہ جن کی والدہ بیمار ہیں۔ علاج معالجہ پر توجہ دیں ورنہ پریشانی بڑھ سکتی ہے۔ حلقہ احباب میں وسعت اور مشہوری ہوگی اور چاہنے والے ملیں گے۔ اس عرصہ کے دوران تنگ نظری اور بدمزاجی کا شکار ہو سکتی ہیں جو چھوٹے موٹے مسائل کا باعث ہو سکتی ہے۔ توجہ دیں تو اس پر قابو پانا ناممکن ثابت نہ ہوگا۔

12 مئی تا 2 جون

تجارتی اور مالی معاملات میں محتاط رویہ اختیار کریں۔ غیر معمولی

اخراجات یا حساب نہ کرنا "مالی تنگی اور قرض کا شکار بنانے کا باعث ہوگا۔ کسی فیکٹری لگانے یا کوئی چیز بنانے کے کام میں کسی صورت نہ پڑیں۔ صرف اِدھر کا مال اُدھر کرنے جیسے کاموں میں آمدن ہوگی۔ یعنی کے ایک جگہ سے مال لیں اور دوسری جگہ بیچ دیں۔ اس میں اتنا ہی کافی ہے۔ طبع میں فطری جلد بازی پر قابو پانے کی کوشش کریں ورنہ جو بھی قدم اٹھائیں گے وہ غلط جگہ جا پڑے گا۔ خاص طور پر شراکت پر کام کرنے والے دھیان کریں۔ شریک کار کسی بھی صورت معاف نہیں کرے گا۔ معمولی سی غلطی یا نقصان بھی اُس کے لیے تکلیف کا باعث ہوگا اور باہمی تلخی کا باعث ہو سکتا ہے۔ اس دوران سفر کا بھی موقع ملے گا اور صاحب حیثیت واختیار لوگوں کے ساتھ ملاقات اور تعلقات قائم ہوں گے۔

3 جون تا 26 جولائی

وہ نوکری پیشہ افراد جو عرصے سے ترقی کے خواہش مند تھے یا کسی بہتر جگہ یا پوزیشن والی نوکری کی تلاش میں تھے اب وقت ہے کہ اِن کی مراد پوری ہوتی نظر آ رہی ہے۔ اِسی طرح کاروباری افراد کے لیے خوشی لانے والا وقت ہے۔ عزت و وقار میں اضافہ ہوگا اور لوگوں کے درمیان اچھی جگہ پائیں گے۔ شہرت اور نام حاصل ہوگا۔ دوسرے لوگوں میں اچھا مقام' پوزیشن اور عزت ملے گی۔ اس وقت آپ اپنے یا گھریلو کام کے حوالے سے قیمتی اشیا کا اضافہ کریں گے۔ سیاسی اُمور سے تعلق رکھنے والوں کو عہدے کے حصول یا حسب منشا کام کروانے کے لیے اس وقت سے فائدہ اُٹھانا چاہیے۔

27 جولائی تا 13 ستمبر

سال کا یہ حصہ کچھ محنت طلب ہوگا۔ ساتھ کام کرنے والے لوگوں کے ساتھ اختلاف رائے پیدا ہوگا اور اس حوالے سے بحث مباحثہ کچھ فائدہ نہ دے گا بلکہ دباؤ میں اضافہ ہوگا۔ اس سے بہتر یہ ہے کہ حتمی فیصلہ کے لیے افسران بالا کی طرف دیکھیں یہاں سے نسبتاً بہتر جواب ملے گا۔ اپنی اور اہل خانہ کی صحت کا دھیان رکھیں اور بے توجہی اختیار نہ کریں۔ اس عرصہ کے دوران خاص طور پر والدہ کی صحت کے حوالے سے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ گاڑی چلانے، آلات استعمال کرنے اور سڑک وغیرہ پار کرنے میں احتیاط کریں۔ حادثہ کا امکان ہے۔ وہ جو کام چوری یا کاہلی یا سستی سے کام لیں گے ان کو سمجھ لینا چاہیے کہ اس وقت یہ رویہ ناکامی لانے کا باعث ہوگا اور کئی طرح کے مسائل کا باعث ہوگا۔ گھریلو امور پر بھی نظر رکھیں اور وقت پر فیصلہ کریں موقع نکل جانے کے بعد کچھ حاصل نہ ہوگا۔ عمومی طور پر اس وقت اچھے حالات و واقعات پیش آئیں گے۔ گاڑی کی خرید [illegible] کے لیے اچھا وقت ہے۔ گھریلو حالات میں اتار چڑھاؤ ایک کے بعد دوسری تبدیلی آتی رہے گی اور زیادہ امکان اس بات کا ہے کہ معاملات مکمل طور پر قابو میں نہ ہوں گے۔ افراد خانہ کے ساتھ بھی اچھے اور خوشگوار تعلقات رہیں گے۔ خاندان میں شادی دعوت اور ایسے کسی دیگر واقعہ کی بھی توقع ہے۔ مالی معاملات کے حوالے سے اچھا وقت ہے اور کاروباری حضرات کو خاص طور پر آگے بڑھنے کے مواقع ملیں گے۔ وہ لوگ جو زمین جائیداد یا مکان وغیرہ خریدنے کے خواہشمند ہیں ان کو بھی اس حوالے سے کوئی نہ کوئی کامیابی ضرور ملے گی۔ وہ نوکری پیشہ افراد جو ترقی چاہتے وہ عہدہ ہو یا تنخواہ کی ان کو بھی اس حوالے سے مطمئن رہنا چاہیے۔ اس کے بھی واضح امکانات ہیں۔ شیئرز اور جوئے کے کام میں زیادہ رقم نہ لگائیں۔ وہ جن کے گھر اولاد نہیں یا شادی کے خواہشمند ہے ان کو بھی اس عرصہ میں موقع ملے گا۔ جو مختصر دورانئے پر مشتمل ہوگا۔

14 ستمبر تا 10 نومبر

نوکری پیشہ افراد کو اس وقت کو محتاط ہو کر بسر کرنا چاہیے۔ افسران بالا آپ کی ہر حرکت پر نظر رکھے ہوئے ہوں گے۔ یہ تو نہیں کہا جا سکتا کہ وہ آپ کو برطرف کرنا چاہتے ہیں تاہم یہ ضرور ہے کہ وہ آپ سے زیادہ سے زیادہ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ دکھانے کی خواہش رکھتے ہیں اور اگر یہ کہا جائے کہ اگر آپ ان کو مطمئن کرنے میں کامیاب ہو گئے تو مستقبل میں ضرور اپنی محنت کا پھل پا سکیں گے۔ اس طرح وہ افراد جو خاندانی یا شراکت کے کاروبار میں ہیں۔ ان کے بڑے یا شریک کار بھی نسبتاً سخت رویے کا مظاہرہ کریں گے ایسی صورت حال میں نا امید ہونے کی بجائے یاد رکھیں یہ برائی کی شکل میں اچھائی ہے اور اس کا ثمر بہر حال آپ کو ضرور ملے گا۔ شرط صرف محنت اور محنت کی ہے۔ اپنے کام اور منصب کے ساتھ مخلص رہیں۔ بلاشبہ دوسروں کا بھلا نہ سوچیں اپنا بھلا سوچیں۔ وہ افراد جن کے والد حیات ہیں یا گھر میں اس درجہ کا کوئی اور بڑا بوڑھا ہے تو بہت ممکن ہے اس کی صحت کی خرابی وغیرہ سے واسطہ پڑے ایسی صورت میں علاج معالجہ پر توجہ دیں تاکہ معاملات میں زیادہ خرابی پیدا نہ ہو۔ تمام تو نہیں البتہ بہت سے افراد کا رجوع مذہب اور علوم مخفی کی طرف ہو سکتا ہے اور وہ مذہبی روحانی یا نجومی عملیاتی تعلیم کے حصول میں سنجیدہ ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کے ساتھ بھی ایسا ہے تو ضرور کوشش کریں کامیابی کا امکان ہے۔ اللہ کے فضل سے۔

11 نومبر تا اختتام سال

ایک ایسا وقت جو کئی حوالوں سے سعادت کا مظہر ہوگا۔ انسان کے دل و دماغ میں کئی ایک خواہشات پر رجحان ہوتی ہیں اور یہ وقت نجومی لحاظ سے ایسا ہے جو ظاہر کرتا ہے کہ اس وقت آپ کی کوئی نہ کوئی حقیقی خواہش ضرور پوری ہوگی۔ عمومی لحاظ سے دیکھا جائے تو مالی و مادی حوالے سے اچھا وقت ہے "مالی آسودگی اور خوشحالی کا حصول ہوگا۔ وہ لوگ جو پیشہ ور ہیں وہ اپنے اپنے پیشے میں نام کمائیں گے۔ میڈیا اور ایسے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی شہرت اور نیک نامی ملے گی۔ حلقہ احباب میں وسعت ہوگی اور مختلف لوگوں کے ساتھ تعلقات اور مجالس کا موقعہ ملے گا۔ گھر اور گھر سے باہر عزت و وقار میں اضافہ ہوگا۔ شادی شدہ افراد کو ازدواجی حوالے سے خوشگوار ماحول میسر ہوگا اور خاندانی خوشیاں نصیب ہوں گی۔ اس برج سے متعلق وہ لوگ جو مختلف امراض کا شکار تھے۔ اب وقت ہے کہ اچھے ڈاکٹر کے علاج سے صحت یاب ہوں گے۔ بڑے بہن بھائی فوائد کا باعث ہوں گے۔ ہمسایوں کے ساتھ تعلق میں تناؤ آ سکتا ہے۔

ثور

یکم جنوری تا 22 جنوری

جاری کو ابھی صورت میں سنجیدہ رویہ اختیار کر لیں۔ پہلی سی آزادروی اور آسودگی نہ ہوگی بلکہ رکاوٹ اور دباؤ محسوس کریں گے۔ کئی کاموں اور امور میں رکاوٹ اور التواء کا قوی امکان ہے تاہم عمومی حوالے سے مادی و مالی امور میں بھی آسودگی کا عنصر باقی رہے گا۔ تاہم صحت کے حوالے سے اچھا وقت نہیں ہے۔ ذاتی صحت "شریک حیات اور بچے اگر ہیں تو ان کی صحت بھی نہیں تو کہیں نہ کہیں کوئی نہ کوئی مسئلہ اور خرچہ اس حوالے سے پڑا رہے گا۔ سو ہمارا مشورہ ہے کہ اس حوالے سے جیسے ہی کوئی تکلیف دہ صورت حال سامنے آئے فوری علاج معالجہ پر توجہ دیں اور بے توجہی نہ برتیں۔ اور اگر آپ سائیکل یا گاڑی وغیرہ کے مالک ہیں تو خوب سوچ سمجھ کر ان کا استعمال کریں۔ ٹریفک اور پیدل چلتے ہوئے بھی محتاط رہیں حادثہ کا خطرہ ہے۔ وہ لوگ جو شراکت وغیرہ کرنے کی خواہش مند ہیں ان کے لیے رسک لینا ٹھیک رہے گا اور معاملات کو سمجھداری سے طے کرنا آپ پر ہے اور امید ہے لکھتے پڑھتے آپ کوئی غلطی نہ کریں۔ شادی اور منگنی وغیرہ اس عرصہ میں نہ کریں۔ شراکت جنس مخالف کے ساتھ نہ ہو۔

23 جنوری تا 24 مارچ

اب آپ ایک ایسے وقت میں داخل ہوں گے جو آپ کے معاملات میں آسودگی لانے کا باعث ہوگا۔ کوشش اور ہمت آپ کی ہی ہوگی۔ بہر حال اس وقت خاص طور پر بیرون ملک جانے یا رابطہ قائم کرنے یا بزنس وغیرہ کرنے کے حوالے سے اچھے احکام سامنے آرہے ہیں سو اس حوالے سے اپنی کوشش کریں۔ اللہ بہتر کرنے والا ہے۔ اندرون ملک سفر چاہے میل ملاقات چاہے پیشہ وارانہ ہو مفید ثابت ہوگا۔ اس وقت کے حوالے سے گو اچھے اشارے مل رہے ہیں تاہم ہمارا مشورہ ہے اپنے مزاج پر قابو رکھیں اور بے مقصد بھاگ دوڑ اور کبھی ایک معاملہ اور کبھی دوسرا معاملہ ہاتھ میں لے کر زندگی بسر کرنے کا رویہ مثبت نتائج نہیں لائے گا۔ اپنے ذہن کو ایک جگہ مرتکز کریں اور اپنی تمام تر ذہنی اور جسمانی طاقتوں کو مقررہ منزل کے حصول کے لیے استعمال کریں یہی وقت کا تقاضہ ہے۔

25 مارچ تا 11 اپریل

اس وقت کی ابتدا انتہائی اچھے طریقے سے ہوگی۔ وہ لوگ جن کے کام کا دارومدار چلنے پھرنے یا بیرون شہر سے ہے ان کو پوری دلچسپی کے ساتھ کام کرنا چاہیے۔ اچھے امکانات نظر آرہے ہیں۔ اس عرصے کے دوران مستقل بنیاد پر نئی رہائش میں منتقل نہ ہوں۔ شاید جلد یا بدیر پھر تبدیلی واقع ہوگی۔ اندرون ملک سفر اور کام کے لیے آنا جانا فائدہ مند ہوگا۔ شادی شدہ افراد کی ازدواجی زندگی انتہائی خوشگوار ہوگی۔ چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ اچھے تعلقات ہوں گے اور ان کے ذریعے اگر کوئی فوائد مطلوب ہوں تو حاصل ہوں گے۔ عاشق مزاج افراد کو دل لگی کے مواقع ملیں گے اور عمومی طور پر جنس مخالف کے ذریعے مدد اور کاموں میں سہولت ملنے کا امکان ہے۔ مالی "مادی وتفریح کے حوالے سے خوشگوار نتائج کا حامل ہوگا۔ ہاں وہ جن کی والدہ بیمار ہیں۔ علاج معالجہ پر توجہ دیں ورنہ پریشانی بڑھ سکتی ہے۔ حلقہ احباب میں وسعت اور مشہوری ہوگی اور چاہنے والے ملیں گے۔ اس عرصہ کے دوران تنگ نظری اور بدمزاجی کا شکار ہوسکتی ہیں جو چھوٹے موٹے مسائل کا باعث ہوسکتی ہے۔ توجہ دیں تو اس پر قابو پانا ناممکن ثابت نہ ہوگا۔

12 اپریل تا 11 مئی

ایک ایسا ہی وقت جس کے بارے میں یہ نہیں کہا جاسکتا کہ بہت

سہ جہتی طلسم زہرہ

زہرہ کا زیر بحث طلسم کئی حوالوں سے موثر و متبرک ہے۔ وہ لوگ جو اپنی زندگی آرام سکون اور آسودگی سے بسر کرنا چاہتے ہیں۔ ان کے لیے یہ طلسم ایک نعمت کی سی حیثیت رکھتا ہے۔ حصول دولت اور خوشحالی جیسے مقاصد میں بھی موثر کردار ادا کرتا ہے۔ اس طلسم کا ایک خاص استعمال پیار محبت اور جنسی معاملات میں ہے۔ وہ لوگ جو حصول مطلوب کے مسئلے کے شکار ہیں یا وہ جو کسی خاص فرد کو اپنا دوست بنانا چاہتے ہیں یا کسی خاص فرد کے ساتھ شادی کے خواہش مند ہیں ان سب کے لیے یہ طلسم کام دے گا۔

عام لوگوں کے دلوں میں محبت پیدا کرنے اور لوگوں کا رجحان اور طلب اپنے لیے پیدا کرنے کے لیے بھی یہ موثر ہے۔ یہ تسخیر، محبت اور الفت جیسے معاملات سے منسوب ہے اور آپ میں دوسروں کے لیے کشش اور طلب پیدا کرتا ہے۔ وہ لوگ جو فنون لطیفہ مثلاً فلم، ٹی وی، ڈرامہ، آرٹ اور دوسرے ایسے شعبوں سے متعلق ہیں ان کے لیے بھی یہ بہت فائدہ مند ہے۔ لوگوں میں شہرت اور شائقین کی توجہ حاصل کرنے اور ان کے دلوں میں داخل ہونے اور راج کرنے کے لیے اس طلسم سے ضرور فائدہ اُٹھانا چاہیے۔ اسی طرح وہ تمام لوگ جن کے پاس گاہک آتے ہیں اور ان کو ضرورت ہوتی ہے کہ زیادہ سے زیادہ لوگ ان کے پاس آئیں، ان کے لیے بھی اس طلسم کو استعمال کرنا بہت مفید ہے۔ جنسی کشش اور جنس مخالف کی توجہ حاصل کرنے کے حوالے سے بھی اس کو استعمال کیا جاسکتا ہے۔

زیادہ آپ کے حق میں ہے۔ افراد خانہ میں سے کسی کی صحت خاص طور پر ماں یا بیوی وغیرہ کی خراب ہوگی جس کی وجہ سے کئی مسائل در آئیں گے اور آپ کا تعلق ایک جذباتی خاندان سے بھی تو ہے پھر اندرون خانہ کے چھوٹے موٹے جھگڑے لازم شدت پکڑیں گے اور اگر سمجھ داری سے کام نہ لیا گیا تو باہمی اختلاف خاندان کو تقسیم کرنے کا باعث بنے گا۔ مشینری اور آگ کے کاموں میں محتاط رہیں ان سے نقصان کا واضح امکان ہے۔ مثبت بات اس عرصے میں یہ ہے کہ وہ افراد جو اپنے اندر آگے بڑھنے یا کامیابی حاصل کرنے کا شدید جذبہ رکھتے ہیں اس عرصہ کے دوران اپنی فطری جبلت کے تحت کام کرتے ہوئی کوئی نہ کوئی کامیابی ضرور حاصل کریں گے۔ چاہے تعلق نوکری سے ہو یا کاروبار سے یا بازار سیاست وغیرہ سے۔

12 مئی تا 2 جون

ایک ایسا ہی وقت جس کے بارے میں یہ نہیں کہا جاسکتا کہ بہت زیادہ آپ کے حق میں ہے۔ افراد خانہ میں سے کسی کی صحت خاص طور پر ماں یا بیوی وغیرہ کی خراب ہوگی جس کی وجہ سے کئی مسائل در آئیں گے اور آپ کا تعلق ایک جذباتی خاندان سے بھی تو ہے پھر اندرون خانہ کے چھوٹے موٹے جھگڑے لازم شدت پکڑیں گے اور اگر سمجھ داری سے کام نہ لیا گیا تو باہمی اختلاف خاندان کو تقسیم کرنے کا باعث بنے گا۔ مشینری اور آگ کے کاموں میں محتاط رہیں ان سے نقصان کا واضح امکان ہے۔ مثبت بات اس عرصے میں یہ ہے کہ وہ افراد جو اپنے اندر آگے بڑھنے یا کامیابی حاصل کرنے کا شدید جذبہ رکھتے ہیں اس عرصہ کے دوران اپنی فطری جبلت کے تحت کام کرتے ہوئی کوئی نہ کوئی کامیابی ضرور حاصل کریں گے۔ چاہے تعلق نوکری سے ہو یا کاروبار سے یا بازار سیاست وغیرہ سے۔

3 جون تا 26 جولائی

اس وقت تمام ایسے کام جو رسک لینے کے زمرے میں آتے ہیں ان سے دور رہیں۔ اس میں تیز گاڑی یا موٹر سائیکل وغیرہ چلانے سے لے کر شیئرز یا جوا یا نمبروں وغیرہ کے سب معاملات شامل ہیں۔ اگر ایسا کیا تو پھر اس کا رزلٹ جلد ہی مل جانے کا زیادہ انتظار نہیں کرنا پڑے گا اور یہ کچھ اچھا بھی نہ ہوگا۔ اس عرصہ کے دوران صحت کے مسائل میں اضافہ ہوگا اور اب آپ اکیلے نہ رہیں گے بلکہ توقع ہے خاندان میں سے کوئی اور بھی صحت کے مسائل و امراض کا شکار ہوگا۔ سو اس حوالے سے محتاط رہیں اور خرابی صحت کو طوالت اختیار نہ کرنے دیں۔ جیسے ہی کوئی متاثر ہو فوری طور پر اس کے علاج معالجہ پر توجہ دیں۔ یہی آپ کے لیے اور یہی دوسرے مریض کے لیے موزوں ہے۔ اس عرصہ کے دوران نیا گھر لینے، گاڑی تبدیل کرنے یا گھر کی تعمیر وغیرہ میں نہ پڑیں۔ جائیداد کی خرید و فروخت بھی نہ کریں۔ اس وقت ان معاملات میں کام کرنا مستقبل میں اچھے نتائج نہ لائے گا۔ افراد خانہ سے زیادہ مباحثہ نہ کریں۔

27 جولائی تا 13 ستمبر

حالات میں تبدیلی محسوس کی جائے گی اور جس قدر آسانی پہلے تھی

اب اتنی محسوس نہ ہوگی۔ صحت کے حوالے سے خاص طور پر محتاط رہیں یہ صرف عمومی امراض کی بات نہیں بلکہ راہ چلتے سائیکل یا گاڑی چلانے یا کام کرتے ہوئے بھی اپنے آپ کو بچا کر رکھنے کا وقت ہے تاکہ حادثہ وغیرہ سے محفوظ رہا جاسکے۔ اس وقت کو موت کا وقت تصور نہ کرلیں۔ البتہ مشکل ضرور ہے۔ وراثت "خاندانی امور شراکت کے معاملات میں تناؤ کی کیفیت ہوگی اور مطلوبہ مقاصد کا حصول آسانی سے نہ ہوگا۔ مشترکہ کاروبار کرنے والوں کو شریک کار یا مال خریدنے والوں سے ادھار کی واپسی یا حساب کے حوالے سے شکایت پیدا ہونا امر لازم ہے۔ ہاں وہ لوگ جو موت" کفن دفن اور انشورنس وغیرہ کے کاموں سے متعلق ہیں ان کو فوائد کا حصول ہوگا "عمومی طور پر مالی معاملات میں تناؤ رہے گا۔ اور مالی و مادی حوالے سے کئی مسائل پریشانی کا باعث ہوں گے۔ جو بھی صورت حال ہو جلد بازی اور تندی و تیزی سے کسی بھی ضرورت میں کام نہ لیں ورنہ مسائل میں بھی اضافہ ہی ہوگا۔

14 ستمبر تا 10 نومبر

یہ وقت تبدیلی حالات کا مظہر ہے۔ معاملات میں رکاوٹ اور مسائل سر اٹھاتے محسوس ہوں گے۔ روپیہ کا استعمال اور اخراجات زیادہ تر ایسے مقام پر ہوں گے جہاں آپ کو زیادہ توقع نہ ہوگی۔ کسی بے وقت شادی یا مرگ کا آنا یا پھر گھر میں بیماری کا داخل ہونا اور ڈاکٹروں اور ادویات پر ایک بڑی رقم خرچ ہونا وغیرہ جیسے معاملات پیش آسکتے ہیں۔ خاص طور پر بیوی کی صحت کا خیال رکھیں اور بیماری کے پھیلنے سے پہلے کنٹرول کرنے کی کوشش کریں۔ آپ کے مخالفین بھی اس وقت سر اٹھانے کی کوشش کریں گے اور اگر وہ یا آپ غیر قانونی ذرائع سے فیصلہ کرنے کی کوشش کریں گے تو کچھ بعید نہیں کہ آپ جسمانی تکلیف' درد اور زخم کا شکار ہوں۔ معاملات کو جس قدر خوش اسلوبی سے ہوسکے طے کرنے کی کوشش کریں۔ اس وقت مار پیٹ یا زور زبردستی سے کچھ حاصل نہ ہوگا۔ بلکہ آپ کا نقصان اور پریشانی بڑھے گی۔ اس عرصہ کے دوران یہ بھی ممکن ہے کہ مخالفین اور خفیہ دشمن اپنی کارستانیوں میں تیزی لے آئیں۔ ان کے اقدامات میں خفیہ سازش سے لے کر آپ کو مسائل کا شکار کرنے کے لئے جادو ٹونے کا استعمال بھی ہوسکتا ہے۔ میٹھی بات اس عرصہ میں یہ ہوسکتی ہے کہ آپ کو مذہبی حوالے سے کسی سفر کا موقع ملے۔ بیرون ملک جانے کے شوقین اس وقت مشکوک طریق یا کاغذات استعمال نہ کریں' پکڑے جانے کا واضح حکم سامنے آرہا ہے۔

11 نومبر تا اختتام سال

اس عرصہ کے دوران آپ کی کامیابی یا ناکامی کا دارومدار آپ کے طرز فکر و عمل پر ہے اس وقت زیادہ تیزی و طراری کا مظاہرہ جلد بازی اور دھوکہ سے مقاصد کا حصول بظاہر آسان لگے گا تاہم عملی طور پر اس حوالے سے بہت زیادہ معاملات میں کامیابی نہیں ہوگی۔ اس وقت کی ضرورت ہے کہ خوب سوچ سمجھ اور پھونک پھونک کر قدم اٹھایا جائے۔ تمام رسک لینے والے معاملات اور اہم فیصلوں کو ملتوی کردیا جائے۔ کسی بھی غیر معمولی آفر کا جواب فوری طور پر نہ دیا جائے۔ چاہے یہ آفر کاروباری حوالے سے یا نوکری وغیرہ کے حوالے سے ا تحمل اور سمجھداری سے کام لیں۔ مالی معاملات میں تناؤ رہے گا۔ سو فالتو رقم خرچ نہ کریں۔ جوئے اور ریس وغیرہ سے باز رہیں۔ چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں کشیدگی پیدا ہوگی اور ممکن ہے ہمسائیوں کے ساتھ تعلقات بھی زیادہ خوشگوار نہ رہیں۔ جادو یا سحری اثرات کا بھی خطرہ ہے۔ اب تک آپ جن مسائل کا سامنا کررہے تھے اب آنے والا وقت اس حوالے سے آسودگی اور بہتری کا اشارہ دے رہا ہے۔ روزگار کے حوالے سے آپ کا تعلق نوکری کرنے والے شعبے یا کاروباری طبقے سے ہو یا آپ کمیشن ایجنٹ ہوں یا جو بھی کوئی اور صورت حال ہو" یہ بات طے ہے کہ اللہ کے فضل سے آپ اپنے شعبہ حیات میں کامیابی کا اور ترقی کا سفر ضرور طے کریں گے۔ یہ اب آپ کی قسمت پر ہے کہ اس کا درجہ کیا ہوگا۔ تاہم قسمت کی دیوی اس وقت آپ پر مہربانی ضرور کرنے گی۔ وہ جو نیا کام شروع کرنے کے خواہش مند تھے یا وہ جو نئی کاروباری شاخیں کھولنے کے خواہشمند ہیں ان کو سب کچھ کر گزرنا چاہیے۔ اس عرصہ کے دوران نئے لوگوں سے تعلقات بنیں گے۔ اور سوشل سطح پر قبولیت میں اضافہ ہوگا۔ خاندان کے اندر اور باہر اچھی پوزیشن حاصل ہوگی۔ اس عرصہ کے دوران سیاست سے متعلق افراد کے لیے خصوصی طور پر کامیابی اور مقاصد کے حصول کے لیے کام کرنے کا وقت ہے۔

تبدیلی شخصیت

ماورائی علوم میں مانا جاتا ہے کہ انسان کے گرد مختلف روشنیوں کا ایک خاص ہالہ ہوتا ہے۔ جس کو اورا کا نام دیا جاتا ہے۔ گولڈن پکھراج یا اس سے ملتا جلتا رنگ جب پکھراج کا ہو تو یہ انسان کے اس روشنیوں کے سمندر میں مثبت تبدیلی اور شخصیت میں سکون و توازن لانے کا باعث ہوتا ہے۔ فطرتی طور پر مثبت حالات و واقعات انسانی زندگی میں پیش آنا شروع ہوجاتے ہیں۔

جوزا

یکم جنوری تا 22 جنوری

ذرائع آمدن میں وسعت پیدا ہوگی اور ہر گزرتے دن کے ساتھ مالی معاملات میں بہتری آئے گی۔ نوکری پیشہ افراد کو افسران بالا کے تعاون معاملات میں بہتری آئے گی۔ نوکری پیشہ افراد کو افسران بالا کا تعاون و معاونت ملے گی اور کاروباری افراد کو بھی آگے بڑھنے کے لیے مختلف لوگوں کا تعاون حاصل ہوگا۔ اگر کوشش کی گئی تو یہ نا ممکن نہیں کہ آپ کو ایک سے زائد جگہوں سے آمدن ہو یا ذرائع آمدن کی سمتیں بڑھ جائیں۔ ہاں اس ساری بھاگ دوڑ میں اپنی خوراک اور صحت کا خیال رکھیں۔ اِن معاملات میں لاپرواہی یا غیر ذمہ دارانہ رویہ صحت کے مسائل کا شکار کر سکتا ہے۔ آدمی روٹی کے لیے ہی کام کرتا ہے۔ اور جو روٹی آپ کی جان اور صحت پر بھاری پڑ جائے اس کا کوئی فائدہ نہیں۔ حصول مکان "پرانا یا کرایہ پر" نیا مکان وغیرہ لینے یا دوکان لینے کے حوالے سے اچھا وقت ہے اور ایسی کسی صورت حال سے واسطہ بھی پڑے گا عزیز و اقارب کے ساتھ تعلق میں بہتری آئے گی اور باہم میل ملاپ بڑھے گا زرعی زمین کے حاملین کو بھی غیر متوقع فائدہ ہوتا نظر آرہا ہے۔

23 جنوری تا 24 مارچ

اس وقت مسائل اور اِن کی نوعیت تبدیل ہو جائے گی تاہم مجموعی طور پر حالات غیر تسلی بخش اور غیر مطمئن کرنے والے ہی ہوں گے۔ ہاں اس وقت ایک مثبت بات یہ ہے کہ حالات کا دھارا موڑنے کی کچھ نہ کچھ صلاحیت اس وقت فطرت کی طرف سے آپ کو بھی ودیعت کی جائے گی اور وہ آپ کا طرزِ عمل اور طرزِ سوچ۔ آپ اگر مضبوط قوت ارادی اور ارتکاز توجہ کے حامل ہیں یا اس کا مظاہرہ اس وقت کر سکتے ہیں تو ہمارے حساب سے حالات کا رخ موڑنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ یوں آپ کے حالات و واقعات پر نظر ڈالی جائے تو حساب سے نظر آتا ہے کہ ذرائع آمدن میں کمی واقع ہوگی۔ روپیہ کا بہاؤ سست ہو جائے گا کہ آمدن کی نسبت اخراجات زیادہ ہوں گے۔ عمومی صحت کے مسائل اپنی جگہ تاہم اس عرصہ کے دوران اگر اس برج کے حاملین کو جلد یا نروس انجین کے مسائل کا سامنا ہو تو بہتر ہے فوری طور پر علاج پر توجہ دیں کیونکہ اِس حوالے سے اس عرصے کے دوران صحت کے مسائل بڑھ سکتے ہیں۔ اس عرصہ کے دوران ایک بات جس کا خاص طور پر دھیان رکھنا ضروری ہے وہ ہے آپ کے نئے نئے بننے والے تعلقات۔ یعنی یہ تعلقات کس قسم اور طبقہ کے لوگوں سے بن رہے ہیں۔ آپ جس بھی معاشرتی پس منظر کے حامل ہیں ایسے لوگوں سے تعلق جو معاشرتی طور پر آپ سے کم تر ہیں آپ کے لیے فائدہ مند نہ ہوگا۔ اہل خاندان اور حلقہ احباب میں اس وجہ سے آپ کی مخالفت پیدا ہوگی اور شاید کئی حوالوں سے یہ لوگ

خط/منی آرڈر

خط یا منی آرڈر فارم کے سب سے نچلے حصے پر اپنا کوائف نام، نام والدہ، پتہ اور مقصد صاف اور واضح تحریر کیا کریں۔ جواب طلب امور کے لیے اپنا پتہ لکھا جوابی خط لازم ارسال کریں۔

آپ کے بارے میں غیر محتاط رویہ اختیار کریں۔ سو جو بھی قدم اٹھائیں خوب سوچ سمجھ کر اٹھائیں۔

25 مارچ تا 11 اپریل

یہ وقت بیرون ملک کے حوالے سے معاملات طے کرنے کے حوالے سے حد درجہ اہم ہے۔ قطع نظر اس بات کے کہ آپ بیرون ملک جانے کے خواہشمند ہیں، بیرون ملک کسی تعلیمی ادارہ میں داخلہ لینا چاہتے ہیں یا نوکری کے لیے جانا چاہتے ہیں یا کاروبار بزنس کے لیے، ہر حوالے سے آپ کو کوشش کرنی چاہیے کامیابی کا کافی امکان ہے۔ عمومی طور پر بھی یہ وقت مالی و مادی حوالے سے مثبت احکام لیے ہوئے ہے۔ معاملات میں آسانی اور آسودگی حاصل ہوگی۔ معاشرے میں اچھی پوزیشن حاصل ہوگی اور نئے تعلقات قائم ہوں گے۔ بانڈ ریس اور ایسے معاملات میں حصہ لینا ایک حد تک مفید ہوگا۔ نئے دوست بنیں گے اور سیر و تفریح کے مواقع ملیں گے۔ وہ جن کی ترقی رکی ہوئی تھی اب امکان ہے اِس حوالے سے مطلوبہ مقاصد حاصل ہوں گے۔ بچوں کے معاملات میں آسودگی آئے گی اور جوان بچے روزگار کے حوالے سے اچھی خبر لائیں گے۔

12 اپریل تا 11 مئی

اس وقت کو کامیابی لانے والے وقت سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔ جاری کواکبی صورت حال کے مطابق آپ جس بھی کام میں ہاتھ ڈالیں گے اس میں غیر معمولی کامیابی کا حصول ہوگا۔ کاروباری افراد اگر توجہ سے کام لیں تو اِن کے ملازم اِن کے لیے کافی فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ اس کے علاوہ پیشہ وارانہ امور سے منسلک تمام افراد اپنے اپنے شعبے میں عام طور پر بہتر پوزیشن میں ہوں گے۔ اس عرصہ میں ایک خاص بات جو ظاہر ہو رہی ہے۔ وہ یہ ہے کہ اس برج سے متعلق جن لوگوں کو مقدمات "مخالفت یا دشمنی کا سامنا تھا اس وقت ایسے اسباب پیدا ہوں گے کہ یہ مخالفین پر غالب آئیں گے۔ سو بات چیت دباؤ وغیرہ جیسے حربے استعمال کر کے معاملات کو اپنے حق میں ختم کیا جانا چاہیے تاہم نیچے لگ کر انصاف کی بھیک مانگنے کا فائدہ نہ ہوگا آگے بڑھ کر مخالف پر غلبہ حاصل کرنے کی کوشش زیادہ بہتر ہے۔ اس عرصہ میں نئے لوگ اور نئے تعلقات سامنے آئیں گے جو مستقبل میں فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ ملازمین خصوصاً سرکاری ملازمین کے لیے بھی اچھا وقت ہے اور اگر پروموشن وغیرہ ان کی روکی ہوئی تھی تو اب اس کے ہونے کے واضح امکانات ہیں۔

12 مئی تا 2 جون

اس وقت کے دوران مالی امداد اور مادی حوالے سے کئی قسم کے فوائد کا حصول نظر آتا ہے۔ وہ لوگ جو کسی بھی نوعیت کا ذاتی کام یا بزنس وغیرہ کرتے ہیں ان کو خاص طور پر آگے بڑھنے اور کامیابی حاصل کرنے کے مواقع ملیں گے۔ افراد خانہ معاملات زندگی میں مددگار ہوں گے۔ تاہم آسودگی کے عرصے کے دوران اپنی شریک حیات کی صحت کا خاص دھیان رکھیں۔ کسی بھی بیماری کی صورت میں فوری طور پر ماہر طبیب سے رجوع کریں ورنہ معاملات بگڑ بھی سکتے ہیں۔ مجموعی طور پر اچھا وقت ہے۔ بعض معاملات میں اتار چڑھاؤ کا سامنا ہوگا تاہم مایوس ہونے کی ضرورت نہیں۔ کوئی بھی پریشانی جو آئے گی وہ صرف اور صرف وقتی ہوگی۔ پچھلے کچھ عرصہ سے اچھے حالات و واقعات سے گزر رہے تھے۔ تاہم اب جو وقت ہے اس وقت محتاط رویہ اختیار کریں۔ خاص طور پر لوگوں کے ساتھ لین دین کرنے معاملات طے کرنے اور گفتگو کرتے ہوئے اپنے مزاج کو کنٹرول میں رکھیں اگر ایسا نہ کیا گیا تو پہلے تناؤ پھر غصہ اور پھر ہاتھا پائی کی نوبت آ سکتی ہے۔ اگر معاملہ زیادہ بڑھا تو جسمانی طور پر بھی متاثر ہو سکتے ہیں۔ وہ لوگ جو مزمن امراض کا شکار ہیں وہ محتاط رہیں ان کے اپریشن یا مرض میں بڑھوتری کا خطرہ ہے۔ شان و شوکت کو قائم رکھنے کے لیے روپیہ کا استعمال کرنا چاہیں گے تو ہم اس کا مشورہ نہیں دیتے کیونکہ حاصل کچھ نہ ہوگا۔ وراثت، خاندانی جائیداد اور ایسے معاملات پر خصوصی توجہ دیں۔ پراپرٹی وغیرہ کی خرید و فروخت نہ کریں۔ مالی معاملات میں اتار چڑھاؤ رہے گا اس لیے کسی بھی فرد سے کسی بھی خاص دن یا وقت تک ادائیگی کا وعدہ نہ کریں ورنہ پشیمانی اٹھانی پڑ سکتی ہے۔

ارتکاز توجہ/منتشر خیالات

بعض کاموں میں جسمانی طاقت کی بجائے دماغی یا روحانی قوت کی ضرورت ہوتی ہے۔ گو شعبہ کوئی بھی ہو یکسو ہو کر کام کرنا کامیابی کے حصول کے لیے ضروری ہوتا ہے تاہم عملیات، روحانیات، تسخیر اور ایسے دیگر کاموں میں ارتکاز توجہ اور یکسوئی کی حد درجہ ضرورت ہوتی ہے۔ اس صلاحیت کی بڑھوتری کے لیے مرجان کا استعمال مفید ثابت ہوتا ہے۔

3 جون تا 26 جولائی

ایک اچھا اور خوش قسمت وقت ہے کئی ایک معاملات میں کامیابی ملنے کا امکان ہے تاہم اس کے ساتھ ساتھ معمولی سا خطرہ یہ بھی ہے کہ آپ کے بھائی یا ایسے ہی کسی قریبی عزیز کو صحت کے مسائل سے سامنا ہوگا۔ امیدیں اور خواہش ہر انسان کے دل میں ہزاروں کے تعداد میں ہوتی ہے تا ہم یہ وقت ایسا ہے۔ جو آپ کی کئی ایک قلبی خواہشات کی تکمیل کا اشارہ کر رہا ہے۔ کاروباری اور مادی لحاظ سے بھی اچھا وقت ہے۔ ذرائع آمدن میں اضافہ ہوگا اور جس بھی روزگار سے منسلک ہیں اس میں کامیابی ہوگی۔ اگر آپ کا روزگار کچھ ایسا ہے کہ آپ کو جائے رہائش سے کافی سفر کرنا پڑتا ہے تو پھر اس وقت جس قدر ہو سکے کام کریں بہت اچھے نتائج آئیں گے۔ اسی طرح سیل کا کام کرنے والوں کے لیے بھی اچھے مواقع نظر آ رہے ہیں ۔ ماضی میں اس حوالے سے کچھ خدشات تھے تو اب ان کا حل نکلنے کی امید آتی ہے۔ جنس مخالف کے لوگوں کے ساتھ تعلق و روابط قائم ہو سکتے ہیں۔ معاشرتی تعلقات میں بھی اضافہ ہوگا۔ زندگی یا گھر کو آرام دہ بنانے کے لیے بھی اقدامات کریں گے۔

27 جولائی تا 13 ستمبر

اب تک جو تکالیف آپ برداشت کرتے آئے ہیں' جاری کوائف صورت حال کے تحت لگتا ہے کہ قدرت کافی حد تک آپ پر مہربان ہوگئی ہے۔ بچوں کے حوالے سے اب تک جو مسائل تھے ان کا حل نکل آئے صرف صحت میں نہیں' تعلیم اور دیگر معاملات زندگی کے بارے میں بھی مثبت تبدیلیاں سامنے آئیں گی۔ وہ جن کے بچے بڑے ہیں وہ پیشہ ورانہ امور میں اپنی صلاحیتوں کا خاطر خواہ مظاہرہ کریں گے۔ عمومی طور پر آپ کی مالی و مادی زندگی میں اچھی تبدیلی آنے کی توقع ہے۔ اب مالی امور میں آسودگی پیدا ہونے کے اسباب نظر آئیں گے۔ وہ لوگ جن کا تعلق سیلز وغیرہ کے شعبے سے ہے اور کام کے حوالے سے کافی گھومنا پڑتا ہے۔ ان کو خاص طور پر کامیابی نصیب ہوگی۔ چھوٹے بہن بھائیوں سے حصول مفاد ہوگا۔ بانڈ ریس جیسے کاموں میں کامیابی کی توقع کی جاسکتی ہے۔ تاہم زیادہ رقم نہ لگائیں۔ خاص بات اس وقت یہ بھی کہ آپ کے مخالفین جو اب تک آپ کے لیے کافی مسائل کا باعث بنے رہے تھے' اب ان کا سدباب ہوگا۔ اور ان کے مقابلہ میں آپ کو غلبہ حاصل ہوگا۔ ہاں اس عرصہ میں قرض وغیرہ جیسے معاملات سے دور رہیں اس حوالے سے مستقبل میں مسائل آئیں گے۔ سونا ادھار لیں نہ دیں۔

14 ستمبر تا 10 نومبر

پچھلے مثبت وقت کے تسلسل میں آنے والے دن مزید کچھ بہتری لے کر آئیں گے۔ ذرائع آمدن میں وسعت پیدا ہوگی اور ہر گزرتے دن کے ساتھ مالی معاملات میں بہتری آئے گی۔ نوکری پیشہ افراد کو افسران بالا کا تعاون و معاونت میں بہتری آئے گی۔ نوکری پیشہ افراد کو افسران بالا کا تعاون و معاونت ملے گی اور کاروباری افراد کو بھی آگے بڑھنے کے لیے مختلف لوگوں کا تعاون حاصل ہوگا۔ اگر کوشش کی گئی تو یہ ناممکن نہیں کہ آپ کو ایک سے زائد جگہوں سے آمدن ہو یا ذرائع آمدن کی سمتیں بڑھ جائیں۔ ہاں اس ساری بھاگ دوڑ میں اپنی خوراک اور صحت کا خیال رکھیں۔ ان معاملات میں لاپرواہی یا غیر ذمہ درانہ رویہ صحت کے مسائل کا شکار کر سکتا ہے۔ آدمی ڈیوٹی کے لیے ہی کام کرتا ہے۔ اور جو روٹی آپ کی جان اور صحت پر بھاری پڑ جائے اس کا کوئی فائدہ نہیں۔ حصول مکان' پراپرٹی یا کرایہ پر نیا مکان وغیرہ لینے یا دوکان لینے کے حوالے سے اچھا وقت ہے اور ایسی کسی صورت حال سے واسطہ بھی پڑے گا عزیز و اقارب کے ساتھ تعلق میں بہتری آئے گی اور باہم میل ملاپ بڑھے گا زرعی زمین کے حاملین کو بھی غیر متوقع فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔

11 نومبر تا اختتام سال

تجارتی اور مالی معاملات میں محتاط رویہ اختیار کریں۔ غیر معمولی اخراجات یا حساب نہ کرنا' مالی تنگی اور قرض کا شکار بنانے کا باعث ہوگا۔ کسی فیکٹری لگانے یا کوئی چیز بنانے کے کام میں کسی صورت نہ پڑیں۔ صرف اِدھر کا مال اُدھر کرنے جیسے کاموں میں آمدن ہوگی۔ یعنی کے ایک جگہ سے مال لیں اور دوسری جگہ بیچ دیں۔ اس میں اتنا ہی کافی ہے۔ طبع میں فطری جلدی بازی پر قابو پانے کی کوشش کریں ورنہ جو بھی قدم اٹھائیں گے وہ غلط جگہ جا پڑے گا۔ خاص طور پر شراکت پر کام کرنے والے دھیان کریں۔ شریک کار کسی بھی صورت معاف نہیں کرے گا۔ معمولی سے غلطی یا نقصان بھی اُس کے لیے تکلیف کا باعث ہوگا اور باہمی تلخی کا باعث ہو سکتا ہے۔ اس دوران سفر کا بھی موقع ملے گا اور صاحب حیثیت و اختیار لوگوں کے ساتھ ملاقات اور تعلقات قائم ہوں گے۔

یکم جنوری تا 22 جنوری

ایک اچھا اور خوش قسمت وقت ہے۔ جاری کوا کبی صورت حال کئی سمتوں میں کامیابی کا اشارہ دے رہی ہے۔ کاروباری، مالی اور ادبی حوالے سے اچھا وقت ہے۔ اِن تمام معاملات میں بہتری اور کامیابی حاصل ہوگی۔ پرچون اور ایسے کام جس میں دوسرے لوگوں کے ساتھ میل ملاقات کا موقع یا ضرورت ہو اِن کے ذریعے اچھی آمدن اور کامیابی کا امکان ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ آپ کاروباری آدمی ہوں یا نوکری پیشہ ہیں اپنے کام پر توجہ مرتکز رکھیں۔ اِس طور ہی آپ اِس وقت کو خوش گوار طریق سے بسر کر سکتے ہیں۔ اس وقت نوکر پیشہ افراد کے ساتھ کام کرنے والے اور افسران بالا اچھے رویے کا مظاہرہ کریں گے۔ اِن کو توقع ہوگی کہ آپ کام پر ذاتی حوالے سے توجہ دے رہے ہیں۔ گھریلو و ازدواجی ماحول بہتر رہے گا اور شریک حیات کے ساتھ عموماً ہم آہنگی رہے گی۔ شراکتی امور میں بھی عموماً طور پر حالات بہتر رہیں گے تاہم معاملات میں ٹھہراؤ کی کیفیت کا فقدان ہوگا یا تو آپ کو تیزی سے فیصلے اور کام کرنا ہوں گے یا پھر معاملات خود اپنی شکل تبدیل کر لیں گے۔ وقت کا ساتھ دینے کی کوشش کریں پیچھے رہ جانا ناکامی کی دلیل ہے۔

23 جنوری تا 24 مارچ

اس عرصے کے دوران آپ نسبتاً اچھے وقت سے لطف اٹھائیں گے۔ اس عرصہ کے دوران مالی لحاظ سے فوائد کا حصول ہوگا۔ وہ لوگ جو کسی بھی نوعیت کا ذاتی کام یا بزنس وغیرہ کرتے ہیں ان کو خاص طور پر آگے بڑھنے اور کامیابی حاصل کرنے کے مواقع ملیں گے۔ افراد خانہ معاملات زندگی میں مددگار رہوں گے۔ تاہم آسودگی کے عرصے کے دوران اپنی شریک حیات کی صحت کا خاص دھیان رکھیں۔ کسی بھی بیماری کی صورت میں فوری طور پر ماہر طبیب سے رجوع کریں ورنہ معاملات بگڑ بھی سکتے ہیں۔ مجموعی طور پر اچھا وقت ہے۔ لوگ جنس مخالف کے ساتھ اور شریک حیات کے ساتھ تعلقات اچھے رہیں گے۔

25 مارچ تا 11 اپریل

اب تک آپ جن مسائل میں الجھے ہوئے تھے زیر بحث وقت میں اِن سے نکلنے کے کافی زیادہ امکانات ہیں جاری کوا کبی حالت کئی حوالوں سے حالات میں بہتری اور معاملات کی اصلاح کا باعث ہوگی۔ ذاتی اور افراد خانہ اِن کی صحت کے جو مسائل تنگ کر رہے تھے اب اس حوالے سے سکون نصیب ہوگا اور بڑے مسائل حل ہو جائیں گے۔ عمومی حوالے سے اچھے حالات و واقعات کا سامنا ہوگا اور خوش حالی و سکون ملے گا۔ اعتماد میں اضافہ ہوگا اور ذہنی صلاحیتیں آگے بڑھنے اور اپنے کاموں کو بہتر انداز میں کرنے پر طبیعت مائل ہوگی۔ اس عرصہ کے دوران مالی اور کاروباری حوالے سے بہتر مواقع سامنے آئیں گے۔ وہ لوگ جو ایسے کاموں سے منسلک ہیں جن میں شہرت کا حصول ہو سکتا ہے اُن کو معاشرے میں نام اور مقام بنانے کا موقعہ ملے گا۔ التوائمیں پڑے کام مکمل ہونے کی سبیل نکلے گی۔ وہ افراد جو نوکری پیشہ ہیں اِن کے اپنے مالکوں یا افسران بالا سے تعلقات میں بہتری آئے گی۔ ذہانت سے اِن تعلقات کو اپنے مفادات کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

12 اپریل تا 11 مئی

زیر بحث عرصہ کے دوران جو لوگ فطری طور پر جلد گھبرا جاتے ہیں اور نروس نس کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اِن کو خاص طور پر اپنے اوپر قابو پانے کی کوشش کرنی چاہیے۔ کیونکہ یہ وقت ایسا ہے جس میں کئی ایک مسائل سامنے آئیں گے۔ اور اِن کا سامنا کرنا بھاگنے یا کبوتر کی طرح آنکھیں بند کر کے بیٹھنے کی نسبت بہتر ہو گا۔ اس عرصہ کے دوران ایک اور خاص بات یہ ہے کہ اگر آپ محسوس کریں کہ کچھ معاملات ایسے ہیں جن کو آپ فوری طور پر اپنے حق میں ہموار نہیں کر سکتے تو فی الحال اِن کے حوالے سے کسی فیصلہ میں نہ پڑیں بلکہ دوسرے لوگوں سے اِن کو حل کرنے کے لیے وقت لے لیں اور آگے آنے والے مثبت وقت سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں۔ اس وقت جو مسائل سر اٹھائیں گے اِن میں سے اہم ترین پیشہ وارانہ زندگی کے مسائل ہیں چاہے آپ اپنا بزنس کر رہے ہوں یا نوکری کوئی نہ کوئی مسئلہ سامنے آتا رہے گا۔ اسی طرح مالی حوالے سے ذرائع آمدن میں بندش محسوس ہو گی اور اخراجات بڑھ جائیں گے۔ شریک حیات کی توقعات آپ سے بڑھ جائیں گی اور ان کی خواہش ہو گی کہ آپ اسی پر بھرپور توجہ دیں اور یاد رکھیں آپ کی پُرسکون گھریلو زندگی کے لیے ہمارا بھی یہی مشورہ ہے کہ وہی کریں جو آپ کی شریک حیات کی خواہش ہے۔

12 مئی تا 2 جون

اس وقت کے دوران مالی امداد اور مادی حوالے سے کئی قسم کے فوائد کا حصول نظر آتا ہے۔ وہ لوگ جو کسی بھی نوعیت کا ذاتی کام یا بزنس وغیرہ کرتے ہیں ان کو خاص طور پر آگے بڑھنے اور کامیابی حاصل کرنے کے مواقع ملیں گے۔ افراد خانہ معاملات زندگی میں مددگار ہوں گے۔ تاہم آسودگی کے عرصے کے دوران اپنی شریک حیات کی صحت کا خاص دھیان رکھیں۔ کسی بھی بیماری کی صورت میں فوری طور پر ماہر طبیب سے رجوع کریں ورنہ معاملات بگڑ بھی سکتے ہیں۔ مجموعی طور پر اچھا وقت ہے۔ بعض معاملات میں اتار چڑھاؤ کا سامنا ہو گا تاہم مایوس ہونے کی ضرورت نہیں۔ کوئی بھی پریشانی جو آئے گی وہ صرف اور صرف وقتی ہو گی۔ پچھلے کچھ عرصہ سے اچھے حالات و واقعات سے گزر رہے تھے۔ تاہم اب جو وقت ہے اس وقت محتاط رویہ اختیار کریں۔ خاص طور پر لوگوں کے ساتھ لین دین کرنے "معاملات طے کرنے اور گفتگو کرتے ہوئے اپنے مزاج کو کنٹرول میں رکھیں اگر ایسا نہ کیا گیا تو پہلے تناؤ پھر غصہ اور پھر ہاتھا پائی کی نوبت آ سکتی ہے۔ اگر معاملہ زیادہ بڑھا تو جسمانی طور پر بھی متاثر ہو سکتے ہیں۔ وہ لوگ جو مزمن امراض کا شکار ہیں وہ محتاط رہیں ان کے اپریشن یا مرض میں بڑھوتری کا خطرہ ہے۔ شان و شوکت کو قائم رکھنے کے لیے روپیہ کا استعمال کرنا چاہیں گے۔ لو ہم اس کا مشورہ نہیں دیتے کیونکہ حاصل کچھ نہ ہو گا۔ وراثت "خاندانی جائیداد اور ایسے معاملات پر خصوصی توجہ دیں۔ پراپرٹی وغیرہ کی خرید و فروخت نہ کریں۔ مالی معاملات میں اتار چڑھاؤ رہے گا اس لیے کسی بھی فرد سے کسی بھی خاص دن یا وقت تک ادائیگی کا وعدہ نہ کریں ورنہ پشیمانی اٹھانی پڑ سکتی ہے۔

لوحِ مریخ و تحفظ و ردِ سحر

دشمن سے حفاظت' مخالفین پر غلبہ حاصل کرنے' دشمنوں کو شکست دینے، اِن کی تکلیفوں سے محفوظ رکھنے، مقدمہ یا لڑائی میں کامیابی' صحت' سحری و آسیبی امراض سے بچاؤ' تحفظ اور قوت جسمانی جیسے فوائد حاصل کرنے کے لیے یہ لوح استعمال ہوتی ہے۔ اس کے استعمال سے آپ ایک خاص قسم کا روحانی تحفظ حاصل کریں گے۔ مختلف مردانہ امراض، مسائل اور ازدواجی و جسمانی مسائل کے حل' مردانہ طاقت' صحت' جسمانی حالت کی بہتری کے ساتھ ساتھ آسیب اور سحر وغیرہ سے بچاؤ کے لئے بھی لوحِ مریخ استعمال کی جاتی ہے۔ اِن حوالوں سے یہ ایک لاجواب لوح ہے۔

3 جون تا 26 جولائی

یہ وقت آپ کی قوت ارادی کے تابع ہے۔ آپ کتنا اپنے اوپر قابو رکھ سکتے ہیں اور کتنا آپ اپنی زبان اور ہاتھ کو کنٹرول کر سکتے ہیں۔ کیونکہ اس وقت آپ زیادہ تر مسائل پر اپنے رویے اور قوت ارادی کی بدولت قابو پا سکتے ہیں۔ اس وقت وہ تمام لوگ اور مسائل سر اٹھانے کی اپنی سی سعی کریں گے جن کو آپ پہلے دباتے آئیں ہیں۔ شراکت میں کام کرنے والوں کے ساتھ' دفتر میں ساتھیوں کے ساتھ اَن بن کا ماحول رہے گا۔ خاندان کے افراد کے ساتھ بحث مباحثہ بڑھے گا اور ملنے جلنے والے وجہ بے وجہ بحث میں الجھیں گے۔ یہ سب معاملات ہمارے خیال میں ایسے ہیں جن پر آپ اپنے

کنٹرول روپے کے بنا پر قابو پا سکتے ہیں۔ ہاں ایک بات اور۔ اور وہ بات ہے آپ کی ذاتی صحت سے متعلق۔ اس عرصہ میں آپ کی صحت کچھ بہتر نہ رہے گی بلکہ چھوٹے موٹے مسائل سے واسطہ رہے گا تاہم وہ افراد جو مستقل نوعیت کے امراض کا شکار ہیں یعنی دل، جوڑوں، پیٹ وغیرہ وغیرہ ان کو خصوصی احتیاط کرنی چاہیے ورنہ معاملات کے پیچیدہ ہونے کی پوزیشن نظر آ رہی ہے۔

27 جولائی تا 13 ستمبر

آپ کاروباری فرد ہوں یا نوکری پیشہ آپ کی ذمہ داریوں اور فرائض میں اضافہ ہوگا۔ یہ اضافہ پریشان کن نہیں بلکہ فائدہ مند اور اطمینان قلب کا باعث ہوگا۔ ذرائع آمدن میں اضافہ ہوگا اور کوشش کرنے سے آمدن میں خاطر خواہ اضافہ کر سکتے ہیں۔ وہ لوگ جو نیا کام شروع کرنا چاہتے ہیں یا کام کو بڑھانے کے خواہش مند ہیں ان کو بلاخوف وخطر ایسا کر لینا چاہیے۔ ہاں اس وقت چانس اور قسمت کے کھیلوں سے کچھ محتاط رہیں تو زیادہ بہتر ہے۔ اس کے علاوہ جو بات اس عرصہ میں قابل توجہ ہے وہ آپ کی ذاتی اور افراد خانہ کی صحت ہے۔ اس حوالے سے کسی خاص فرد کی نشاندہی تو نہیں کی جا سکتی البتہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ وہ شعبہ حیات ہے جو آپ کے زائچہ کی رو سے آپ کے مسائل اور معاملات میں اتار چڑھاؤ کا مظہر ہے۔ اس حوالے سے وقت اور رقم دونوں خرچ کرنے ہوں گے۔ والدہ کی صحت کا معاملہ زیادہ گڑبڑ لگ رہا ہے۔

14 ستمبر تا 10 نومبر

ایک ایسا وقت جب آپ ذہانت کا استعمال کر کے کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ حصول کامیابی کے لیے مکمل توجہ اور دلچسپی کے ساتھ کام کریں کیونکہ یہ ایسا وقت ہے جو ماضی میں پیش آمدہ مسائل میں آسودگی اور آسانی کا وعدہ کر رہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھایا جائے۔ وہ جو خوبصورتی کے خواہش مند ہیں وہ لوگ اور چہرے وغیرہ کو جوان بنانے کے لیے کامیاب کوشش کر سکتے ہیں۔ وہ لوگ جو تحریر وتقریر اور پرنٹنگ وغیرہ کے شعبوں سے متعلق ہیں ان کو خاص طور پر کامیابی حاصل ہوگی۔ بانڈ ریس جیسے کاموں میں بھی کامیاب ہو سکتے ہیں بشرطیکہ کنفیوژن کا شکار نہ ہوں۔ سیر وتفریح کے مواقع ملیں گے۔ وہ جن کی شادی وغیرہ نہیں ہوتی اس وقت اس حوالے سے پیش رفت ہو سکتی ہے۔ یوں شریک حیات کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ ایک خاص بات جو مدنظر رکھنی حد درجہ ضروری ہے وہ یہ ہے کہ جسمانی طاقت کے استعمال کا نہ سوچیں بلکہ ذہنی کاوش آپ کے ہر مسئلے کا حل ثابت ہوگی۔ اس عرصے کے دوران اپنا روپیہ کسی کو اُدھار دیں اور نہ ہی آنکھیں بند کر کے کسی اور مقصد یعنی کاروبار وغیرہ کے لیے دیں متوقع نتائج کا حصول نہ ہوگا۔

11 نومبر تا اختتام سال

کئی حوالوں سے یہ ایک مثبت وقت ہے اور کئی حوالوں سے محتاط اور مشکل حالات و واقعات کا مظہر وقت۔ سو کہا جا سکتا ہے کہ یہ وقت اچھے برے دونوں طرح کے حالات لے کر آئے گا۔ اس وقت وہ لوگ خاص طور پر محتاط رہیں جو چانس اور اتفاق اور انعامی طریقوں سے آمدن میں اضافے کا سوچتے ہیں۔ ان حوالوں سے غیر معمولی آمدن کا حصول ممکن نہ ہوگا۔ بلکہ ایسے تمام کاروبار اور مواقع جو تدبیر کی بجائے چانس کے تحت آتے ہیں وہاں بھی کامیابی ہوتی نظر نہیں آتی۔ اگر کسی وقت وقتی کامیابی ملی بھی تو جلد ہی کمایا ہوا روپیہ ضائع ہو جائے گا۔ اسی طرح صحت ایک اور ایسا امر ہے جس کے بارے میں آپ کو ہمہ وقت سنجیدہ طرز عمل اختیار کرنا چاہیے۔ بصورت دیگر موسمی اثرات سے متاثر ہونا اور خرابی صحت کا شکار ہونا بالکل معمولی بات ہو گی۔ دمہ، جوڑوں کا درد اور کھانسی وغیرہ کا شکار رہنے والے خاص طور پر محتاط رہیں۔ چھوٹے بچوں کا خاص خیال رکھیں ان کے زیادہ متاثر ہونے کا امکان ہے۔ وہ لوگ جو کاروبار کرتے ہیں یا جن کی نوکری میں ترقی رکی ہوئی ہے ان کے لیے عمدہ چانس نظر آتے ہیں۔ کامیابی اور مادی خوشحالی نظر آ رہی ہے۔ ان کو چاہیے کہ حصول مقصد کے لیے اپنی کوشش کو تیز تر کر دیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ مثبت نتائج کا حصول ہو سکے۔

سنگھ — اسد

یکم جنوری تا 22 جنوری

ایک اچھا اور خوش قسمت وقت ہے کئی ایک معاملات میں کامیابی ملنے کا امکان ہے تاہم اس کے ساتھ ساتھ معمولی سا خطرہ بھی ہے کہ آپ کے بھائی یا ایسے ہی کسی قریبی عزیز کو صحت کے مسائل سے سامنا ہو گا۔ امیدیں اور خواہش ہر انسان کے دل میں ہزاروں کے تعداد میں ہوتی ہے تاہم یہ وقت ایسا ہے۔ جو آپ کی کئی ایک قلبی خواہشات کی تکمیل کا اشارہ کر رہا ہے۔ کاروباری اور مادی لحاظ سے بھی اچھا وقت ہے۔ ذرائع آمدن میں اضافہ ہو گا اور جس بھی روزگار سے منسلک ہیں اس میں کامیابی ہو گی۔ اگر آپ کا روزگار کچھ ایسا ہے کہ آپ کو جائے رہائش سے کافی سفر کرنا پڑتا ہے تو پھر اس وقت جس قدر ہو سکے کام کریں بہت اچھے نتائج آئیں گے۔ اسی طرح سیل کا کام کرنے والوں کے لیے بھی اچھے مواقع نظر آ رہے ہیں۔ ماضی میں اس حوالے سے کچھ خدشات تھے تو اب ان کا حل نکلنے کی امید نظر آتی ہے۔ جنس مخالف کے لوگوں کے ساتھ تعلق و روابط قائم ہو سکتے ہیں۔ معاشرتی تعلقات میں بھی اضافہ ہو گا۔ زندگی یا گھر کو آرام دہ کرنے کے لیے بھی اقدامات کریں گے۔

23 جنوری تا 24 مارچ

یہ وقت بھی اپنے اندر چند مسائل لے کر آ رہا ہے۔ تاہم ان کی نوعیت اُن سے بالکل مختلف تو نہیں لیکن فرق ضرور ہے۔ اس وقت مالی حوالے سے کئی مسائل اور توجہ طلب معاملات سامنے آئیں گے۔ اگر آپ کا بنکوں کے ساتھ لین دین چل رہا ہے۔ اور آپ نے اقساط بر وقت ادا نہیں کیں تو اب آپ کو مزید ڈھیل نہ ملے گی۔ قرض خواہ تنگ کریں گے۔ آپ کے مخالفین اپنے مقاصد کے حصول کے لیے آپ کو عدالتی کاروائی کا حصہ بھی بنا سکتے ہیں اور لوگوں کے ساتھ قانونی جنگ شروع ہو سکتی ہے۔ اس عرصے کے دوران ہمارا حتمی مشورہ ہے کہ سفر سے باز رہیں خاص طور پر اہم مقاصد کے حصول کے لیے زیادہ پُر امید ماحول نظر نہیں آتا۔ تاہم اگر یہ کہا جائے تو غلط نہ ہو گا کہ اس ساری منفی صورت حال کے باوجود قدرت کی طرف سے ایسے اسباب بھی پیدا ہوں گے کہ اگر آپ تھوڑی سی توجہ دیں تو عام لوگوں تک آپ کی مالی و مادی پوزیشن کے متاثر ہونے کی خبر نہیں پہنچے گی۔ اور دنیا والوں کے لیے آپ کا ظاہری طرز عمل اور بود و باش بہت حد تک پہلے جیسے رہیں گے۔

25 مارچ تا 11 اپریل

اس عرصے کے دوران عورتوں کو زنانہ امراض سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ جبکہ مردوں اور بچوں کو بھی صحت کے چھوٹے موٹے مسائل کا سامنا ہو گا۔ مخالفین اور دشمنوں میں اضافہ ہو گا۔ ہمسائیوں اور کام کرنے کی جگہ یا خاندان کے لوگ آپ کی بدخوئی اور دشمنی کا مظاہرہ کریں گے اور ان پر قابو پانا اس وقت کافی مشکل ہو گا۔ طبیعت میں تیزی و تندی رہے گی کسی ایک فیصلہ پر قائم رہنا اور عمل کرنا آسان نہ ہو گا۔ ہمارا مشورہ ہے کہ نہایت سمجھ داری کے ساتھ اس وقت کو سر کریں اور زیادہ تناؤ کا مظاہرہ کیے بغیر حالات پر قابو پانے کی کوشش کریں یہی اس وقت سب سے بہتر طرز کار ہے۔ وہ لوگ جو جوئے اور چانس کے کاموں میں دلچسپی رکھتے ہیں دھیان سے کھیلیں عموماً گیم ہاتھ میں آتے آتے نکل جائے گی۔ رسک لینے والے تمام کام عزت اور شہرت کے لیے تازیانے کا کام دیں گے۔ کام چاہیے وہ ذاتی بزنس ہو یا

سہ جہتی طلسم شمس

حکومت' طاقت اور اختیار کچھ ایسے الفاظ ہیں جن کے طلسم سے نہ کوئی بچا ہے اور نہ بچے گا۔ ہر وہ فرد جو کچھ نہ کچھ معاشی و مادی سمجھ بوجھ رکھتا ہے۔ وہ ان میں سے کسی نہ کسی کا طالب ضرور ہوتا ہے۔ عزت و وقار کے حصول' دوسرے لوگوں پر اپنا دبدبہ بٹھانے اور اپنا اختیار قائم کرنے کے لیے اس کا استعمال حد درجہ موثر ہے۔ سیاست سے متعلق لوگ یا وہ جو معاشرہ میں شہرت کے خواہش مند ہوں' کاروبار کو پھیلانے کے ساتھ ساتھ عزت' وقار اور شہرت کے طالب ہوں ان کے لیے بھی اس طلسم کا استعمال مفید ہے۔ وہ جو پابندیوں میں جکڑے ہوں چاہے اِن کی نوعیت کچھ بھی ہو یا وہ جو حکومت یا صاحبان حکومت کے عتاب کا شکار ہوں' اِن سب کے لیے بھی اس طلسم کا استعمال حد درجہ مفید و موثر ہے۔ وہ لوگ جو صحت کے مسائل کا شکار ہیں یا وہ جو طویل عمر کے خواہش مند ہیں یا وہ جو صحت مند جسم اور زندگی کی تمنا رکھتے ہیں ان سب کے لیے اس طلسم کا استعمال منسوبی فوائد کے حصول میں معاون و مددگار ہوگا۔ قوت حیات کی کمی' عزت و وقار کی حفاظت' کاروبار کو استحکام دینے اور کمزور بنیادوں کو مستحکم کرنے کے لیے بھی یہ طلسم استعمال کیا جاتا ہے۔

کہیں نوکری کر رہے ہوں اپنے رویہ میں نرمی لانے کی کوشش کریں۔ سخت روی اور غصہ آپ کا دشمن ثابت ہوگا۔ یہ رویہ ذہنی تناؤ اور ایسے ہی متعلقہ امراض کا شکار بھی کر سکتا ہے۔

12 اپریل تا 11 مئی

پہلے کی نسبت اب آپ کے مخالفین آپ کے خلاف زیادہ سرگرم ہوں گے اور اس پوزیشن میں بھی ہوں گے کہ آپ کو نقصان پہنچا سکیں۔ سو اس حوالے سے کسی لاپرواہی کا مظاہرہ نہ کریں۔ بلکہ مکمل دھیان رکھیں کہ مخالفین کیا چال چل رہے ہیں؟ وہ لوگ جو تاجرانہ ذہن رکھتے ہیں اُن کو اس عرصے میں زیادہ فائدہ ہوگا البتہ وہ لوگ جو اشیاء بنانے یا کارخانے وغیرہ جیسے کام کر رہے ہیں اِن کو نسبتاً کم فوائد ہوں گے۔ یعنی ایک ہاتھ سے مال خرید کر دوسرے ہاتھ فروخت کر دینا زیادہ بہتر نتائج لائے گا۔ اس برج سے متعلق جو لوگ باہر جانے کے خواہش مند ہیں اِن کے لیے مناسب وقت ہے۔ اسی طرح بیرون ملک کام یا کاروبار یا تعلیم وغیرہ کے لیے باہر جانا بھی ممکن ہوگا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات پر نظر رکھیں۔ اگر توجہ نہ دی گئی تو بدمزگی کا سامنا ہوگا۔

12 مئی تا 2 جون

پچھلے عرصے کی نسبت یہ وقت معاملات محبت و الفت کے حوالے سے زیادہ بہتر ہوگا اس عرصہ میں جن لوگوں کے ساتھ تعلقات بنیں گے اِن کو زیادہ بہتر اور مفید قرار دیا جا سکتا ہے۔ اسی طرح بیرون ملک میں رہنے والے افراد سے فوائد یا اگر خود باہر جانا چاہیں یا بیرون ملک تعلیم و بزنس کے حوالے سے سفر کرنا چاہیں تو اچھے نتائج حاصل ہوں گے۔ اسی طرح صاحب حیثیت لوگوں" افسران بالا یا اوپر کے طبقے کے بزنس مینوں کے ساتھ تعلق قائم ہو سکے گا۔ تاہم ایک بات یاد رکھیں اس عرصہ کے دوران جہاں آپ اپنی اوقات سے باہر ہوئے وہاں کام خراب ہو جائے گا۔ معاملہ چاہے جنس مخالف کا ہو یا بزنس ڈیل کا۔ اپنے حدود اربعہ اور حد بندی کا تعین بہت ضروری ہوگا۔ یہی وہ بات ہوگی جس پر عمل پیرا نہ ہو کر آپ اپنے لیے لایعنی مشکلات و مسائل پیدا کریں گے۔ یوں عمومی لحاظ سے اچھا وقت ہے۔

3 جون تا 26 جولائی

جاری وقت میں مالی اُمور میں کافی زیادہ اتار چڑھاؤ نظر آتا ہے۔ روپیہ کا آنا جانا لگا رہے گا۔ تاہم حالات زیادہ تر آپ کی حمایت میں ہوں گے اور نسبتاً اچھی آمدن ہوگی۔ افراد خانہ کی صحت کی طرف سے مسائل سامنے آئیں گے اور اس طرح کی کوئی نہ کوئی پریشانی تنگ کرتی رہے گی۔ تاہم ایک بات ضرور ہے کہ اس عرصہ میں کیا کچھ اور کیسے پیش آئے گا اس کا زیادہ انحصار آپ کے رویے اور لوگوں کے ساتھ تعلقات کی نوعیت پر بھی ہوگا۔ مسائل کا سامنا کرتے ہوئے گھبراہٹ کا شکار ہو جاتے ہیں یا تحمل اور ثابت قدمی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ شراکت پر کاروبار کرنے والوں کو نسبتاً زیادہ مسائل کا سامنا ہوگا۔ یوں نوکری پیشہ کو بھی مسائل ہوں گے تاہم شراکت کار زیادہ متاثر ہوں گے۔ کام اور کاروبار کی جگہ چغل خور اور کمینی حرکتیں کرنے والے زور پکڑیں گے۔ اس عرصہ کے دوران کوئی بھی صورت ہو مقدمہ بازی میں الجھنے کی کوشش نہ کریں' عدالت سے باہر معاملات کو طے کرنا آپ کے لیے زیادہ مفید ثابت ہوگا۔ ریس' جوا اور ایسے شعبوں سے ہم آپ کو سختی سے دور رہنے کی ہدایت کرتے ہیں اِن اوقات میں معمولی جیت

کی بھی بھاری قیمت ادا کرنا پڑ سکتی ہے۔

27 جولائی تا 13 ستمبر

اب جو حالات پیش آئیں گے اِن کو نہ تو منفی اور نہ ہی مثبت کہا جا سکتا ہے۔ کچھ یوں ہے کہ کچھ معاملات اچھے طریقے سے طے ہوں گے اور کچھ میں غیر معمولی صورت حال کا سامنا ہوگا۔ کون سے معاملات کیسے طے ہوں گے آئیں اس حوالے سے بات کرتے ہیں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ وہ لوگ جن کا کاروبار یا نوکری کچھ ایسی ہے جس میں سفر سے واسطہ رہتا ہے ان کے لیے کاروبار و روزگار کے حوالے سے مثبت وقت ہے۔ جس قدر حرکت کریں گے اسی قدر کامیابی کا زیادہ امکان ہے۔ اس عرصے کے دوران اعلیٰ طبقے اور اپنے اپنے شعبوں میں کامیاب لوگوں کے ساتھ تعلق واسطہ پیدا ہوگا۔ اور یوں آپ کا حلقہ اثر دن بدن پھیلتا چلا جائے گا۔ ایک دوسرا شعبہ جو اس عرصہ میں متحرک ہوگا وہ ہے آپ کے جنس مخالف کے ساتھ تعلقات۔ ایک تو شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں جو گرم جوشی ہوتی ہے اس کا فقدان محسوس کریں گے۔ زوجین میں باہم اختلاف کا واضح امکان ہے۔ اسی طرح جنس مخالف کے ساتھ تعلق یا روابط کوئی پائیدار تعلق کا پیش خیمہ ثابت نہ ہوگا۔ سو یہ کہا جا سکتا ہے کہ آپ چاہے شادی شدہ ہوں چاہے غیر شادی شدہ جنس مخالف کے حوالے سے یہ وقت کچھ مواقع اس حوالے سے نہیں لائے گا۔ شادی، منگنی وغیرہ سے اس عرصہ میں پرہیز رکھیں۔ صاحب حیثیت لوگوں کے ساتھ یا ان کے پیچھے چلنے کی حد تک تو ٹھیک ہے۔ ان کی برابری کا دعویٰ نہ کر بیٹھیں ورنہ لینے کے دینے پڑ جائیں گے۔

14 ستمبر تا 10 نومبر

خبردار محتاط یہ وقت ایسا ہے جیسا کہ آپ ایک استاد کے زیر نگرانی ہوں جو لمحہ بہ لمحہ آپ کی نگرانی پوری تندہی اور سختی کے ساتھ کر رہا ہے کہ شائد یہی وہ وقت پورے سال کا ہے جب آپ کے لالچ اور زیادہ سے زیادہ مادی فوائد کے حصول کا جذبہ پورے عروج پر ہوگا۔ ایک طرف زمین بلڈنگ اور زراعت جیسے امور سے فائدہ ہوتا نظر آتا ہے۔ کاروباری لحاظ سے اور دوسری طرف خاندانی اور ذاتی جائداد اور زمین وغیرہ کے حوالے سے مسائل سر اٹھاتے نظر آتے ہیں بلکہ یہ کہا جائے تو عملی طور پر غلط نہ ہوگا کہ ذاتی حوالے سے جہاں آپ کمزور ہوئے وہاں آپ کو زک اٹھانی پڑے گی۔ اس عرصے کے دوران ذہنی دباؤ اور مزاج کی تندی کا شکار ہوں گے۔ بہت ممکن ہے آپ کے برج کے بہت سے لوگوں کو رہائش کی تبدیلی وغیرہ جیسے مسائل بھی آ گھیریں۔ گھریلو اور خاندانی حوالے سے یہ وقت مسائل پیدا کرنے والی مشین کے طور پر کام کرے گا۔ اس وقت سے کامیابی سے گزرنے کا واحد راستہ تحمل اور محتاط رویہ ہے۔ جلد بازی اور خودسری کسی طور پر کام نہ آئے گی۔ اس عرصہ کے دوران اسٹاک اور رسک لینے والے ایسے دوسرے کاموں سے دور رہیں۔ ہمارے حساب کے مطابق ان سے فائدہ ہوتا نظر نہیں آ رہا۔ والدہ کی طبیعت کی خرابی سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ قدیم اور غیر آباد مقامات پر بالکل نہ جائیں چاہے یہ کاروباری مقاصد کے تحت ہو چاہے سیر و تفریح کے فی الحال اس طرف رخ کرنا مناسب نہیں۔ بچوں کا دھیان رکھیں ان سے متعلق مسائل بھی سامنے آ سکتے ہیں۔

11 نومبر تا اختتام سال

یہ وقت پچھلے حالات میں مثبت تبدیلی کا اشارہ دے رہا ہے۔ اب تک جو مسائل درپیش تھے اب ان میں آسودگی کے اسباب پیدا ہوں گے اور اللہ کی مدد سے بہت سے معاملات میں بہتری آئے گی۔ گو کچھ شعبوں میں مسائل کا سامنا بھی ہوگا مگر یہ سب کچھ کنٹرول ہو سکے گا بشرطیکہ آپ ہمت سے کام لیں۔ منفی حوالے سے دیکھیں تو اس عرصہ کے دوران آپ کے مخالفین آپ کے خلاف اپنی سی چالیں چلنے کی کوشش کریں گے "آپ کے دفتری ساتھی اور کاروباری لوگوں کے ملازم مطلوبہ نتائج نہیں لا سکیں گے اور آپ ان کی کارکردگی سے نقصان اور تکلیف اٹھائیں گے۔ تاہم ان مسائل کے باوجود کئی شعبوں میں مثبت حالات بھی نظر آتے ہیں۔ خاص طور پر اس عرصہ میں آپ کا رجحان دین اور مذہب کی طرف زیادہ ہوگا "اللہ کی خوشنودی کے لیے کام کریں گے اور حج عمرہ یا زیارت وغیرہ پر بھی جا سکتے ہیں۔ کاروباری حوالے یا تعلیم یا نوکری کے لیے بیرون ملک جانے کے خواہشمند بھی اس وقت قسمت آزمائی کر سکتے ہیں۔ وہ لوگ جو ادب یا تحریر و تقریر کے کاموں سے کسی بھی طرح متعلق ہیں۔ ان کو بھی خصوصی طور پر اپنے اپنے شعبوں میں کامیابی ملے گی۔

سنبلہ

یکم جنوری تا 22 جنوری

مالی اور مادی حوالے سے ملے جلے' رجحانات کا حامل ہوگا۔ یعنی کچھ معاملات میں تو حالات حسب خواہش رہیں گے اور کچھ میں مایوسی یا پریشانی کا سامنا ہوگا۔ وہ لوگ جو مقدمات یا وراثت یا شراکت سے متعلق معاملات میں تناؤ کا شکار ہیں یہ وقت اس حوالے سے زیادہ گنجائش لیے ہوئے نہ ہوگا۔ تناؤ اور پریشانی میں اضافہ ممکن ہے۔ وہ جن سے اس عرصہ میں ادھار وغیرہ مانگا جائے۔ اِن کو کسی بھی صورت میں ادھار نہیں دینا چاہیے۔ واپسی مشکل ہوگی۔ شیئرز کے کام میں زیادہ منافع کا لالچ نہ کریں۔ مناسب منافع کما کر اپنا سرمایہ محفوظ کرلیں۔ ذاتی مالی و مادی امور کے حوالے سے اچھا وقت ہے' مالی آسودگی اور خوشحالی رہے گی۔ وہ جو کاروبار میں پھیلاؤ کے لیے کام کرنا چاہے اور نوکری میں افسران سے اچھے تعلقات اور فائدہ کی توقع رکھنی چاہیے' گفتگو کے دوران محتاط رہیں اور اپنی زبان پر قابو رکھیں۔ یہ فساد کا باعث ہوسکتی ہے۔ دوستوں کے ساتھ بے مقصد کی سیر و تفریح اور ایسے امور میں شامل رہیں گے۔

23 جنوری تا 24 مارچ

معاملات میں تناؤ کا تسلسل جاری رہے گا۔ اور ابھی مسائل سے باہر آنے کا مکمل راستہ ملتا نظر نہیں آتا۔ مخالفین اور دشمن طاقت پکڑیں گے' دنیاوی و روحانی حوالے سے مسائل کا شکار کرسکتے ہیں۔ اخراجات میں اضافہ ہوگا اور اس تناسب سے آمدن میں اضافہ ہوتا نظر نہیں آتا۔ ہاں اس عرصہ کی نحوست سے حفاظت یا بچاؤ کے لیے سفر کرنا مفید ثابت ہوگا۔ وہ لوگ جو علوم مخفی سیکھنے کے خواہش مند ہیں یا اس حوالے سے کام کررہے ہیں۔ ان کے لیے یہ بہتر وقت ہے اور اس سمت میں کامیابی کے کچھ نہ کچھ امکانات ضرور نظر آتے ہیں۔ بدزبانی سے خاص طور پر بچیں۔ افراد خانہ کے ساتھ براہ راست گفتگو اور ٹکراؤ کے بجائے خاموش اور بالواسطہ گفتگو کا سلسلہ زیادہ بہتر رہے گا۔

25 مارچ تا 11 اپریل

یہ ایک ایسا وقت ہے جب آپ کو صاحب اقتدار اور باحیثیت افراد کے ساتھ اُلجھنے سے باز رہنا چاہیے۔ ورنہ آپ بے مقصد امور میں یہ سارا وقت ضائع کردیں گے اور اس وقت کی سعادت سے فائدہ اُٹھانے سے مکمل طور پر محروم رہیں گے۔ لوگ تناؤ اور مسائل پیدا کرنے والی گفتگو اور حرکات میں ملوث ہوسکتے ہیں تاہم ان پر توجہ نہ دیں اور اگر آپ نے ایسا کیا تو کوئی شعبہ حیات میں بہتر نتائج حاصل کرپائیں گے۔ پیشہ وارنہ زندگی میں کامیابی اِسی طرز عمل کی مرہون منت ہوگی۔ نظر کے مسائل اور سر درد وغیرہ جیسے امراض سے واسطہ پڑسکتا ہے۔ عزت وقار کے معاملات توجہ طلب اور بعض اوقات نازک صورت اختیار کرجائیں گے۔ معاملات صحت پر خصوصی توجہ دیں چاہیے آپ کی عمر اور جنس کچھ بھی ہو' محتاط رہیں۔ خاص طور پر خواتین احتیاط سے کام لیں۔ روزمرہ امور اور ساتھ کام کرنے والوں کے ساتھ اپنی بات منوانے یا غلبہ حاصل کرنے کے حوالے سے مسائل پیدا ہوں گے۔ خاص بات یہ ہے کہ جذباتی اور غلبہ حاصل کرنے کے رویہ کا کم سے کم مظاہرہ کریں۔

12 اپریل تا 11 مئی

اس وقت ہمارا مشورہ ہے کہ اپنی تمام تر توجہ اپنے معاملات کی طرف مبذول کریں۔ کیونکہ نسبتاً سنجیدہ رویہ ہی حالات میں بہتری لانے کا باعث ہوگا۔ اس عرصہ کے دوران اپنے اخراجات اور آمدن میں توازن قائم کرنا

ضروری ہوگا بصورت دیگر اس حوالے سے مسائل سامنے آئیں گے کیونکہ صرف اخراجات ہی نہ بڑھیں گے بلکہ آمدن کے ذرائع بھی سکڑتے ہوئے محسوس ہوں گے۔ اس عرصہ کے دوران اس برج سے متعلق وہ خواتین و حضرات جو جدید اور آزاد خیال ذہن کے مالک ہیں وہ جنس مخالف سے تعلق کے حوالے سے محتاط رہیں' خاص طور پر مرد حضرات کیونکہ بدنامی یا غیر معمولی خرچہ کے علاوہ اس معاملہ میں کچھ اِن کی قسمت میں نہ ہوگا۔ صحت کے امر پر خاص دھیان رکھیں۔ خصوصیت کے ساتھ آنکھوں اور بد احتیاطی کی وجہ سے لاحق ہونے والے امراض سے خطرہ ہو سکتا ہے۔

12 مئی تا 2 جون

یہ وقت اُن معاملات میں آسانی لے کر آئے گا جن میں آپ اب سے پہلے تکلیف محسوس کر رہے تھے۔ مالی آمدنی اور کاروباری حوالے سے یہ وقت بہت اہم ہے اور جو لوگ اس حوالے سے کچھ منصوبے رکھتے ہیں ان کو اپنے منصوبوں پر عمل پیرا ہونا چاہیے' کامیابی کے کافی زیادہ امکانات ہیں۔ ایک سے زائد جگہ سے آمدن ہو سکتی ہے تاہم اس وقت وہ افراد خانہ جو عمر میں بڑے ہیں جیسے والدہ اور دادا' دادی وغیرہ" اِن کی صحت کے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں اور اگر اِن کی ذمہ داری آپ پر ہے تو ظاہر بات ہے کہ آپ بھی ان کی بیماری اور مشکل جیسے مسائل کا شکار ہوں گے۔ فنون لطیفہ سے متعلق لوگوں کو اس وقت آگے بڑھنے اور نام کمانے کے مواقع ملیں گے اور شہرت کا حصول ہوگا۔ بچوں کی تعلیم اور صحت کے معاملات کا دھیان رکھیں اور لاپرواہی اختیار نہ کریں اس حوالے سے بھی کچھ مشکلات سامنے آسکتی ہیں۔ اپنے مخالفین اور دشمنوں پر نظر رکھیں گو آپ کے خلاف کوئی سخت اور پریشان کن قدم اس وقت اٹھانے کی پوزیشن میں تو نہیں لیکن ممکن ہے کچھ نہ کچھ چھوٹا موٹا مسئلہ پیدا کرنے میں لگے رہیں۔ پریشانی کی بات نہیں آپ کا پلڑا بھاری رہے گا۔ اچھی امیدیں اور تمنائیں کامیابی کا باعث ہوں گی۔

3 جون تا 26 جولائی

اس وقت سب سے اہم بات یہ ہے کہ آپ اپنے مزاج پر قابو رکھیں' بصورت دیگر آپ اپنے لیے کئی مسائل پیدا کریں گے۔ دوسرے کی بات کو تحمل سے سنیں اور پھر جواب دیں یا اپنا لائحہ عمل تیار کریں۔ اس وقت آپ پوری توانائی کے ساتھ آگے بڑھنے اور حسب منشا کامیابی حاصل کرنے کے لیے جدوجہد کریں گے۔ مالی و مادی لحاظ سے ایک اچھا وقت ہے۔ مالی آسودگی حاصل ہوگی اور پیشہ ورانہ طور پر کوئی نہ کوئی کامیابی ضرور ملے گی۔ کاروباری افراد کو آگے بڑھنے کے مواقع ملیں گے اور نوکری پیشہ افراد کی قدر اور عزت بڑھے گی۔ اپنے اندر کی توانائی کو کام اور ورزش کے ذریعے کنٹرول کریں۔ زبان اور ہاتھ سے نہیں۔ گو صحت کی پرابلم تو نظر نہیں آتی پھر بھی چھوٹے موٹے مسئلے تنگ کریں گے ہاں البتہ حادثہ یا چوٹ خطرناک ثابت ہو سکتی ہے۔ سو دوران گفتگو' بحث اور پھر لڑائی میں دھیان سے پڑیں۔ اس

لال کتاب

لال کتاب کا یہ ترمیم شدہ ایڈیشن 1942ء میں شائع ہوا تھا۔ یہ کتاب ایک نایاب اور نہ دستیاب کتب میں شامل ہوتی ہے۔ جن کے پاس ہے بھی اُن کے پاس بھی کتاب کے مکمل صفحات نہیں ہیں۔ ادارے نے زر کثیر صرف کر کے اس کتاب کے تمام گمشدہ اوراق حاصل کر لیے ہیں۔ اب یہ مکمل حالت میں علوم مخفی کے ماہرین کے لیے دستیاب ہے۔ یہ کتاب پنڈت شرما گردھاری لال کی تحریر کردہ ہے۔ جو کہ خاندانی پنڈت اور نجومی تھے۔ علم نجوم اور علم سامدرک کے موضوع پر یہ ایک ایسی کتاب ہے جس کا کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا۔ اس کتاب کے ذریعے ہاتھ کی لکیروں سے بھی جنم کنڈلی بنائی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ کسی بھی فرد کے حالات و واقعات زندگی معلوم کیے جا سکتے ہیں۔ ایک نادر اور نایاب قدیم کتاب۔ (فوٹو کاپی میں دستیاب ہے)

عرصہ کے دوران بہن بھائیوں سے فوائد کا حصول ہوگا۔ اپنے اردگرد کے لوگوں پر اپنا رعب ڈالنے یا شدت سے حکم چلانا مناسب نہ ہوگا کیونکہ یہ آپ کے لیے مسائل پیدا کرے گا۔

27 جولائی تا 13 ستمبر

پچھلے عرصہ میں جو آسودگی اور آسانی دیکھ رہے تھے اب اس میں قدرے تبدیلی واقع ہوگی اور معاملات میں بگاڑ اور التواء کا ظہور ہوگا۔ تمام ایسے معاملات اور فیصلے جن کے اثرات دور اس اور مستقبل پر بہت اہم طریق سے اثر انداز ہوں گے۔ ان کو چھیڑنا اور اِن کے بارے میں فیصلہ کن قدم اٹھانا ابھی مفید نہیں ہے، صبر و تحمل سے کام لیں۔ چھوٹے موٹے بادی امراض، آنکھوں اور سر درد وغیرہ جیسے مسائل سے واسطہ رہے گا۔ اِس طرح ذہنی اور جذباتی حوالوں سے غیر مطمئن رہیں گے ہمارا مشورہ ہے جلد بازی اور فیصلہ کن گفتگو نہ کریں کیونکہ زبان درازی یا جلد بازی میں آپ افراد خانہ اور اردگرد کے ماحول کو اپنے خراب اور اپنے خلاف کرنے کا باعث بھی بن سکتے ہیں، یہ کوئی طاقت ور وقت نہیں اس لیے ایسے اقدامات مفید نہ ہوں گے اور لوگ آپ کے دباؤ میں آسانی سے نہیں آئیں گے۔ یار دوستوں کے ساتھ تفریح وغیرہ سے پرہیز کریں یا غلط کاموں میں ملوث ہوں یا کوئی بدنامی وغیرہ سے واسطہ پڑے گا۔ بیرون ملک جانے کے لیے کسی ایجنٹ کو روپیہ نہ دیں اور نہ غلط یا مشکوک کاغذات پر دستخط کریں۔ پکڑے جائیں گے۔

14 ستمبر تا 10 نومبر

ایک ایسا وقت جو کئی حوالوں سے سعادت کا مظہر ہوگا۔ انسان کے دل و دماغ میں کئی ایک خواہشات براجمان ہوتے ہیں اور یہ وقت نجومی لحاظ سے ایسا ہے جو ظاہر کرتا ہے کہ اس قت آپ کی کوئی نہ کوئی حقیقی خواہش ضرور پوری ہوگی۔ عمومی لحاظ سے دیکھا جائے تو مالی و مادی حوالے سے اچھا وقت ہے، مالی آسودگی اور خوشحالی کا حصول ہوگا۔ وہ لوگ جو پیشہ ور ہیں وہ اپنے اپنے پیشے میں نام کمائیں گے۔ میڈیا اور ایسے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو شہرت اور نام ملے گا۔ حلقہ احباب میں وسعت ہوگی اور مختلف لوگوں کے ساتھ تعلقات اور مجالس کا موقعہ ملے گا۔ گھر اور گھر سے باہر عزت و وقار میں اضافہ ہوگا۔ شادی شدہ افراد کو ازدواجی حوالے سے خوشگوار ماحول میسر ہوگا اور خاندانی خوشیاں نصیب ہوں گی۔ اس برج سے متعلق وہ لوگ جو مختلف امراض کا شکار تھے۔ اب وقت ہے کہ اچھے ڈاکٹر اور علاج سے صحت یاب ہوں گے۔ بڑے بہن بھائی فوائد کا باعث ہوں گے۔ ہمسایوں کے ساتھ تعلق میں تناؤ آ سکتا ہے۔

11 نومبر تا اختتام سال

وہ لوگ جو مذہبی رجحان رکھتے ہیں یا علوم مخفی میں دلچسپی رکھتے ہیں اِن کو اس عرصہ کے دوران روحانی اور ماورائی حوالوں سے کامیابی کی کافی توقع ہے۔ وہ لوگ جو اس سمت میں محنت کریں گے ضرور کسی نہ کسی حد تک کامیابی حاصل کر پائیں گے۔ اس عرصہ کے دوران آپ کا طرز عمل، طرز کار اور طرز حیات حد درجہ اہمیت اختیار کر جائے گا۔ یہ ہی وہ شعبہ ہے جو اس بات کا فیصلہ کرے گا کہ آپ مسائل سے بھرپور وقت بسر کریں یا تحمل کا مظاہرہ کر کے نسبتاً پر سکون زندگی بسر کر سکیں۔ معاملہ چاہے روزمرہ امور کا ہو، کاروباری یا دفتری ساتھیوں کا یا اولاد کا، اِن کی طرف سے متوقع یا مناسب حدود کے اندر طرز عمل کا کچھ فقدان ہوگا۔ آپ کا طرز عمل اس میں مسائل کو الجھا بھی سکتا ہے اور سلجھا بھی سکتا ہے۔ خصوصی طور پر یاد رکھیں اس عرصہ میں مقدمہ بازی اور معاملات کو حل کے لیے تھانہ کچہری کی طرف نہ لے کر جائیں۔ باہر ہی معاملات کو طے کر لیں۔ بیرون ملک جانے والے ایجنٹ حضرات کو مکمل تحقیق کے بعد روپیہ دیں کیونکہ اس وقت جعلسازی کا بھی امکان ہے۔

میزان

یکم جنوری تا 22 جنوری

جاری کوابکی پوزیشن کے تحت ایک ایسا وقت جو آپ کے اندر ایسی صلاحیتوں کا اظہار کر رہا ہے جن کے تحت اس عرصہ کے دوران اپنی پوری توانائی کے ساتھ آگے بڑھنے اور حسب منشا کامیابی حاصل کرنے کے لیے جدوجہد کریں گے۔ مالی و مادی لحاظ سے ایک اچھا وقت ہے۔ مالی آسودگی حاصل ہوگی اور پیشہ ورانہ طور پر کوئی نہ کوئی کامیابی ضرور ملے گی۔ کاروباری افراد کو آگے بڑھنے کے مواقع ملیں گے اور نوکری پیشہ افراد کی قدر اور عزت بڑھے گی۔ ہاں دماغ پر قابو رکھنا ضروری ہے کیونکہ بعض اوقات آپ بہت جلدی میں ہوں گے اور جلد بازی کے فیصلہ کو قابو رکھنا ضروری ہے اور جلد بازی کے فیصلہ کو کوئی بھی اچھا نہیں کہہ سکتا۔ اسی طرح بعض اوقات آپ دوسرے کی بات ختم یا اس کو اپنی صفائی دینے سے قبل جواب دینے کی کوشش کریں گے یہ طرز عمل بھی مسائل اور ٹینشن کا باعث ہوگا۔ اپنے اندر کی توانائی کو کام اور ورزش کے ذریعے کنٹرول کریں۔ زبان اور ہاتھ بے نہیں۔ ماہ رواں میں ایک دوسرا پہلو جو متاثر کر سکتا ہے وہ آپ کی ذاتی صحت ہے گو ایسی کوئی بڑی صحت کی پرابلم تو نظر نہیں آتی پھر بھی چھوٹے موٹے مسئلے تنگ کریں گے ہاں البتہ حادثہ یا چوٹ خطرناک ثابت ہو سکتی ہے۔ سو دوران گفتگو بحث اور پھر لڑائی میں دھیان سے پڑیں۔

23 جنوری تا 24 مارچ

آپ کے سامنے جو معاملات ہیں ان کا حل نکلتا محسوس ہوگا۔ حالات واقعات میں اچھی تبدیلی آئے گی۔ اور تازہ ہوا کا جھونکا اطراف میں محسوس ہوگا۔ مالی اور مادی معاملات میں ترقی اور رزق میں اضافہ ہوگا۔ اِن معاملات میں اتار چڑھاؤ سے بھی گزرنا پڑے گا تاہم مجموعی طور پر اچھے حالات رہیں گے۔ بانڈ ریس اور شیئرز وغیرہ جیسے کاموں کی طرف رغبت ہو گی اور اگر محدود پیمانے پر یہ کام کریں گے تو کامیابی کی بھی توقع کی جا سکتی ہے۔ وہ جن کا موں سے متعلق ہے اِن کو بھی کامیابی ہوگی گو مجموعی طور پر ہر کام میں آپ کا دماغ خوب چلے گا اور ضرورت کے مطابق نت نئی تعلیم وغیرہ سامنے آئے گی۔ علوم مخفی سے متعلق لوگوں یا دین سے متعلق لوگوں سے محبت و طلب رکھنے والوں کی ملاقات اور اکتساب ہوگا۔ تاہم ایک بات یاد رکھیں اور اس حوالے سے محتاط رہیں اور وہ ہے والدہ اور والدہ کے رشتہ دار یعنی یہ شعبہ اس عرصہ میں کمزور ثابت ہوگا اور پریشانی ہو سکتی ہے۔

25 مارچ تا 11 اپریل

زیر بحث عرصے کے دوران صحت اور اخراجات دو ایسے خاص امور ہیں جن کے بارے میں ہم خاص طور پر محتاط رہنے کا کہیں گے۔ کسی بھی صورت میں اِن معاملات میں لاپرواہی اختیار نہ کریں۔ ورنہ بعد میں شکایت نہ کریں یہ کیا ہوگیا؟ دراصل اس عرصہ میں اخراجات کہاں ہوں گے یہ تو کہنا مشکل ہے تاہم یہاں یا وہاں ہوں گے ضرور اور آپ اِن کا بوجھ بھی محسوس کریں گے۔ اسی طرح خاندان اور جذباتی مسائل بھی سامنے آئیں گے جن کو جذبات میں آ کر طے کرنا کسی بھی صورت میں موزوں نہیں۔ معاملات کو اپنے حق میں کرنے کے لیے تحمل کو ساتھ ساتھ رکھیں۔ اور براہ راست ردعمل کی بجائے بالواسطہ طرز عمل اختیار کریں۔ یہی وقت کی ضرورت ہے۔ تمام ایسے معاملات جن میں آپ کی ذاتی شہرت یا نام داؤ پر لگے یا اس کو خطرہ ہو ان میں ملوث نہ ہوں بلکہ خوبصورتی کے ساتھ ایسے معاملات سے

الگ رہیں۔ اس عرصے کے دوران ٹریفک حادثات یا چوٹ لگنے کا بھی اندیشہ ہے۔

12 اپریل تا 11 مئی

معاملات میں تناؤ کی کیفیت جاری رہے گی بلکہ اس بات کا امکان ہے کہ اس میں یہ اضافہ ہوگا اور مسائل کچھ بڑھیں گے۔ خاص طور پر وہ لوگ جو پیٹھ پیچھے یا چھپ کر آپ کی مخالفت پر کمر بستہ تھے ان کے ساتھ کچھ لوگ مل کر سامنے آکر مخالفت اور نقصان پہنچانے پر آمادہ ہوں گے۔ سو اس کا بندوبست کریں۔ سستی اور کاہلی سے کام نہ لیں اور معاملات کو مناسب طریق اور رفتار سے اختتام کی طرف لے جانے کی کوشش کریں۔ دوسری طرف فطرت نے جو اچھائی آپ کے لیے رکھی ہے اس کے تحت مالی و مادی حوالے سے بہتر صورت حال آپ کے سامنے آئے گی اور آپ نے توجہ سے کام لیا تو بالضرور اپنی پوزیشن مستحکم کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ افراد خانہ کے ساتھ اپنے رویہ پر نظر ثانی کریں ممکن ہے وہ اس حوالے سے کچھ بے چینی محسوس کریں۔

12 مئی تا 2 جون

موجودہ کو ابھی صورتحال میں کہا جا سکتا ہے کہ آپ اپنا حلقہ احباب اور کاروبار حیات میں نسبتاً بہتر مقام اور شہرت حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ یوں بھی لوگوں کا رجحان آپ کی طرف ہوگا اور مشاورت وغیرہ کے سلسلے میں بھی ملنے جلنے والے آپ سے رابطہ میں رہیں گے۔ کاروباری اور مالی حوالے سے صورت حال اچھی ہوگی کہ آپ کی آمدن بڑھ جائے گی اور اس طرح آپ کو کچھ نہ کچھ پس انداز کرنے میں کامیابی ہوگی۔ چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ اچھے تعلقات ہوں گے اور ذاتی حوالے سے بھی آپ کے یہ عزیز و اقارب بہتر پوزیشن اور آسودگی حاصل کر پائیں گے۔ چھوٹے اور کامیاب سفر کرنے کا موقع ملے گا۔ سفر تفریح اور کاروباری رشتہ داروں سے ملنے کے حوالے سے ہو سکتے ہیں۔ گھریلو اور ازدواجی حالات اچھے رہیں گے اور نسبتاً خوشگوار زندگی بسر کریں گے۔ طالب علموں اور اعلیٰ تعلیم کے حصول کے خواہشمند افراد کے لیے اچھا وقت ہے، جو بھی قدم اٹھائیں گے اس میں کامیابی ہوگی۔

3 جون تا 26 جولائی

حالات میں تبدیلی محسوس کی جائے گی اور جس قدر آسانی پہلے تھی اب اتنی محسوس نہ ہوگی۔ صحت کے حوالے سے خاص طور پر محتاط رہیں یہ صرف عمومی امراض کی بات نہیں بلکہ راہ چلتے سائیکل یا گاڑی چلانے یا کام کرتے ہوئے بھی اپنے آپ کو بچا کر رکھنے کا وقت ہے تاکہ حادثہ وغیرہ سے محفوظ رہا جا سکے۔ اس وقت کو موت کا وقت تصور نہ کر لیں۔ البتہ مشکل ضرور ہے۔ وراثت، خاندانی امور شراکت کے معاملات میں تناؤ کی کیفیت ہوگی اور مطلوبہ مقاصد کا حصول آسانی سے نہ ہو گا۔ مشترکہ کاروبار کرنے والوں کو شریک کار یا مال خریدنے والوں سے ادھار کی واپسی یا حساب کے حوالے سے شکایت پیدا ہونا امر لازم ہے۔ ہاں وہ لوگ جو موت، کفن دفن اور انشورنس وغیرہ کے کاموں سے متعلق ہیں ان کو فوائد کا حصول ہوگا، عمومی طور پر مالی معاملات میں تناؤ رہے گا۔ اور مالی و مادی حوالے سے کئی مسائل پریشانی کا باعث ہوں گے۔ جو بھی صورت حال ہو جلد بازی اور تندی و تیزی سے کسی بھی ضرورت میں کام نہ لیں ورنہ مسائل میں بھی اضافہ ہی ہوگا۔

27 جولائی تا 13 ستمبر

تجارتی اور مالی معاملات میں محتاط رویہ اختیار کریں۔ غیر معمولی اخراجات یا حساب نہ کرنا، مالی تنگی اور قرض کا شکار بنانے کا باعث ہوگا۔ کسی فیکٹری لگانے یا کوئی چیز بنانے کے کام میں کسی صورت نہ پڑیں۔ صرف اِدھر کا مال اُدھر کرنے جیسے کاموں میں آمدن ہوگی۔ یعنی کے ایک جگہ سے مال لیں اور دوسری جگہ بیچ دیں۔ اس میں اتنا ہی کافی ہے۔ طبع میں فطری جلد بازی پر قابو پانے کی کوشش کریں ورنہ جو بھی قدم اٹھائیں گے وہ غلط جگہ جا پڑے گا۔ خاص طور پر شراکت پر کام کرنے والے دھیان کریں۔ شریک کار کسی بھی صورت معاف نہیں کرے گا۔ معمولی سی غلطی یا نقصان بھی اُس کے لیے تکلیف کا باعث ہوگا اور باہمی تلخی کا باعث ہو سکتا ہے۔ اس دوران سفر کا بھی موقع ملے گا اور صاحب حیثیت و اختیار لوگوں کے ساتھ ملاقات اور تعلقات قائم ہوں گے۔

14 ستمبر تا 10 نومبر

یہ وقت آپ کے منفی حالات پر مرہم کا کام دے گا۔ مجموعی طور پر کہا جا سکتا ہے۔ کہ اب تک جن جن مسائل کا شکار تھے۔ اب ان کے حل ہونے کا وقت ہے۔ مالی معاملات بہتر شکل اختیار کریں گے۔ اور ایسے وقت چاہے آپ کا تعلق کاروباری دنیا سے ہو یا نوکری پیشہ سے، آسودگی اور ترقی کے امکانات پیدا ہوتے چلے جائیں گے۔ گھریلو اور ازدواجی حالات میں بہتری آئے گی۔ اور بیرون ملک سفر یا کاروبار یا تعلیمی سلسلے میں کامیابی کا بھی

بقیہ صفحہ نمبر 56 پر.....

یکم جنوری تا 22 جنوری

سال کی ابتداء کچھ زیادہ بہتر طریقے سے نہ ہوگی۔ آپ کو کئی پہلوؤں پر نظر رکھنی ہوگی۔ مالی و مادی لحاظ سے تنگی کا سامنا ہوگا یا تو آمدن کم ہوگی اور اگر آمدن ہوگی تو پھر خرچ ہونے کی بھی کوئی نہ کوئی سبیل نکل آئے گی۔ ایسے اوقات ہوں گے جو آپ کی صحت کو نفسیاتی اور جذباتی حوالے سے متاثر کریں گے۔ ہاں ایک بات ہے آپ اپنے مالی مادی اور دیگر معاملات میں ایک حد تک بہتری لا سکتے ہیں بشرطیکہ آپ حد درجہ ہوشیار اور محتاط روی کا طرز کار اختیار کریں۔ خاندانی جائیداد اور وراثت سے متعلق معاملات سر اٹھا سکتے ہیں۔ ذاتی طور پر بھی خرابی صحت کا خطرہ ہے۔ بانڈ اور ریس کے شوقین خواتین وحضرات زیادہ بڑی رقم نہ لگائیں، کم ہی چانس نظر آتا ہے۔ دوسرے معاملات میں تناؤ کی طرح اس عرصہ میں مخالفین اور تنقید نگاروں کا سامنا ہوگا۔ تاہم زیادہ پریشانی میں پڑنے کی بجائے معاملات کو کچھ عرصہ کے لئے التواء میں ڈال دیں آنے والوں دنوں میں کچھ نہ کچھ حل نکل آئے گا۔

23 جنوری تا 24 مارچ

معاملات میں اس قدر آسانی یا آسودگی نہ ہوگی جس کا مظاہرہ پہلے دیکھ چکے ہیں۔ خاص طور پر جذباتی رویوں اور مزاجی برہمی سے واسطہ پڑے گا اور اگر مزاج پر قابو نہ پایا گیا تو دوسرے لوگوں اور عزیز واقارب کے ساتھ بدمزگی اور بدکلامی کی نوبت لازم آئے گی۔ ہمارا مشورہ ہے اس وقت اپنے اوپر قابو رکھیں اور بلاوجہ دوسروں پر غصہ اور رعب نہ ڈالیں۔ اس عرصہ کے دوران گھر کی عورتوں خصوصاً والدہ اور بڑی عمر کی خواتین کے صحت کے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ اس برج سے متعلق جو لوگ جائیداد وغیرہ کا کام کرتے ہیں یا اس وقت ذاتی حوالے سے خرید وفروخت یا کرایہ داری وغیرہ کے معاملہ میں ہیں ان کو دھیان رکھنا چاہیے' دھوکہ فراڈ اور بے وقوفی جیسے واقعات رونما ہو سکتے ہیں۔ زخمی ہونے کا امکان ہے۔ گھر کی مرمت یا ایسے دیگر کام خوب سوچ سمجھ کر کریں۔ ماں کی صحت خراب ہوگی۔ آپ کو بھی حادثات اور چوٹ وغیرہ کا خطرہ ہے۔

25 مارچ تا 11 اپریل

پچھلے عرصے کی نسبت جاری وقت کئی ایک معاملات میں آسودگی کا باعث ہوگا۔ وہ لوگ جو زیارت یا کسی قسم کا مذہبی سفر کرنے کے خواہش مند ہیں توقع ہے ان کو ایسے مواقع ملیں گے۔ حکومتی اُمور اور معاملات میں آسانی کا پہلو سامنے آئے گا۔ اب تک جن مسائل کا شکار تھے اب ان سے باہر نکلنے اور کوئی حل سامنے لانے کا موقع ملے گا اور اللہ کی رحمتیں شامل حال ہوں گی۔ حکومت سے متعلق کاموں میں رکاوٹ دور ہوگی اور افسران بالا اور حکام بالا سے تعاون حاصل ہوگا۔ نوکری پیشہ افراد کو بھی نسبتاً آسان وقت سے واسطہ پڑے گا۔ اس عرصہ کے دوران بہتر ہے اللہ واسطہ صدقہ خیرات یا نیک نامی کے کاموں میں حصہ دیں۔ یہی چیز آپ کے لیے آسانی اور بہتری پیدا کرے گی۔ مالی اور مادی معاملات کے حوالے سے اچھا وقت ہے اور ان سمتوں میں اچھے حالات سے واسطہ رہے گا۔ کسی پرانی امید وخواہش کے پورا ہونے کے بھی امکانات ہیں۔ وہ لوگ جو پہلے مخالفت پر کمر بستہ تھے اور تنگ کر رہے تھے اب ان کو راہ راست پر لانے کا موقع ملے گا اور آپ کو ان پر غلبہ حاصل ہوگا حج اور دیگر بیرون ملک سفر کے حوالے سے بھی اچھی پیش رفت ہوگی۔

12 اپریل تا 11 مئی

وہ لوگ جو کاروبار کرتے ہیں چاہے اس کی نوعیت اور حجم کچھ بھی ہو اُن کو مواقع ملیں گے کہ آگے بڑھ سکیں' جس قدر کوشش کریں گے اسی قدر کامیابی کے امکانات زیادہ ہیں۔ ملازمت پیشہ افراد کے لیے بھی وقت اچھا ثابت ہوگا۔ نئی اور بہتر نوکری کی تلاش' تنخواہ' یا ترقی وغیرہ کے حوالے سے خوشی حاصل ہوسکتی ہے وہ جو چاہتے ہیں کہ کامیابی حاصل کریں' ضرور ایک قدم آگے بڑھائیں۔ وہ لوگ جن کا تعلق کسی حوالے سے سیاسی معاملات کے ساتھ ہے تو توقع ہے کہ اِن کی ساکھ بہتر ہوگی اور ماضی میں اگر کسی عہدے یا پوزیشن کے خواہش مند تھے' تاہم اس کا حصول نہ ہوسکا تھا تو اب کامیابی کا امکان ہے۔ اس برج سے متعلق جو لوگ باپ یا خاندان کے بڑوں سے توقع لگائے بیٹھے ہیں امید ہے اللہ کے فضل سے اِن کی اب سنی جائے گی اور تکمیل خواہش کے اسباب پیدا ہوں گے۔ جہاں تک گھریلو اور خاندانی زندگی کا تعلق ہے یہ خوشگوار اور اچھی بسر ہوگی۔ تاہم اس سارے خوشگوار ماحول کے باوجود کچھ لوگ غیر محسوس طور پر آپ کے خلاف بد گوئی اور خفیہ سازش قسم کے اقدامات کر سکتے ہیں۔ سو ان مخالفین سے ہوشیار رہیں۔ اِن کو پہچاننا آسان نہ ہوگا۔ اس وقت کے بارے میں کہا جاسکتا ہے کہ معاشرے میں آپ کے مقام اور اچھی شہرت میں اضافہ ہوگا۔ صاحب حیثیت افراد' افسران اور دیگر لوگ فوائد دینے کا باعث ہوں گے۔ یہ اب آپ پر ہے کہ اس اچھے وقت کا فائدہ آپ کس طور اٹھاتے ہیں۔ نوکری پیشہ افراد کی ترقی یا کسی طور پر مالی فائدے وغیرہ کی کافی توقع ہے۔ آپ کے اعتماد میں اضافہ ہوگا۔ وہ جن کی ترقی رکی ہوئی ہے۔ اب سمجھیں اس کا وقت آ گیا ہے۔ اس طرح حکومت کے پاس رکے ہوئے کاموں کی تکمیل نظر آ رہی ہے۔ اس عرصہ میں بہتر اور اچھے لباس پر توجہ مرکوز ہوگی۔ گھریلو شخصیت اور کام کی جگہ پر نسبتاً بہتر ماحول بنانے کی کوشش کریں گے۔ مالی اور مادی حوالے سے اچھا وقت ہے اور جس طرف بھی توجہ دیں گے کچھ نہ کچھ کامیابی ضرور حاصل کرلیں گے۔ چاہے جزوی طور پر ہی کیوں نہ ہو۔ یہ وقت آپ کو کچھ نہ کچھ ضرور دے گا۔

12 مئی تا 2 جون

یہ وقت اُن معاملات میں آسانی لے کر آئے گا جن میں آپ اب سے پہلے تکلیف محسوس کررہے تھے۔ مالی' مادی اور کاروباری حوالے سے یہ وقت بہت اہم ہے اور جو لوگ اس حوالے سے کچھ منصوبے رکھتے ہیں اِن کو اپنے منصوبوں پر عمل پیرا ہونا چاہیے' کامیابی کے کافی زیادہ امکانات ہیں۔ ایک سے زائد جگہ سے آمدن ہوسکتی ہے تاہم اس وقت وہ افراد خانہ جو عمر میں بڑے ہیں جیسے والدہ اور دادا' دادی وغیرہ' اِن کی صحت کے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں اور اگر اِن کی ذمہ داری آپ پر ہے تو ظاہر بات ہے کہ آپ بھی ان کی بیماری اور مشکل جیسے مسائل کا شکار ہوں گے۔ فنونِ لطیفہ سے متعلق لوگوں کو اس وقت آگے بڑھنے اور نام کمانے کے مواقع ملیں گے اور شہرت کا حصول ہوگا۔ بچوں کی تعلیم اور صحت کے معاملات کا دھیان رکھیں اور لاپرواہی اختیار نہ کریں اس حوالے سے بھی کچھ مشکلات سامنے آسکتی ہیں۔ اپنے مخالفین اور دشمنوں پر نظر رکھیں گو آپ کے خلاف کوئی سخت اور پریشان کن قدم اس وقت اٹھانے کی پوزیشن میں تو نہیں لیکن ممکن ہے کچھ نہ کچھ چھوٹا موٹا مسئلہ پیدا کرنے میں لگے رہیں۔ پریشانی کی بات نہیں آپ کا پلڑا بھاری رہے گا۔ اچھی امیدیں اور تمنائیں کامیابی کا باعث ہوں گی۔

3 جون تا 26 جولائی

اس وقت ہمارا مشورہ ہے کہ اپنی تمام تر توجہ اپنے معاملات کی طرف مبذول کریں۔ کیونکہ نسبتاً سنجیدہ رویہ ہی حالات میں بہتری لانے کا باعث ہوگا۔ اس عرصہ کے دوران اپنے اخراجات اور آمدن میں توازن قائم کرنا ضروری ہوگا بصورت دیگر اس حوالے سے مسائل سامنے آئیں گے کیونکہ صرف اخراجات ہی نہ بڑھیں گے بلکہ آمدن کے ذرائع بھی سکڑتے ہوئے محسوس ہوں گے۔ اس عرصہ کے دوران اس برج سے متعلق وہ خواتین و حضرات جو سنجیدہ اور آزاد خیال ذہن کے مالک ہیں وہ جنس مخالف سے تعلق کے حوالے سے محتاط رہیں' خاص طور پر مرد حضرات کیونکہ بدنامی یا غیر معمولی خرچہ کے علاوہ اس معاملہ میں کچھ ان کی قسمت میں نہ ہوگا۔ صحت کے امر پر خاص دھیان رکھیں۔ خصوصیت کے ساتھ آنکھوں اور بداحتیاطی کی وجہ سے لاحق ہونے والے امراض سے خطرہ ہوسکتا ہے۔

27 جولائی تا 13 ستمبر

یہ دورانیہ ایک اچھے وقت کا اشارہ دے رہا ہے۔ مادی اور کاروباری حوالے سے آسودگی کا حصول ہوگا۔ وہ کاروباری افراد جو عرصے سے کام کو بڑھانے کا سوچ رہے تھے۔ اب وقت ہے کہ ایسا کرسکیں گے۔ اس طرح نوکری پیشہ افراد کو بھی کوئی نہ کوئی آسودگی یا اضافی آمدن ہوسکتی ہے۔ بہر حال مجموعی طور پر اس برج سے متعلق لوگوں کے حالات میں مثبت تبدیلی آئے گی۔ صاحب حیثیت و مرتبہ افراد کے ساتھ ہوں گے۔ گھریلو اور

ازدواجی زندگی خوشگوار ہوگی اور باہم افرادِ خانہ پُرسکون اور لطف اندوز زندگی بسر کریں گے۔ چانس اور انعامی سکیموں میں حصہ لینے والے اپنے حدود اربعہ کے اندر رہ کر کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ تاہم ہمارا مشورہ ہے اس عرصہ کے دوران وراثت سے متعلق معاملات کے حوالے سے قطعاً کوئی لاپرواہی اختیار نہ کریں۔ ورنہ آگے چل کر معاملات منفی شکل اختیار کر جائیں گے۔ وہ لوگ جو دوسروں کے روپے کو اپنے بزنس میں لگانا چاہتے ہیں یا دوسروں کے روپے سے اپنا بزنس کرنا چاہتے ہیں ان کو بھی تکمیل خواہش کا کوئی نہ کوئی راستہ مل جائے گا۔ بیرونِ ملک سفر یا کام کے حوالے سے جلد بازی لاپرواہی سے کام نہ لیں۔

14 ستمبر تا 10 نومبر

جاری کو ابھی صورت میں سنجیدہ رویہ اختیار کر لیں۔ پہلی سی آزادروی اور آسودگی نہ ہوگی بلکہ رکاوٹ اور دباؤ محسوس کریں گے۔ کئی کاموں اور امور میں رکاوٹ اور التوائکا قوی امکان ہے تاہم عمومی حوالے سے مادی، مالی امور میں ابھی بھی آسودگی کا عنصر باقی رہے گا۔ تاہم صحت کے حوالے سے اچھا وقت نہیں ہے۔ ذاتی صحت' شریک حیات اور بچے اگر ہیں تو اِن کی صحت' یعنی کہیں نہ کہیں کوئی نہ کوئی مسئلہ اور خرچہ اس حوالے سے پڑا رہے گا۔ سو ہمارا مشورہ ہے کہ اس حوالے سے جیسے ہی کوئی تکلیف دہ صورت حال سامنے آئے فوری علاج معالجہ پر توجہ دیں اور بے توجہی نہ برتیں۔ اور اگر آپ سائیکل یا گاڑی وغیرہ کے مالک ہیں تو خوب سوچ سمجھ کر ان کا استعمال کریں۔ ٹریفک اور پیدل چلتے ہوئے بھی محتاط رہیں حادثہ کا خطرہ ہے۔ وہ لوگ جو شراکت وغیرہ کرنے کے خواہش مند ہیں اِن کے لیے یہ رسک لینا ٹھیک رہے گا اور معاملات کو سمجھ داری سے طے کرنا آپ پر ہے اور امید ہے لکھتے پڑھتے آپ کوئی غلطی نہ کریں۔ شادی اور منگنی وغیرہ اس عرصہ میں نہ کریں۔ شراکت جنس مخالف کے ساتھ نہ ہو۔

11 نومبر تا اختتام سال

اب آپ ایک ایسے وقت میں داخل ہوں گے جو آپ کے معاملات میں آسودگی لانے کا باعث ہوگا۔ کوشش اور ہمت آپ کی ہی ہوگی۔ بہر حال اس وقت خاص طور پر بیرون ملک جانے یا رابطہ قائم کرنے یا بزنس وغیرہ کرنے کے حوالے سے اچھے احکام سامنے آرہے ہیں' سو اس حوالے سے اپنی کوشش کریں۔ اللہ بہتر کرنے والا ہے۔ اندرون ملک سفر چاہے میل ملاقات چاہے پیشہ وارانہ ہو مفید ثابت ہوگا۔ اس وقت کے حوالے سے گو اچھے اشارے مل رہے ہیں تاہم ہمارا مشورہ ہے اپنے مزاج پر قابو رکھیں اور بے مقصد بھاگ دوڑ اور کبھی ایک معاملہ اور کبھی دوسرا معاملہ ہاتھ میں لے کر زندگی بسر کرنے کا رویہ مثبت نتائج نہیں لائے گا۔ اپنے ذہن کو ایک جگہ مرتکز کریں اور اپنی تمام تر ذہنی اور جسمانی طاقتوں کو مقررہ منزل کے حصول کے لیے استعمال کریں یہی وقت کا تقاضہ ہے۔

یکم جنوری تا 22 جنوری

وہ لوگ جن کا علوم مخفی یا ایسے ہی دیگر علوم کے ساتھ تعلق ہے اِن کے لیے اس وقت آگے بڑھنے کے واضح امکانات ہیں۔ گو معاملات آسان نہ ہوں گے لیکن اگر توجہ محنت اور مستقبل مزاجی سے کام لیا گیا تو بالضرور کامیابی کا حصول ہوگا۔ باقی معاملات کے حوالے سے بھی کچھ ایسی ہی صورت حال پیش آئے گی۔ صرف اپنے کام اور منصب کے ساتھ مکمل سچائی کے ساتھ منسلک ہونا ہی کامیابی کا باعث ہوگا۔ یہ وقت سخت محنت کا متقاضی ہے۔ آپ کے قریبی رشتہ دار یا بھائی بہن آپ سے مالی مدد و تعاون کے خواستگار ہو سکتے ہیں۔ تاہم ہمارا مشورہ یہی ہوگا کہ اپنی گنجائش کے مطابق دوسروں کی مدد کریں اِن کے لیے قرضہ یا اضافی ذمہ داریوں کا بوجھ نہ اٹھائیں۔

23 جنوری تا 24 مارچ

کئی حوالوں سے ایک اچھا وقت ہے۔ کیریئر اور روزگار کے حوالے سے بہتری کا تسلسل جاری رہے گا اور مالی و مادی حوالے سے کامیابی حاصل ہوگی۔ وہ لوگ جن کو ان کے مخالفین پچھلے کچھ عرصہ سے تنگ کر رہے تھے یا ان کے لیے مسائل کا باعث بنے ہوئے تھے۔ اب ایسا وقت آ رہا ہے کہ آپ ان پر غلبہ حاصل کر سکیں گے اور طویل عرصہ سے جاری کشمکش میں آپ حتمی کامیابی کی جانب بڑھیں گے۔ اس سلسلے میں آپ کو کئی لوگوں کا تعاون حاصل ہوگا۔ فنون لطیفہ آرٹ اور سیاست سے تعلق رکھنے والے افراد کو معاشرے میں مزید نمایاں مقام اور کامیابی ملے گی۔ اس برج سے متعلق وہ لوگ جو چھوٹے پیمانے پر اپنا ذاتی کام کرتے ہیں یعنی مالک بھی خود اور ملازم بھی خود ان کو چاہیے کہ مکمل تندہی اور توجہ سے اپنا کام کریں کیونکہ اس وقت جو ابتدا اور کامیابی ہوگی وہ آنے والے دنوں میں کئی کامیابیوں کا پیش خیمہ ثابت ہوگی۔ اس برج سے متعلق جو لوگ اعلیٰ تعلیم یا مقابلے کے امتحان وغیرہ میں بیٹھنے کے خواہش مند ہوں گے ان کو اچھی خبریں سننے کو ملیں گی۔ یاد رکھیں آپ کی کوشش اور محنت ضرور رنگ لائے گی۔ انشاءاللہ۔ ایک خاص بات اس برج سے متعلق لوگوں کو یاد رکھنی ہے وہ یہ ہے کہ اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں خصوصاً وہ لوگ جو دل کمر اور سینے کے امراض سے متاثر ہیں یا ان میں سے کسی کے متاثر ہونے کے خطرے سے دوچار ہیں۔

25 مارچ تا 11 اپریل

یہ وقت اُن مسائل کا حل لے کر آئے گا جن کا شراکت یا ازدواجی حوالے سے آپ کو پہلے سامنا تھا۔ کاروبار شریک یا ساجھے کے بزنس یا مشترکہ خاندان میں رہنے والوں کو جن مسائل کا سامنا تھا اب اِن کے حل نکل آئیں گے۔ سو ہمارا مشورہ ہے کہ وقت کے دھارے سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھاتے ہوئے معاملات حیات میں بہتری کی کوشش کریں" کامیابی ہوگی۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری کی کوشش کریں" کامیابی ہوگی۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ دفتر میں ساتھیوں کے ساتھ تعلقات میں موجود تناؤ کی کیفیت ختم ہو جائے گی اور عام معاشرتی مخالفت کی لہر بھی ختم ہو جائے گی۔ سفر کا امکان ہے سو بیرون ملک جانے یا بیرون ملک تجارت یا کاروبار وغیرہ یا نوکری کے حوالے سے کوشش کرنا چاہیں تو اِن دنوں میں کر سکتے ہیں۔ اچھے امکانات ہیں وہ والدین جو اپنی اولاد کے معاملات کی وجہ سے پریشان تھے اب اِن کو بھی سکون کا سانس ملے گا اور اولاد سے متعلق پریشانیوں اور مسائل میں بھی کمی

واقع ہوگی۔

12اپریل تا11 مئی

یہ وقت سارے معاملات میں تو نہیں البتہ کئی ایک ایسے معاملات سے جو پچھلے کافی عرصے سے آپ کو تنگ کر رہے تھے اِن میں سکون کا سانس دینے کا باعث ہوگا۔ کاروباری لوگ جو کسی کامیابی کا انتظار کر رہے تھے یا نوکری پیشہ جو سہولت تلاش کر رہے تھے اب وقت ہے کہ اِن کی خواہشات کی کسی نہ کسی طور تکمیل ہو سکے۔ خصوصاً نیا کام شروع کرنے یا پرانے کام کو بڑھانے اور ترقی دینے کے حوالے سے اچھا وقت ہے۔ اس عرصہ کے دوران اس برج کے جو لوگ عشق و محبت کے چکروں میں رہتے ہیں اِن کو بھی دل خوش کرنے کے مواقع ملتے نظر آ رہے ہیں۔ تاہم آنے والے دنوں کے حوالے سے محتاط طرزِ عمل کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ شادی شدہ افراد کی زندگی بہتر گزرے گی اور جن میاں بیوی میں اختلاف تھا یہ مناسب وقت ہے کہ اِن کو اپنے اختلافات دور کرنے کی کامیاب کوشش کرنی چاہیے۔ صحت کی طرف سے ابھی بھی لاپرواہی نہ کریں۔ مخالف عملیاتی حوالے سے بھی نقصان پہنچانے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ بلکہ وہ آپ کے خلاف حکام بالا تک بھی جا سکتا ہے" تاہم اِن دنوں میں آپ کو زیادہ نقصان پہنچانے یا تکلیف دینے کی پوزیشن میں نہ ہوگا۔ قریبی عزیز و اقارب سے تعلقات زیادہ خوشگوار نہ ہوں گے۔

12 مئی تا 2 جون

آپ جن مسائل کا شکار تھے اب اللہ کے فضل سے اِن کا حل نکلتا محسوس ہوتا ہے۔ روزگار" کاروبار اور نوکری وغیرہ کے حوالے سے حالات میں بہتری واقع ہوگی۔ ذرائع آمدن میں اضافہ ہوگا اور خوشحالی کے دن دیکھیں گے۔ اس برج سے متعلق وہ لوگ جو تعلیم و تربیت کے مرحلے سے گزر رہے ہیں اِن کے لیے اچھا وقت ہے۔ اس حوالے سے کامیابی اور بہتر راہنمائی میسر ہوگی۔ خوش قسمتی اور بانڈ نمبروں جیسے ذرائع سے آمدن کے لیے کوشاں رہیں گے۔ ذہن کو حاضر رکھا تو اس میں کامیابی بھی ہو سکے گی۔ دوستوں کے ساتھ محفلیں سجانے اور وقت بسر کرنے کو دل چاہے گا۔ وہ لوگ جو جنس مخالف کے ساتھ دوستی و تعلق پر یقین رکھتے ہیں اِن کو ایسے مواقع ملیں گے لیکن یہ تجربات خوشگوار نہ ہوں گے۔ جنس مخالف کے افراد بلیک میل اور ناجائز خواہشات کا اظہار کر سکتے ہیں۔ آگے آپ خود سمجھ دار ہیں۔ کیا کرنا ہے اب آپ کی ذاتی ذمہ داری ہے۔ وہ جو اولاد کے خواہشمند ہیں اِن کو اس حوالے سے خوشخبری ملے گی۔

3 جون تا 26 جولائی

اس عرصے کے دوران وہ لوگ جو آگے بڑھنے اور کامیابی حاصل کرنے کی عملی خواہش رکھتے ہیں غیر معمولی کامیابی حاصل کریں گے۔ کاروباری اور پیشہ وارانہ حوالے سے نمایاں مقام حاصل کریں گے۔ آمدن اور ذرائع روزگار میں اضافہ ہوگا۔ خاص طور پر وہ لوگ جو بیک وقت دو یا دو سے زائد جگہوں پر کام کرتے ہیں یا کرنے کے خواہشمند ہیں۔ عمر میں آپ سے بڑے بہن بھائی خصوصاً بہنیں اس عرصہ میں مثبت طور پر آپ کی زندگی پر اثر انداز ہوں گی۔ البتہ آپ کی والدہ کی صحت اس عرصہ میں متاثر ہو سکتی ہے۔ گھریلو ماحول خوشگوار اور شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ وہ لوگ جو نئی نئی محفلوں کے شوقین ہیں اور نئے نئے تعلقات بنانا چاہتے ہیں یا وہ لوگ جو شوبز سے متعلق ہیں یا جو چاہتے ہیں کہ معاشرے میں جانے پہچانے جائیں اِن کی قلبی خواہشات بھی اس وقت پوری ہوتی نظر آتی ہیں۔

27 جولائی تا 13 ستمبر

مجموعی طور پر کچھ زیادہ اچھے حالات نظر نہیں آتے۔ ہاتھ ا زبان ا آنکھ اور دماغ پر تالے اور پہرے لگانے کی ضرورت ہے۔ اِن کا ضرورت سے زیادہ استعمال آپ کے لیے مسائل لائے گا۔ بلکہ ہمارا مشورہ تو یہ ہے کہ ہر معاملے میں توقف سے کام لیں۔ جلد بازی اور فوری فیصلے سے باز رہیں۔ یہی طرزِ عمل فائدہ دے گا۔ وہ دوست احباب جن پر آپ تکیہ کئے بیٹھے تھے آپ کی توقعات پر پورے نہ اتریں گے بلکہ بوقت ضرورت شائد آپ کو نظر بھی نہ آئیں۔ اگر آپ ریس یا جوئے کے شوقین ہیں تو اس وقت ہاتھ روک کر رکھیں۔ مخالفین سامنے آئے بغیر ایسے اقدامات کرنے کی کوشش کریں گے جن سے وہ آپ کو عملی طور پر قابل قدر مالی امادی اور جسمانی نقصان پہنچا سکیں۔ جنسی زندگی کے حوالے سے بھی عجیب و غریب حالات و واقعات سے واسطہ رہے گا۔ بچوں اور افراد خانہ کی صحت کا خیال رکھیں ا خصوصاً بچوں کی صحت کے حوالے سے کچھ مسائل نظر آتے ہیں۔

14 ستمبر تا 10 نومبر

جو لوگ تعلیمی شعبے سے کسی طرح منسلک ہیں یا اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں یا حصول تعلیم کے لیے بیرون ملک جانے کے خواہش

ONLY WAY TO LEARN ASTROLOGY (PART-iii)

علم نجوم سیکھنے کا واحد طریقہ (حصہ سوم)

زیر بحث انگریزی کتاب Joan and Marison کی علم نجوم پر تحریر کردہ تین تحقیقی کتب میں سے ایک ہے۔ اس کتاب میں جو اہم موضوعات ہیں ان اہم ترین اُمور یہ ہیں۔

پہلے گھر کے مالک کے زائچہ کے بارہ گھروں میں اثرات، زائچہ کے دوسرے گھر کے مالک کے زائچہ میں بارہ گھروں میں اثرات، اس طور زائچہ کے باقی دس گھروں کے ملکوں کے زائچہ کے دیگر گھروں میں واقع ہونے سے جو احکام ابھرتے ہیں ان کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ اس کتاب کا ایک اور اہم موضوع چند اہم افراد کے زائچوں کا تفصیلی تکنیکی جائزہ ہے۔ اس کے علاوہ جسمانی اور ذہنی صحت، جسمانی ساخت، تعلقات، زوجین، اولاد، دوستوں، ماں باپ وغیرہ کے ساتھ اور انسان میں پیشہ ورانہ حوالے سے صلاحیتوں اور رجحانات کے بارے تفصیلی بحث کی گئی ہے۔ (فوٹو کاپی میں دستیاب ہے)

مند ہیں اِن کو اس وقت اچھے مواقع ملیں گے۔ وہ لوگ جو بانڈ نمبروں اور ریس وغیرہ جیسے کاموں میں پیشہ وارانہ بنیادوں پر ملوث ہیں اِن کے لیے اچھا وقت ہے۔ سمجھ داری سے کام لیتے ہوئے کافی آمدن ہو سکتی ہے۔ تاہم وہ جو شوقین ہیں اور تجربہ نہیں رکھتے وہ باز رہیں اِن کو فائدہ نہ ہوگا۔ اس عرصہ کے دوران اپنی کھانے پینے کی عادات اور دیگر معاملات پر نظر رکھیں۔ ضرورت سے زیادہ کھانا چاہئے "سگریٹ اور نشہ آور اشیاء کا استعمال عام

لوح رفع رجعت/نحوست زحل

ایسے تمام افراد جن کی زندگی میں تاخیر، التوا اور رکاوٹیں ایک لازمی امر ہے تو وہ یہ بات جان لیں کہ ان کے پیدائشی زائچہ میں زحل کا حالت رجعت/نحوست میں ہونا بھی اسی طرح لازم ہے۔ غربت اور تنگ دستی کے شکار لوگ بھی رجعت انحوست زحل کے تحت آتے ہیں۔ وہ تمام افراد جو کسی نہ کسی طرح زمین کی خرید و فروخت یا ایسا کوئی بھی شعبہ جو زمین سے منسلک ہو میں ہیں اور ان کو اپنے شعبہ میں خاطر خواہ کامیابی کی بجائے خاطر خواہ نقصان ہو تو ان کو بھی اس بات کو سمجھ لینا چاہیے کہ زحل ان کے زائچہ پیدائش میں حالت رجعت/نحوست میں ہے۔ خاص طور پر ان افراد کو خصوصی طور پر لوح رجعت/نحوست زحل کی ضرورت ہے۔ جن کی زندگی میں ٹھہراؤ کی کمی ہو اور اہم معاملات مستقل بنیادوں پر حل نہ ہوتے ہوں۔ سو آج ہی ادارہ سے رابطہ کر کے لوح رفع رجعت انحوست زحل بنوائیں اور زندگی کے امتحانوں کو ثابت قدمی سے پار کرتے جائیں۔

حالات میں بھی نہ ہو۔ تاہم اس وقت خاص طور پر یہ سب کچھ آپ کی صحت کے لیے غیر مفید اور حد درجہ نقصان دہ ثابت ہوگا اور آپ کو بیماری کی شکل میں باقاعدگی زکوٰۃ دینا ہوگی۔ اس عرصہ کے دوران سیر و تفریح کے مواقع ملیں گے تاہم سیر و تفریح میں مزاح کو ایک حد کے اندر رکھیں۔

11 نومبر تا اختتام سال

گزرے وقت کے کچھ فوائد ابھی ساتھ چلیں گے۔ معاشرتی عزت وقار کا تسلسل قائم رہے گا اور اب اس کا رخ آپ کے قریبی رشتہ داروں ہمسائیوں کی طرف ہوگا۔ اردگرد کے معاملات میں آپ سے رائے حاصل کی جائے گی۔ لوگ آپ کی مشاورت اور فیصلوں کو اہمیت دیں گے سو آپ کو بھی ان معاملات کے حوالے سے سنجیدہ اور اصولی طرز عمل اختیار کرنا چاہیے۔ وہ لوگ جن کا تعلق سفر کے ذریعے روزگار کمانے سے ہے ان کو بھی اس ماہ خصوصی فوائد کا حصول ہوگا گو مجموعی طور پر تمام ماہ مالی و مادی حوالے سے اچھے حالات واقعات کی نشاندہی کرتا ہے۔ اس کے علاوہ عورتوں اور فنون لطیفہ سے منسلک شعبوں کے افراد کے لیے بھی یہ وقت اچھا ہے۔ کاروباری لوگوں خصوصاً عورتوں کو نئی سمتوں میں کام کرنے کے مواقع ملیں گے۔ عمومی طور پر گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا اور افراد خانہ آپس میں اتفاق سے خوشگوار طریق سے رہیں گے۔ تاہم اگر کسی عورت کے ساتھ ناراضگی ہے یا ناجائز تعلقات ہیں یا ایسی ہی کوئی صورت حال ہے تو اس سے اپنے آپ کو محفوظ رکھنے کا بندوبست کر لیں۔ بہت ممکن ہے وہ آپ کے خلاف سامنے یا سامنے آئے بغیر کوئی ایسی حرکت کرے جو آپ کے لیے نقصان دہ ہو۔

جدی

یکم جنوری تا 22 جنوری

کیا آپ بے روزگار ہیں؟ اگر ایسا ہے یا آپ کوئی ذاتی کام کرنے کے خواہش مند ہیں تو اس وقت اُمیدیں پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ وہ جو پہلے ہی کسی روزگار سے منسلک ہیں اِن کو اس میں مزید کامیابی، ترقی اور نوکری میں عہدہ یا تنخواہ میں اضافہ جیسی خوشخبری ملے گی۔ خاص طور پر جذباتی رویوں اور مزاجی برہمی سے واسطہ پڑے گا اور اگر مزاج پر قابو نہ پایا گیا تو دوسرے لوگوں اور عزیز و اقارب کے ساتھ بدمزگی اور بدکلامی کی نوبت لازم آئے گی۔ ہمارا مشورہ ہے اس وقت اپنے اوپر قابو رکھیں اور بلاوجہ دوسروں پر غصہ اور رعب نہ ڈالیں۔ اس عرصہ کے دوران گھر کی عورتوں خصوصاً والدہ اور بڑی عمر کی خواتین کی صحت کے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ اس برج سے متعلق جو لوگ جائیداد وغیرہ کا کام کرتے ہیں یا اس وقت ذاتی حوالے سے خرید و فروخت یا کرایہ داری وغیرہ کے معاملہ میں ہیں اِن کو دھیان رکھنا چاہیے دھوکہ فراڈ اور بے وقوفی جیسے واقعات رونما ہو سکتے ہیں۔ زخمی ہونے کا امکان ہے۔ گھر کی مرمت یا ایسے دیگر کام خوب سوچ سمجھ کر کریں۔ زمین جائیداد اور مکانات وغیرہ کی خرید و فروخت جیسے کاموں سے فوائد کے حصول ہونے کا امکان ہے۔ ذاتی کاروبار یا نئی ملازمت کی تلاش اس عرصے میں ثمر آور ثابت ہوگی۔ پچھلے عرصے سے جاری سعد لمحات کا ثمر ملتا رہے گا اور کئی نئی سمتوں میں کامیابی کے حصول کی توقع کی جا سکتی ہے۔ وہ تمام لوگ جو معاشرتی یا کاروباری یا خاندانی حوالے سے کسی بہتر پوزیشن کے حصول کے لیے کوشاں تھے اب اِن کی تمنا پوری ہوتی نظر آتی ہے۔ افسران بالا یا حکومتی اداروں سے کوئی کام ہو تو اس کو نکلوانے کے لیے اچھا وقت ہے۔ گو مزاج میں کسی قدر احساس برتری آئے گا تاہم اس کو ایک حد کے اندر رکھنا بہتر ہوگا خاص کر اُس وقت جب آپ اپنے سے بہتر یا برابر پوزیشن کے حامل لوگوں سے مل رہے ہوں۔ خاندانی زندگی کے حوالے سے خوشی نصیب ہوگی اور ارد گرد کے ماحول میں اپنے آپ کو مطمئن اور آسودہ خیال کریں گے۔ جنسی رویہ خاندانی زندگی پر اثر انداز ہوگا۔ اس کا خاص خیال رکھیں۔

23 جنوری تا 24 مارچ

نوکری پیشہ افراد کو اس وقت محتاط ہو کر بسر کرنا چاہیے۔ افسران بالا آپ کی ہر ہر حرکت پر نظر رکھے ہوئے ہوں گے۔ یہ تو نہیں کہا جا سکتا کہ وہ آپ کو برطرف کرنا چاہتے ہیں تاہم یہ ضرور ہے کہ وہ آپ سے زیادہ سے زیادہ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ دکھانے کی خواہش رکھتے ہیں اور اگر یہ کہا جائے کہ اگر آپ اِن کو مطمئن کرنے میں کامیاب ہو گئے تو مستقبل میں ضرور اپنی محنت کا پھل پا سکیں گے۔ اسی طرح وہ افراد جو خاندانی یا شراکت کے کاروبار میں ہیں۔ اِن کے بڑے یا شریک کار بھی نسبتاً سخت رویے کا مظاہرہ کریں گے ایسی صورت حال میں ناامید ہونے کی بجائے یاد رکھیں یہ برائی کی شکل میں اچھائی ہے اور اس کا ثمر بہر حال آپ کو ضرور ملے گا۔ شرط صرف محنت اور محنت کی ہے۔ اپنے کام اور منصب کے ساتھ مخلص رہیں۔ بلاشبہ دوسروں کا بھلا نہ سوچیں اپنا بھلا سوچیں۔ وہ افراد جن کے والد حیات ہیں یا گھر میں اس درجہ کا کوئی اور بڑا بوڑھا ہے تو بہت ممکن ہے اس کی صحت کی خرابی وغیرہ سے واسطہ پڑے ایسی صورت میں علاج معالجہ پر توجہ دیں تاکہ معاملات میں زیادہ خرابی پیدا نہ ہو۔ تمام تو نہیں البتہ بہت سے افراد کا رجوع مذہب اور علوم مخفی کی طرف ہو سکتا ہے اور وہ مذہبی روحانی یا نجومی عملیاتی تعلیم کے حصول میں سنجیدہ ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کے ساتھ بھی ایسا ہے تو ضرور کوشش کریں کامیابی کا امکان ہے۔ اللہ کے فضل سے۔

25 مارچ تا 11 اپریل

اب تک آپ جن مسائل میں الجھے ہوئے تھے زیر بحث وقت میں ان سے نکلنے کے کافی زیادہ امکانات ہیں جاری کو ابھی حالت کئی حوالوں سے حالات میں بہتری اور معاملات کی اصلاح کا باعث ہوگی۔ ذاتی اور افراد خانہ ان کی صحت کے جو مسائل تنگ کر رہے تھے اب اس حوالے سے سکون نصیب ہوگا اور بڑے مسئلے حل ہو جائیں گے۔ عمومی حوالے سے اچھے حالات و واقعات کا سامنا ہوگا اور خوش حالی و سکون ملے گا۔ اعتماد میں اضافہ ہوگا اور ذہنی صلاحیتیں آگے بڑھنے اور اپنے کاموں کو بہتر انداز میں کرنے پر طبیعت مائل ہوگی۔ اس عرصہ کے دوران مالی اور کاروباری حوالے سے بہتر مواقع سامنے آئیں گے۔ وہ لوگ جو ایسے کاموں سے منسلک ہیں جن میں شہرت کا حصول ہو سکتا ہے اُن کو معاشرے میں نام اور مقام بنانے کا موقعہ ملے گا۔ التوائمیں پڑے کام مکمل ہونے کی سبیل نکلے گی۔ وہ افراد جو نوکری پیشہ ہیں ان کے اپنے مالکوں یا افسران بالا سے تعلقات میں بہتری آئے گی۔ ذہانت سے ان تعلقات کو اپنے مفادات کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

12 اپریل تا 11 مئی

یہ وقت بیرون ملک کے حوالے سے معاملات طے کرنے کے حوالے سے حد درجہ اہم ہے۔ قطع نظر اس بات کے کہ آپ بیرون ملک جانے کے خواہشمند ہیں، بیرون ملک کسی تعلیمی ادارہ میں داخلہ لینا چاہتے ہیں یا نوکری کے لیے جانا چاہتے ہیں یا کاروبار رہنے کے لیے ہر حوالے سے آپ کو کوشش کرنی چاہیے کامیابی کا کافی امکان ہے۔ عمومی طور پر بھی یہ وقت مالی و مادی حوالے سے مثبت احکام لیے ہوئے ہے۔ معاملات میں آسانی اور آسودگی حاصل ہوگی۔ معاشرے میں اچھی پوزیشن حاصل ہوگی اور نئے نئے تعلقات قائم ہوں گے۔ بانڈ ریس اور ایسے معاملات میں حصہ لینا ایک حد تک مفید ہوگا۔ نئے دوست بنیں گے اور سیر و تفریح کے مواقع ملیں گے۔ وہ جن کی ترقی رکی ہوئی تھی اب امکان ہے اس حوالے سے مطلوبہ مقاصد حاصل ہوں گے۔ بچوں کے معاملات میں آسودگی آئے گی اور جوان بچے روزگار کے حوالے سے اچھی خبر لائیں گے۔

12 مئی تا 2 جون

اس وقت مسائل اور ان کی نوعیت تبدیل ہو جائے گی تاہم مجموعی طور پر حالات غیر تسلی بخش اور غیر مطمئن کرنے والے ہی ہوں گے۔ ہاں اس وقت ایک مثبت بات یہ ہے کہ حالات کا دھارا موڑنے کی کچھ نہ کچھ صلاحیت اس وقت فطرت کی طرف سے آپ کو بھی ودیعت کی جائے گی اور وہ آپ کا طرز عمل اور طرز سوچ۔ آپ اگر مضبوط قوت ارادی اور ارتکاز توجہ کے حامل ہیں یا اس کا مظاہرہ اس وقت کر سکتے ہیں تو ہمارے حساب سے حالات کا رخ موڑنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ یوں آپ کے حالات و واقعات پر نظر ڈالی جائے تو حساب سے نظر آتا ہے کہ ذرائع آمدن میں کمی واقع ہوگی۔ روپیہ کا بہاؤ سست ہو جائے گا کہ آمدن کی نسبت اخراجات زیادہ ہوں گے۔ عمومی صحت کے مسائل اپنی جگہ تاہم اس عرصہ کے دوران اگر اس برج کے حاملین کو جلد یا نروس نیس کے مسائل کا سامنا ہو تو بہتر ہے فوری طور پر علاج پر توجہ دیں کیونکہ اِس حوالے سے اس عرصے کے دوران صحت کے مسائل بڑھ سکتے ہیں۔ اس عرصہ کے دوران ایک بات جس کا خاص طور پر دھیان رکھنا ضروری ہے وہ ہے آپ کے نئے نئے بننے والے تعلقات۔ یہ تعلقات کس قسم اور طبقہ کے لوگوں سے بن رہے ہیں۔ آپ جس بھی معاشرتی پس منظر کے حامل ہیں ایسے لوگوں سے تعلق جو معاشرتی طور پر آپ سے کمتر ہیں آپ کے لیے فائدہ مند نہ ہوگا۔ اہل خاندان اور حلقہ احباب میں اس وجہ سے آپ کی مخالفت پیدا ہوگی اور شاید کئی حوالوں سے یہ لوگ آپ کے بارے میں غیر محتاط رویہ اختیار کریں۔ سو جو بھی قدم اٹھائیں خوب سوچ سمجھ کر اٹھائیں۔

3 جون تا 26 جولائی

اس وقت کے بارے میں ہمارا مشورہ ہے کہ بہت زیادہ توقعات وابستہ نہ کریں اور اپنے آپ کو قائم کرنے کی کوشش کریں۔ مالی و مادی لحاظ سے تنگی کا سامنا ہوگا۔ یا تو آمدن کم ہوگی اور اگر آمدن ہوگی تو پھر خرچ ہونے کی بھی کوئی نہ کوئی سبیل نکل آئے گی۔ ایسے اوقات ہوں گے جو آپ کی صحت کو نفسیاتی اور جذباتی حوالے سے متاثر کریں گے۔ ہاں ایک بات ہے آپ اپنے مالی مادی اور دیگر معاملات میں ایک حد تک بہتری لا سکتے ہیں بشرطیکہ آپ حد درجہ ہوشیار اور محتاط روی کا طرز کار اختیار کریں۔ ذاتی طور پر بھی خرابی صحت کا خطرہ ہے۔ بانڈ اور ریس کے شوقین خواتین و حضرات زیادہ بڑی رقم نہ لگائیں، کم ہی چانس نظر آتا ہے۔ دوسرے معاملات میں تناؤ کی طرح اس عرصہ میں مخالفین اور تنقید نگاروں کا سامنا ہوگا۔ تاہم زیادہ پریشانی میں پڑنے کی بجائے معاملات کو کچھ عرصہ کے لئے التوائمیں ڈال دیں آنے

والوں دنوں میں کچھ نہ کچھ حل نکل آئے گا۔ شراکت سے آنے والی آمدن، وراثت اور خاندانی جائیداد کے حوالے سے کمزوری نہ دکھائیں، ورنہ آپ کے حق کے مارے جانے کا قوی امکان ہے۔ قطعاً سستی کا مظاہرہ نہ کریں۔

27 جولائی تا 13 ستمبر

کئی حوالوں سے ایک اچھا وقت ثابت ہوگا اور کئی اطراف میں کامیابیوں کا حصول ہوگا۔ اس بات کے قوی اشارے ہیں کہ کئی ایک جگہ سے دعوت نامے یا بلاوے آئیں گے اور اگر آپ ملنساری کا مظاہرہ کریں گے تو اس حوالے سے کافی مصروفیات رہیں گی۔ بیرون ملک جانا چاہے سلسلہ نوکری، کاروباری یا حج وعمرہ یا سیر کے لیے، جو بھی مقصد ہو اس میں حسب منشا امکانات نظر آتے ہیں تاہم اس عرصہ میں بیرون ملک جانے کے حوالے سے کسی ایجنٹ کو نہ تو رقم دیں اور نہ ہی مشکوک کاغذات پر سفر کریں ورنہ تمام تر سعادت کے باوجود مسائل اپنی جگہ قائم رہیں گے۔ افراد خانہ میں سے کسی کی خرابی صحت کے باعث پریشانی ہو سکتی ہے۔ اس کے علاوہ اخراجات کا دروازہ اس عرصہ میں زیادہ کھلا نظر آتا ہے۔ ماسوا ابتدائمیں سے اس شعبہ کو کنٹرول کریں۔ خفیہ دشمنوں اور مخالفین سے محتاط رہیں اگر کچھ لوگ آپ کے شدت سے مخالف ہیں تو پھر وہ آپ کے خلاف کوئی نہ کوئی خطرناک حرکت کر سکتے ہیں۔ مذہب کی طرف رجحان رہے گا اور روحانی و مذہبی رجحان رکھنے والے افراد کو حج، عمرہ، زیارت وغیرہ کا موقع ملنے کا امکان ہے۔

14 ستمبر تا 10 نومبر

وہ لوگ جو علوم مخفی سے تعلق رکھتے ہیں اِن کے لیے یہ وقت بہت اہمیت کا حامل ہے اُن کو اپنی دلچسپی کے شعبے میں اپنی اکملیت اور قابلیت کو بڑھانے کے مواقع ملیں گے۔ اچھا استاد بھی مل سکتا ہے۔ اس عرصہ کے دوران اس برج سے متعلق لوگوں کے تعلقات باپ کے ساتھ زیادہ خوشگوار نہ ہوں گے۔ خاص طور پر وہ لوگ جو اپنے باپ سے کوئی امید لگائے بیٹھے ہیں یا اُن کا خیال ہے کہ باپ کسی خاص حوالے سے اِن کے لیے مددگار ہوگا تو اس حوالے سے زیادہ امید لگانا فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔ شادی شدہ افراد کو سسرال کے رویے سے شکایت پیدا ہوگی اور اِن کی شکایت کافی حد تک درست بھی ہوگی۔ تاہم دل پر نہ لگائیں تو اتنا بڑا مسئلہ نہیں ہے۔ اس مسئلہ کو نکال کر دیگر گھریلو ماحول خوشگوار ہوگا اور گھر میں اچھے دن گزریں گے۔ قانونی معاملات کے حوالے سے پہلے وقت کی نسبت یہ وقت بہتر نہیں ہے سو اس حوالے سے لاپرواہی اختیار نہ کریں بلکہ مناسب اور ذمہ دارانہ طرز اختیار کریں۔ اِس طرح وہ افراد جن کے روابط غیر ممالک کے ساتھ ہیں یعنی کاروبار کر رہے ہیں یا باہر جانے کے خواہش مند ہیں یا ایسے ہی دیگر کوئی معاملہ ہے تو معمول کے کاموں سے زیادہ کچھ حاصل نہ ہوگا۔ اس حوالے سے کوئی بھی نیا کام پایہ تکمیل تک نہ پہنچے گا۔

11 نومبر تا اختتام سال

جاری وقت ایک دفعہ پھر معاملات میں کچھ تناؤ کی سی کیفیت لانے کا باعث ہوگا۔ خاص طور پر اخراجات میں ہونے والا اضافہ آپ کو تنگ کرے گا۔ اس کا مطلب آمدن میں کمی نہیں بلکہ مختلف امور میں ہونے والے فالتو اخراجات یا غیر ضروری تعلقات و خریداری کے باعث مالی پریشانی در آئے گی۔ سو اس سے بچیں۔ افراد خانہ میں خاص طور پر بچوں کی صحت کا دھیان رکھیں، بیماری کا خطرہ ہے۔ وہ نوکری پیشہ افراد جن کو بطور سزا موجودہ جگہ سے دور کی جگہ یا شہر ٹرانسفر کیا جاتا ہے وہ بھی سخت خطرے میں ہیں، بہت ممکن ہے مخالفین اس میں کامیاب ہو جائیں۔

دلو

یکم جنوری تا 22 جنوری

اب تک آپ جن مسائل میں الجھے ہوئے تھے زیر بحث وقت میں اِن سے نکلنے کے کافی زیادہ امکانات ہیں جاری کوا کبی حالت کئی حوالوں سے حالات میں بہتری اور معاملات کی اصلاح کا باعث ہوگی۔ ذاتی اور افراد خانہ ان کی صحت کے جو مسائل تنگ کر رہے تھے اب اس حوالے سے سکون نصیب ہوگا اور بڑے مسئلے حل ہو جائیں گے۔ عمومی حوالے سے اچھے حالات وواقعات کا سامنا ہوگا اور خوش حالی وسکون ملے گا۔ اعتماد میں اضافہ ہوگا اور ذہنی صلاحیتیں آگے بڑھنے اور اپنے کاموں کو بہتر انداز میں کرنے پر طبیعت مائل ہوگی۔ اس عرصہ کے دوران مالی اور کاروباری حوالے سے بہتر مواقع سامنے آئیں گے۔ وہ لوگ جو ایسے کاموں میں منسلک ہیں جن میں شہرت کا حصول ہو سکتا ہے اُن کو معاشرے میں نام اور مقام بنانے کا موقعہ ملے گا۔ التواء میں پڑے کام مکمل ہونے کی سبیل نکلے گی۔ وہ افراد جو نوکری پیشہ ہیں اِن کے اپنے مالکوں یا افسران بالا سے تعلقات میں بہتری آئے گی۔ ذہانت سے اِن تعلقات کو اپنے مفادات کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

23 جنوری تا 24 مارچ

اب جس وقت سے گزر رہے ہیں اس میں دماغ پر زیادہ زور دیے بغیر حصول کامیابی کے لیے مکمل توجہ اور دلچسپی کے ساتھ کام کریں۔ کیونکہ یہ ایسا وقت ہے جو ماضی میں پیش آمدہ مسائل میں آسودگی اور آسانی کا دعدہ کر رہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھایا جائے۔ وہ جو خوبصورتی کے خواہش مند ہیں وہ لوگ اور چہرے وغیرہ کو جوان بنانے کے لیے کامیاب کوشش کر سکتے ہیں۔ وہ لوگ جو تحریر وتقریر اور پرنٹنگ وغیرہ کے شعبوں سے متعلق ہیں اِن کو خاص طور پر کامیابی حاصل ہوگی۔ بانڈ ریس جیسے کاموں میں بھی کامیاب ہو سکتے ہیں بشرطیکہ کنیفوژن کا شکار نہ ہوں۔ سیر وتفریح کے مواقع ملیں گے۔ وہ جن کی شادی وغیرہ نہیں ہوتی اس وقت اس حوالے سے پیش رفت ہو سکتی ہے۔ یوں شریک حیات کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔

25 مارچ تا 11 اپریل

یہ وقت بیرون ملک کے حوالے سے معاملات طے کرنے کے حوالے سے حد درجہ اہم ہے۔ قطع نظر اس بات کے کہ آپ بیرون ملک جانے کے خواہشمند ہیں بیرون ملک کسی تعلیمی ادارہ میں داخلہ لینا چاہتے ہیں یا نوکری کے لیے جانا چاہتے ہیں یا کاروبار بزنس کے لیے ہر حوالے سے آپ کو کوشش کرنی چاہیے کامیابی کا کافی امکان ہے۔ عمومی طور پر بھی یہ وقت مالی ومادی حوالے سے مثبت احکام لیے ہوئے ہے۔ معاملات میں آسانی اور آسودگی حاصل ہوگی۔ معاشرے میں اچھی پوزیشن حاصل ہوگی اور نئے تعلقات قائم ہوں گے۔ بانڈ ریس اور ایسے معاملات میں حصہ لینا ایک حد تک مفید ہوگا۔ نئے دوست بنیں گے اور سیر وتفریح کے مواقع ملیں گے۔ وہ جن کی ترقی رکی ہوئی تھی اب امکان ہے اِس حوالے سے مطلوبہ مقاصد حاصل ہوں گے۔ بچوں کے معاملات میں آسودگی آئے گی اور جوان بچے روزگار کے حوالے سے اچھی خبر لائیں گے۔

12 اپریل تا 11 مئی

ایک ایسا وقت جو مٹھاس اور کٹھاس دونوں لیے ہوئے ہے۔ دراصل

اسرار حیات

پنڈت گردھاری لعل کا نام پچھلے زمانے کے ماہرین میں نمایاں ترین مقام پر رہا ہے۔ پنڈت گردھاری لعل علوم مخفی کے شعبے کے ایک معتبر مصنف ہیں۔ اسرار حیات کے نام سے اِن کی یہ کتاب اب ناپید ہے۔ اس میں تتوں، سُروں، پانچ جانوروں کو لے کر پیش گوئی، سوالوں کے جواب اور حالات وغیرہ کے بارے میں خاص علوم کو بیان کیا گیا ہے۔ اِن تینوں اُمور پر شاید ہی کوئی کتاب آپ کو مارکیٹ میں دستیاب ہو۔ اس کتاب کے آخری باب میں ہمزاد کے تین خاص اعمال بھی بیان کیے گئے ہیں۔ تتوں، سُروں اور پانچ جانوروں کا علم کیا ہے، اگر اس راز کو جاننا چاہتے ہیں تو اس علمی خزانے کو آج ہی اپنے لیے حاصل کریں۔ ادارہ راہنمائے عملیات نے اس کو امپورٹڈ کاغذ اور مجلہ کتابی شکل میں شائع کیا ہے۔

مسائل اور تناؤ بار بار سامنے آئیں گے اور ہمارے خیال میں آپ کو ان کی طرف سے منہ کو موڑتے ہوئے آگے بڑھنے کا سفر جاری رکھنا چاہیے۔ لوگ تناؤ اور مسائل پیدا کرنے والی گفتگو اور حرکات میں ملوث ہوسکتے ہیں تاہم اِن پر توجہ نہ دیں اور اگر آپ نے ایسا کیا تو کئی شعبہ حیات میں بہتر نتائج حاصل کر پائیں گے۔ پیشہ وارنہ زندگی میں کامیابی اسی طرزِ عمل کی مرہون منت ہوگی۔ دماغ میں گرمی ہوگی۔ نظر کے مسائل اور عمر اور دیگر وغیرہ جیسے امراض سے واسطہ پڑسکتا ہے۔ عزت وقار کے معاملات توجہ طلب اور بعض اوقات نازک صورت اختیار کر جائیں گے۔ معاملات صحت پر خصوصی توجہ دیں چاہیے آپ کی عمر اور جنس کچھ بھی ہو محتاط رہیں۔ روزمرہ امور اور ساتھ کام کرنے والوں کے ساتھ اپنی بات منوانے یا غلبہ حاصل کرنے کے حوالے سے مسائل پیدا ہوں گے۔ بیرون ملک سفر کے حوالے سے بھی معاملات سامنے آئیں گے تاہم سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔

12 مئی تا 2 جون

اختتام سال کے ساتھ ساتھ اچھے وقت کا تسلسل ابھی جاری رہے گا اور کہا جاسکتا ہے کہ معاشرے میں آپ کے مقام اور اچھی شہرت میں اضافہ ہوگا۔ صاحب حیثیت افراد، افسران اور دیگر لوگ فوائد دینے کا باعث ہوں گے۔ یہ اب آپ پر ہے کہ اس اچھے وقت کا فائدہ آپ کس طور اٹھاتے ہیں۔ آپ کے اعتماد میں اضافہ ہوگا۔ وہ جن کی ترقی رکی ہوئی ہے۔ اب سمجھ لیں اس کا وقت آگیا ہے۔ اس طرح حکومت کے پاس رکے ہوئے کاموں کی تکمیل نظر آرہی ہے۔ اس عرصہ میں بہتر اور اچھے لباس پر توجہ مرکوز ہوگی۔ گھریلو شخصیت اور کام کی جگہ پر نسبتاً بہتر ماحول بنانے کی کوشش کریں گے۔ مالی اور مادی حوالے سے اچھا وقت ہے اور جس طرف بھی توجہ دیں گے کچھ نہ کچھ کامیابی ضرور حاصل کرلیں گے۔ چاہے جزوی طور پر ہی کیوں نہ ہو۔ یہ وقت آپ کو کچھ نہ کچھ ضرور دے گا۔

3 جون تا 26 جولائی

یہ حالات پڑھنے والا اگر طالب علم ہے کسی بھی شعبہ کا، تو ذہن میں ڈال لے کہ بے توجہی اور لاپرواہی ویسے بھی بری ہوتی ہے اور اب حالات ہی ایسے ہیں کہ معمولی سی غلطی بھی تعلیمی سلسلے میں رکاوٹ اور مسائل لائے گی۔ باقی اپنی عقل سے بھی کام لیں۔ اس عرصہ کے دوران کھانے پینے اور خوش خوراکی کے زیادہ مظاہروں کی ضرورت نہیں ورنہ معدہ جواب دے دے گا اور ہضم سے متعلق مسائل پیدا ہوں گے۔ شرک حیات کے ساتھ تعلق

نظر لگنا

وہ بچے یا بڑے جن کو نظر لگ جاتی ہو یا عام طور پر معصوم چہرے والے یا خوبصورت شکل وصورت کے بچے یا اچھی عادات واطوار کے حامل بچے یا زیادہ پڑھنے والے یا اچھی کمائی کرنے والے یا ایسی ہی کسی دیگر خوبی کے باعث نظر سے متاثر ہونے والے بڑے چھوٹوں، لڑکے لڑکیوں اور بچوں کو کالے رنگ کے **اونکیس** کا استعمال کرنا چاہیے۔ نظر کے علاج کے لیے مفید اور موثر سحری جوہر ہے۔

میں بگاڑ اور بحث مباحثہ بڑھ جائے گا جو کسی بھی صورت ازدواجی اور گھریلو زندگی کے لیے بہتر نہیں ہے۔ کوشش کریں کہ زیادہ بحث میں نہ پڑیں گو آپ کی شریک حیات کی کوشش یا خواہش بھی ایسی ہی ہوگی سو اب یہ آپ پر ہے کہ آپ کیا طرز عمل اختیار کرتے ہیں۔ وہ لوگ جو بانڈ نمبرز یا ایسے دیگر ذرائع آمدن میں دلچسپی رکھتے ہیں اِن کو اس وقت غیر محتاط ہو کر روپیہ نہیں لگانا چاہیے۔ کم سے کم خرچ کریں یہی بہتر پالیسی اس وقت کی ہے۔ بچوں کی صحت اور دیگر معاملات پر توجہ دیں۔ صاحب اولاد افراد کو ایسے مسائل پیش آئیں گے جو آپ کے مزاج پر گراں گزر سکتے ہیں۔

27 جولائی تا 13 ستمبر

